انس شاہ خاموش کھڑے رہے۔۔

وہ۔۔بولے۔۔ "میری بات کا جواب نہیں ہے

سمجھا دو گی سمجھ اب بھی جاتا ہے اگر پیار سے

وہ دوسرا پراٹھا "سمجھائیں گے تو شاید سمجھ جائے

توے پر ڈالتیں بولیں۔۔۔

اور تمھیں لگتا ہے انس شاہ نے اپنے باپ کی سنی وہ برجستہ طنز خود بھی کر گئے "تھی سوائے اپنی ماں کے ۔۔افنین خاموشی رہ گئیں۔۔

تو اس رسم کو توڑ دیں۔۔۔انس شاہ نے کچھ اچھا بھی وہ انکے لیے ناشتہ تیار کر چکیں تھیں۔۔۔ "نہیں کیا انس شاہ۔۔۔ٹیبل پر جا کر بیٹھ گئے

افنین نے انکے آگے ناشتہ رکھا۔۔۔تو وہ کھانے لگے

۔۔۔

افنین۔۔البتہ انکے لیے دودھ کا گلاس رکھ رہی تھی تبھی زار آیا۔۔۔

اور خوشگواری حیرت سے ماں باپ کو دیکھ کر وہیں رک گیا۔۔۔۔

اسنے۔۔ایک نظر اپنی ماں کو دیکھا وہ کتنی۔۔پر سکون لگ رہیں تھیں انس شاہ کے ارد گرد کام کرتی ہوں۔۔۔ جب چہرے پر۔۔۔خوشی تو نہیں تھی مگر وہ بے چینی بھی نہیں تھی۔۔

زار۔۔۔ان دونوں کے قریب آیا۔۔اور چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا

"ہیلو ڈیڈ"

وہ مسکرا کر بولا انس شاہ نے چونک کر دیکھا۔۔۔

وہ بولا۔۔۔تو افین نے نفی کی "ہائے مام"

وہ بولا اور اسکے آگے پر اٹھا رکھ دیا۔۔۔۔"سلام کیا کریں

انس شاہ نے اسکے چہرے پر۔۔۔اطمینان دیکھا ۔۔۔وہ انکی اولاد تھی وہ اسکے لیے برا نہیں چاہتے تھے مگر عالیہ انکی محبت تھی

افنین نے اسکے گھنے "آج آپ آفس جائیں گے

بالوں میں ہاتھ پھیرہ۔۔

ڈیفنیٹلی۔۔۔

اگر کوئی ہمارا احساس کرے گا تو میں بھی اسکا

زارنہ چاہتے ہوئے بھی انس "احساس کروں گا

شاہ کو دیکھتا طنز کر گیا۔۔۔

مجھ پر طنز برسانے کی اور میری برابری کی تمھیں

ضرورت نہیں ہے۔۔۔

عالیہ کے ساتھ آج کے بعد بدتمیزی نہیں کرنا وہ

"بڑی ہیں تم سے اور یہ گھر انکا بھی ہے

کیا اس عورت کی موجودگی کی ہم تینوں میں

ضرورت ہے۔۔کیا آپکو لگتا ہے وہ عورت۔۔ہم لوگوں

وہ "میں ہونی چاہیے اور کچھ ادھورا ہے اس کے بنا

بولا تو لہجہ خود با خود سخت ہو گیا۔۔۔

افنین یہ جنگ اس وقت نہیں چاہتی تھی زار کا

ہاتھ تھام کر اسے روکنے لگی۔۔۔

زار کو انکا "ماں میں ان سے جواب چاہتا ہوں

روکنا اچھا نہیں لگا۔۔۔۔

جس دن تمھیں محبت ہو گی اور وہ تمھیں ملے گی نہیں اس

"دن تم سے یہ سوال کروں گا

میری ماں کے آگے میری محبت۔۔۔جوتے کی

اسنے جتا جی نظریں اٹھائیں۔۔۔۔ "نوک پر۔۔۔۔

میں تم سے بحث نہیں کرنا چاہتا یہ میری اپنی

مرضی تھی میری بیوی کی اجازت تھی اور میں

تمھیں اپنی زندگی میں کیے گئے کسی فیصلے کا جواب دہ

"نہیں ہوں۔۔

"تو ڈیڈ مجھ سے بھی ایسی ہی امید رکھیے گا

وہ انگلی اٹھا کر بولے "تم مجھے غصہ نہ دلواو تو بہتر ہے

اپنی نئی بیوی کے دل میں چین ڈالے وہ تو آپ بہت

"کچھ کر سکتے ہیں۔۔ میرے ساتھ ماں کے

وہ بھڑکے۔۔ "زار

افنین بولیں جبکہ "زار ناشتہ کرلو چپ چاپ

دونوں باپ بیٹے ایک دوسرے کو کھا جانے والی

نظروں سے دیکھنے لگے

آپ یہاں بیٹھیں۔۔ انکے ساتھ مجھے آپ دونوں کو

وہ بولا۔۔۔ تو افنین نے حیرانگی "اکٹھا دیکھنا ہے ہے

سے اسکیطرف دیکھا۔۔۔

جبکہ زار نے زبردستی اسے انس شاہ کے ساتھ بیٹھا دیا۔۔انس شاہ کے انداز میں کوئ فرق نہیں آیا جیسے یہ کوئ بڑی بات نہ ہو۔۔وہ چپ چاپ ناشتہ کرتے رہے۔۔

زار مطمئین سا ہو گیا۔۔۔

افنین اٹھنا چاہتی تھی انس شاہ نے خود "ناشتہ کرو ہی اسے بیٹھنے کا کہتے ناشتے کیطرف متوجہ کیا۔۔۔

کہ اس وقت۔۔اس دماغ خراب کے دماغ میں کوئ تو تسلی پیدا ہو۔۔۔۔

زار۔۔واقعی خوش دیکھائی دے رہا تھا۔۔

افنین انس شاہ کے ساتھ ناشتہ کر رہیں تھیں زار ان دونوں کے سامنے بیٹھا تھا۔۔۔

جبکہ عالیہ یہ منظر کمرے کے دروازے میں کھڑی بے یقینی سے دیکھ رہیں تھیں۔۔

ہاں پہلے انھیں افنین سے کوئی مسلہ نہیں تھا۔۔۔۔

مگر اب انکے دل میں جیلسی آٹھ چکی تھی۔۔کیونکہ افنین انس شاہ کے ساتھ انھیں بلکل اچھی نہیں لگ رہیں تھیں۔۔

وہ۔۔دوبارہ کمرے میں چلی گئیں یہ الگ بات تھی کہ انکی آنکھیں اس جیلسی سے بھیگنے لگیں تھیں

یہ عمر تو نہیں تھی جیلسی کی مگر پھر بھی وہ جل چلیں تھیں۔۔۔۔

دوسری طرف۔۔صدام اور نتاشہ بھی ٹیبل پر اچکے تھے صدام نے سلام کیا سب کو۔۔۔جبکہ

نتاشہ تو منہ پر ہاتھ رکھے افنین اور انس شاہ کو دیکھ

رہی تھی صدام کو البتہ فرق نہیں پڑا تھا کیونکہ

افنین بھی انس شاہ کی بیوی ہی تھیں۔۔۔

وہ۔۔خاموشی سے زار کے ساتھ بیٹھ گیا جبکہ اسکے

بیٹھتے ہی زار اٹھ گیا۔۔

اوکے میں آفس کے لیے ریڈی ہو کر آتا ہوں۔۔

اسنے ماں کو پیار سے "اور آپ اچھے سے ناشتہ کیجیے گا

کہا تو وہ مسکرا دیں

زار کے جاتے ہی فورا اٹھیں اور کچن میں چلیں گئیں

وہ بولے۔۔ "بہت بدتمیز ہے یہ تم فیل مت کرنا

تو صدام مسکرایا

اٹس اوکے۔۔

صدام نے کہا تو انس شاہ نے "ویسے گڈ ٹو سی یو بوتھ

کوئی جواب نہیں دیا

وہ "تمھاری ماں نہیں آئی اب تک میں لاتا ہوں اسے

کہہ کر چلے گئے جبکہ صدام کا شور بہت دل تھا آج

پر اٹھا کھانے کا

تانیہ طاہر ناولز

"نتاشہ مجھے پراٹھا بنا دو۔۔

نتاشہ چیخی۔۔۔۔ "میں

صدام ہنس دیا۔۔

وہ بولا تو نتاشہ کے دماغ "اب میری بیوی بھی تم ہی ہو۔۔

میں ایک بات آئی۔۔

اسنے صدام سے پوچھنا ضروری سمجھا۔۔

اگر۔۔ تمھاری دو بیویاں ہوتی۔۔ تو تم کس کے حق میں ہوتے

نتاشہ کے سوال پر وہ کھل کر ہنسا۔۔ "صدام

اسنے اسکا گال چھوا تو۔۔ نتاشہ کی خوشی کا "تمھارے

ٹھکانہ نہیں رہا

"اوکے میں میڈ سے بنوا دیتی وہ تمھیں پراٹھا

صدام زرا الجھ کر بولا۔۔ "نہیں یار تم خود بنا دو

نتاشہ کھکھلائی۔۔ "ہنی مجھے پراٹھا بنانا کب آتا ہے

صدام نے افسوس سے اسکی جانب دیکھا

"تو میرے لئے سیکھ لو

وہ ہنس دی "ارے

میرے نیلز خراب ہو جائے گے اور ویسے بھی یہ

دیہاتی لڑکیوں کے کام ہیں میں ایسے کام نہیں کرتی مگر

"تمھیں پسند ہے تو بنوا دیتی ہوں

وہ کہہ کر چلی گئ جبکہ صدام۔۔ گھیرہ سانس بھر کر عینہ کے بارے میں سوچنے لگا وہ رات بھی اسے دیکھی نہیں تھیں

وہ۔۔۔ اسکا منتظر تھا کہ وہ روم سے اجائے کیونکہ اسکے کالج کا وقت بھی وہ چکا تھا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

انس شاہ کی کسی بات کا جواب عالیہ کے پاس میں تھا۔۔

وہ بولے تو۔۔۔ عالیہ نے انکا ہاتھ اپنے بازو پر "کیا ہوا سے ہٹایا۔۔۔

وہ چیڑ کر بولی۔۔۔ "اپنی پہلی بیوی کے پاس جائیں

انس شاہ کا قہقہہ ابھرا

عالیہ برا مناتے بولی "ہنسنے کی بات ہے یہ

یار اٹس کامن۔۔افکورس وہ میری بیوی ہے۔۔

انھوں نے کہا"مگر تم محبت ہو

ہاں یہ بات ان کے سامنے تو آپ کبھی نہیں کہیں

وہ بولی۔۔ "گے

توانس شاہ نے شانے آچکاے

سب کے سامنے کہنے میں کیا حرج ہے میں

نے چوری تو نہیں کی۔۔۔

زاران سے آفس میں اپنے روم کی چابی لینے ایا تھا

عالیہ کی باتیں سن کر اسے لگا آگ اسکے قدموں

میں لگی ہے اور سر پر بھی بجھے گی نہیں۔

عالیہ مسکرادی۔۔

وہ انقریب یہ اطراف افنین اور زار دونوں کے

سامنے کرانے والی تھی۔

زار کی کی گئ بے عزتی کا احساس زرا کم ہوتا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

انس شاہ صدام اور زار تینوں ہی آفس چلے گئے تھے

جبکہ نتاشہ نے آج بھی عینہ کا دروازہ پیٹ ڈالا تھا اب

تو وہ لڑکی اسے مشکوک لگنے لگی تھی ہر وقت دروازہ بند

کیے پڑی رہتی تھی۔۔۔

مگر عینہ کچھ دیر میں ہی باہر اگئ اسکی آنکھیں زرا سوجی

ہوئ تھیں۔۔۔

تبھی نتاشہ نے اسے پکڑ لیا۔۔

کیا مسلہ ہے تمھارے ساتھ ہر وقت کمرے کو تالا

اسنے غصے سے پوچھا۔۔۔ "چڑھا کر کیوں رکھتی ہو

عالیہ بھی پیچھے آ گئیں افنین اپنے روم میں تھی

ٹھیک پوچھ رہی ہے وہ تم سے۔۔ تمھارا روم کل بھی لاک

تھا کل بھی کالج نہیں گئی چلو بخار تھا تمھیں۔۔ مگر

اب کیا ایشو تھا بیٹا پڑھائی وڑھائی چھوڑ دی ہے

عالیہ کے غصہ کرنے پر۔۔۔ عینہ پریشانی سے۔۔ "

نظریں جھکا گئی۔۔

اسکے پاس جواب نہیں تھا کوئی سوائے اس بات

کے کہ

سوری مما نیکسٹ ٹائم میں خیال رکھو گی۔۔۔ آئندہ

وہ بولی۔۔ تو۔۔۔ عالیہ نے زرا گھور "چھٹی نہیں کرو گی

کر۔۔۔ اسے۔۔۔ ناشتہ کرنے کا کہا۔۔

وہ ناشتہ کرنے ٹیبل پر بیٹھ گئی وہ ناشتے سے زیادہ اپنے ہونٹوں کو کاٹ رہی تھی کہ کہیں وہ اسے نوٹس نہ کر لیں اور اگر ایسا ہو گیا تو شاید وہ جان سے مار دیں گی۔۔اسکو

--

وہ۔۔اس سے پیار کرتی تھی مگر سختی بھی بہت کرتی تھی

--

عینہ نے ناشتہ کیا اور۔۔۔اپنی جگہ سے اٹھی

یہیں بیٹھو ایک بات کرنی ہے مجھے تم سے

عالیہ بولیں۔۔۔عینہ کے رنگ فق ہو گئے۔۔۔"

وہ بیٹھ گئی بے چینی سے پہلو بدلنے لگی۔۔

ناہید اسفر کے لیے تمھارا ہاتھ مانگنے آنا چاہتی ہے۔۔

عالیہ نے "ناہید آنٹی کو تو تم جانتی ہو نہ۔۔۔۔

اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔

اسنے غائب دماغی سے اثبات میں سر ہلا دیا

دماغ میں ایکدم جھٹکا لگا تھا اب یہ کون سا نیا امتحان اگیا تھا

ہاں تو اسفر کا بھی پتہ ہے تمھیں وہ۔۔۔ آنا چاہتی تھیں ۔۔پہلے سوچ رہی تھی صدام اور انس سے بات کروں لیکن پھر تم سے پہلے۔۔۔پوچھ لیا۔۔۔

وہ بولیں تو "تمھیں اس رشتے پر کوئی اعتراض تو نہیں

عینہ سر جھکا گئ۔۔اسکی آنکھوں سے۔۔آنسو۔۔۔ٹوٹ ٹوٹ کر گیرنے کو بے تاب تھے مگر وہ رو نہیں پا رہی تھی۔۔وہ انھیں کیسے کہتی۔۔۔کہ۔۔۔وہ نکاح کر چکی ہے۔۔۔

ہاں وہ اسے۔۔جان سے مار دیتی۔۔۔

وہ انکار کرنا چاہتی تھی۔۔۔لیکن انکار کی وجہ کیا ہو سکتی تھی انکار کی کوئی وجہ نہیں تھی

عینہ بولی نتاشہ "مما میں ابھی ابھی میں پڑھ رہی ہوں اسے۔۔اپنی تیز نظروں کے حصار میں لیے ہوئے تھی اسے عینہ کی حرکات کچھ ٹھیک نہیں لگ رہیں تھی

ہاں تو کون سا کل تمھاری شادی کر رہی ہوں۔۔۔بس ابھی منگنی کی رسم ہو جاتی ہے پھر دو سال تک

وہ اب قدرے نرمی سے بولیں۔۔۔ "شادی کر لیں گے انھوں نے بتایا تو وہ چپ ہو گئی۔۔اگر وہ زار کا نام لیتی تو اسکی۔۔۔ماں کیا ری ایکشن دیتی۔۔وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی آخر کس طرح یہ بات روکے

وہ۔۔۔اب "مما پلیز کچھ ٹائم بعد کر لیں گے منگنی عاجزی سے بولی۔۔

عالیہ کو حیرانگی ہوئی وہ رو دینے کو کیوں تھی۔۔۔

وہ پوچھنے لگیں عینہ "تم میرے غصہ کرنے پر ایسی ہو رہی ہو کی آنکھوں سے آنسو گیرنے لگے اور وہ نفی میں سر ہلا گئ

وہ اسکے پاس آکر "پھر کس بات پر رونا رہا ہے بیٹھ گئیں۔۔۔

وہ۔۔بولی اور آنسو صاف کیے تو "مما مجھے ڈر لگتا ہے عالیہ مسکرادیں وہ اسپر سختی کرتی تھیں تو وہ اکثر ایسی ہی ہو جاتی تھی۔۔

اب تم بڑی ہو گئ ہو عینہ اس میں ڈرنے والی تو کوئ وہ مسکرائیں تو نتاشہ اس ڈرامے کو "بات نہیں مزید دیکھے بنا اٹھ گئ اسے کچھ دیر تک اپنی ماں کے گھر جانا تھا۔۔۔

تبھی عینہ اور عالیہ ابھی باتیں کر رہے تھے کہ۔۔نتاشہ اگئ

۔۔

اسنے کہا تو "میں مما کے ہاں جا رہی ہوں

عالیہ نے سر ہلا دیا اور نتاشہ چلی گئ۔۔۔

جبکہ عالیہ نے عینہ کو بات کے اختتام پر یہ کہہ دیا تھا کہ کل پرسوں تک اسفر اور ناہید آئیں گے۔۔ تو وہ ریڈی رہے ابھی صرف منگنی کی رسم ہی ہو گی اور۔۔۔

عینہ چاہ کر بھی انکار نہیں کر پائ کیونکہ اسکے پاس کوئ انکار کی وجہ تھی ہی نہیں۔۔۔

وہ عالیہ کی باتیں غائب دماغی سے سنتی رہی جو اسے ۔۔۔اسفر کے بارے میں بتا رہی تھی اسفر کو وہ تو جانتی تھی مگر زار نہیں سنہ ہی اسفر کا کوئ کبھی ذکر کیا تھا اسنے زار سے۔۔ سنہ جانے وہ اس خبر پر کیا رویہ دے گا۔۔

وہ بے حد پریشان ہو گئی تھی شاید زندگی میں سے

سکون ہی نہیں رہا تھا۔۔

عالیہ باتیں کرتے کرتے زار تک پہنچ گئی تھی "اور وہ زار

عینہ اس نام پر چونک کر اپنی ماں کو دیکھنے لگی

کس قدر بد تمیز ہے منہ پھٹ ہے تم دیکھنا

اسکو تو اسی کے باپ سے سیدھا کرا دوں گی میں

عالیہ نے سر جھٹکا "

عینہ نے "مما ہمارا مسلہ تو نہیں۔۔۔انکل انکے رئیل بابا ہیں

زرا سی کوشش کی تھی ماں کو سمجھانے کی۔۔۔

میں نے کب منا کیا ہے وہ اسکا۔۔اصل باپ

نہیں مگر۔۔تم نے دیکھا کیسے تمھاری ماں کی عزت

افزائی کر کے گیا تھا اور صبح جان بوجھ کر مجھے

دیکھانے کے لیے افنین اور انس کو ساتھ بیٹھا کر

ناشتہ کرایا ہے اسنے تمھیں نظر نہیں آیا میری

اہمیت کم کرنا چاہتا ہے اور۔۔اگر وہ ایسی کوشش کرے گا تو۔۔۔پھر میں۔۔۔ہاتھ پر ہاتھ دھرے اپنی بے عزتی سنتی رہوں ایک بات تم یاد رکھنا عینہ تمھاری ماں ۔۔۔۔نے کبھی۔۔۔اپنی عزت پر کامپرومائز نہیں کیا

وہ غصے سے بولیں عینہ جانتی تھی اسکی ماں کے نزدیک اسکی عزت کتنی اہم ہے۔۔۔۔

وہ خاموش ہو گئی۔۔۔۔

کیونکہ اسکا کچھ کہنا۔۔۔کسی کو بھی اسکی طرف متوجہ کر سکتا تھا۔۔۔

عینہ کچھ دیر وہیں بیٹھی رہی اور۔۔عالیہ خود ہی تھک کر اٹھ کر چلی گئیں جبکہ۔عینہ۔۔۔۔اپنے روم میں اگئی۔

--

اسے بہت عجیب لگ رہا تھا سب کچھ سب ٹھیک ہی تو تھا۔۔۔

اگر زارانس شاہ کا بیٹا نہ ہوتا تو۔۔وہ آج اپنی ماں سے کہہ دیتی کے وہ کسی اور کو پسند کرتی ہے اور اسی سے شادی کرنا چاہتی ہے۔۔۔اسکا سر درد کر رہا تھا۔۔۔ان سب باتوں کو سوچ کر تبھی وہ لیٹ گئ اور آنکھیں بند کر لیں۔۔۔۔

جلد ہی اسکو نیند نے اپنے آغوش میں بھر لیا تھا سمجھ نہیں ارہا تھا محبت کو دیکھے یہ۔۔۔ماں کے فیصلے کو۔۔۔

صدام زار کے آنے کے۔۔بعد خود ہی ہر چیز سے پیچھے ہٹ گیا تھا اور یہ ایکطرح اچھا بھی نہیں تھا پہلے انکے۔۔گھر میں وہ رہنے لگے تھے اور پھر اسکے بیزنیس پر وہ حق جماتا یہ کچھ ٹھیک نہیں تھا۔۔ وہ اپنے کیبن میں بیٹھا اپنے کام کی فائل دیکھ رہا تھا صبح سے زار کو بھی کام کرتا دیکھ رہا تھا زار کا الگ ہی انداز تھا اسنے ایکدم ہی سارا کام سنبھال لیا تھا صدام ۔۔کو اچھا لگا تھا اسکا۔۔۔انداز کے وہ ہر کام میں کھرا تھا البتہ وہ صدام کے ساتھ۔۔رویہ اچھا نہیں رکھتا تھا نہ ہی وہ بولا تھا۔۔۔مگر۔۔انس شاہ سے ۔۔۔۔بات کرتا ہوا اور آفس میں ورک کرتا ہوا ۔وہ۔۔درحقیقت وہاں کا مالک ہی لگ رہا تھا۔۔

صدام اپنی فائلز بند کرکے۔۔۔اپنے منیجر کو کال کرنے لگا اسکی ایک چھوٹی سی کمپنی تھی۔۔۔

اور قدرت نے اسکو ایک بڑے سارے آفس کا

مالک بنا دیا تھا۔۔

مگر وہ لالچی نہیں تھا تبھی اپنے کام سے کام رکھا تھا

اسنے انس شاہ کے لاکھ کہنے کے باوجود اسنے زار کی

جگہ نہیں لی تھی۔۔وہ ایک پل کے لیے۔۔اپنی زندگی کو

سوچنے لگا۔۔۔۔

نتاشہ نے اسے اولاد نہیں دی تھی۔۔۔۔

اور بچے اسے بہت پسند تھے۔۔

نتاشہ سے محبت کی وجہ سے کبھی وہ اس بات کا

اظہار نہیں کر سکا کہ اسے۔۔۔

اولاد کی ضرورت ہے۔۔۔

مگر کب تک کب تک وہ صرف نتاشہ کے

بیگ گراؤنڈ کی وجہ سے خاموش رہے گا۔۔۔۔

نتاشہ کا بیگ گراؤنڈ بہت سٹرونگ تھا۔۔۔

اور اسے لگتا تھا کہ صدام۔۔۔اسکے پیسے کی وجہ سے کبھی منہ نہیں کھولے گا مگر اولاد وہ کمی تھی جس کو ۔۔نتاشہ پورا نہیں کر پا رہی تھی اور ہر گزرتے وقت کے ساتھ۔۔اسے۔۔۔اور بھی شدت سے اس کمی کا احساس ہوتا تھا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

نتاشہ اپنے گھر میں داخل ہوئی۔۔اور صوفے پر ڈھیر ہو گئی اسکی ماں پارٹی میں جانے کے لیے ریڈی تھی۔۔

اسے دیکھ کر۔۔لیونگ روم میں اگئیں

دونوں ماں بیٹی۔۔بہت فارمل انداز میں ایک دوسرے سے ملیں۔

وہ اس سے پوچھنے لگی "اور کیسی ہو کیسے آنا ہوا

نتاشہ "کچھ نہیں بس گھر پر بور ہو رہی تھی تو یہاں اگئ

نے شانے اچکائے

کب تک یوں پھیرتی رہو گی۔۔۔ تمھیں اولاد کی

اسکی ماں نے کہا تو وہ انھیں "ضرورت ہے۔نتاشہ دیکھنے لگی

کہاں سے لاؤ میں رپورٹ کے بارے میں آپ

وہ غصے سے بولی "جانتی ہیں پھر بھی ایسی باتیں کر رہیں ہیں

تم نہایت بیوقوف ہو۔۔اور۔۔بیوقوف ہی رہو گی

اللہ اللہ کر کے تو میری فکر ختم ہوئی ہے جب تمھاری اس بڈھی ساس نے انس شاہ سے شادی کی ہے

چلو تمھارا بیک گراؤنڈ تو مظبوط ہوا۔۔

انس شاہ کا بیٹا زندہ ہے ابھی اور وہ بھی ایسا اڑیل ہے کہ ۔۔۔جو آپ سوچے بیٹھیں ہیں ویسا کچھ نہیں ہو گا۔۔۔

ایک وہ گھر ہی ہے صدام کے نام اور چھوٹی سی کمپنی

---"

وہ بولی اور سر جھٹکا

تم تو ہی بیوقوف ۔۔۔انس شاہ جب تک تمھاری ساس کا عاشق رہے گا تب تک تو تم لوگوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا کتنے آرام سے تم انس شاہ کی پراپرٹی اپنے

نام اتروا سکتی ہو مگر۔۔ یہ تب ہو گا جب تمھارے ہاں

"اولاد ہو گی یہ صدام کے اولاد ہو گی

کک۔۔ کیا مطلب آپ کی اس بات کا صدام

وہ زرا گھور کر انھیں دیکھنے لگی۔۔ جبکہ انھوں نے۔۔ "کی اولاد

نفی میں سر ہلایا

تمھیں ہزار بار کہا ہے کسی غریب غربہ کو پکڑ کر

صدام کی شادی کرا دو۔۔ بچے لو اور اسے ہیک کرا کر۔۔

وہ بولیں تو "بچوں کی ماں بنو اور سٹرونگ ہو گھر میں

نتاشہ نے تالی بجائی

بہت اعلیٰ ایک میرا شوہر۔۔۔۔ ہے اور آپ

اسکو بانٹنے کی بات کر رہی ہیں۔۔

میں صدام سے بہت محبت کرتی ہوں اور وہ بھی مجھ

سے سوال ہی پیدا نہیں ہو گا میں کسی اور سے اسکی

وہ۔ بھڑکی "شادی ہونے دو

میں تمہارا کچھ نہیں کر سکتی پھر بیٹھو یوں ہی اکیلی میں جا رہی ہوں آج اگر بچے ہوتے تو روز منہ اٹھا کر ۔۔۔نہ ادھر ادھر نکل جاتی ماں سمجھا رہی ہے مگر ابھی تو محبت کا بھوت سوار ہے۔۔جب عمر تھوڑی سی بڑھے گی تو یہ محبت کا بخار اتر جائے گا اور وہ غصے "تب تمہیں پتہ چلے گا۔۔۔اولاد کتنی ضروری ہے سے بھڑکتی کہہ کر وہاں سے چلی گئیں جبکہ نتاشہ نے غصے سے واس اٹھا کر پھینک دیا۔۔۔

شادی سے پہلے سے ہی وہ بچوں سے نفرت کرتی تھی مگر اسے یہ پتہ نہیں تھا کہ اسکے ہی بچے نہ ہوئے تو اسکو کیا کچھ سننا پڑے گا اور بچے کتنے اہم بن جائیں گے۔۔

وہ خود ہی کچھ دیر میں اٹھ کر وہاں سے نکل کر دوبارہ گھر آ گئی تھی۔۔

رات وہ تینوں ساتھ ہی واپس لوٹے تھے زار الگ گاڑی میں تھا جبکہ صدام اور انس شاہ ایک ساتھ زار نے اپنی گاڑی روکی اور۔۔وہ گاڑی کی چابی۔۔ڈرائیور کیطرف اچھال کر۔۔اندر چلا گیا جبکہ انس شاہ بس اسے گھور کر رہ گئے۔۔۔

اس لڑکے کو کتنی بار سمجھایا ہے گاڑی خود پارک کیا کرو انس شاہ "مگر نہیں سمجھ کچھ نہیں آتی اسکو بڑبڑائے تو صدام مسکرا دیا۔۔۔

۔اسے یہ موقع "میں نے آپ سے بات کرنی تھی ٹھیک لگا تھا

انس شاہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔

ایکچلی میں اب اپنے بیزنیس پر فوکس کرنا چاہتا ہوں توزار آنے لگا ہے تو میں اپنی کمپنی پر فوکس کروں گا۔۔۔

وہ کمپنی چھوٹی ہے یہ بڑی میرے باپ کی ہے اور مجھے اسے ہی چلانا ہے آپکے اسرار پر پہلے بھی میں نے آپکی کمپنی جوائن کی تھی تو اب میں وہاں نہیں آنا چاہتا

صدام بولا تو انس شاہ خاموش ہو گئے "

حنین کی کمپنی ایک ڈوبی ہوئی کمپنی ہے تم کوشش کرو کہ اس سسٹم کو بند کر دو اور۔۔۔ میرے ساتھ

"جوائنڈ ہو جاؤ

انس شاہ کی بات پر پہلی بار صدام نے انھیں سرد نظروں سے دیکھا تھا۔

حسنین خان کی کمپنی چھوٹی تھی یہ بڑی۔۔انکانام

چلانے کی لیے انکابیٹا ہے۔۔۔

اسنے کہا توانس شاہ خاموش ہو گئے۔۔۔"

اور صدام گاڑی سے باہر نکل گیا۔۔۔

دوسری طرف سے انس شاہ بھی نکل گئے دونوں

اندر ائے تو عالیہ کھڑی تھی۔۔وہ روز انکا ویلکم کرتی تھی

ابھی زار گزر کر گیا تھا تب وہ یہاں نہیں تھیں انھوں

نے پہلے بیٹے کو پیار کیا اور پھر انس شاہ کو سلام

کھانا آج میں نے ریڈی کیا ہے۔۔۔اجائیں آپ

وہ بولیں توانس شاہ اور "لوگ جلدی فریش ہو کر

صدام سر ہلا کر چلے گئے۔۔

دوسری طرف۔۔عالیہ اور عینہ نے مل کر ٹیبل لگائی کچھ ہی دیر میں سب فریش ہو کر اگئے

جبکہ انکے بیچ افنین اور زار نہیں تھے انس شاہ نے میڈ کو پکارہ

وہ بولے تو عالیہ کو نہ جانے "زار اور افنین کو بلاؤ کیوں اچھا نہیں لگا اب۔۔افنین اتنی بھی اہم نہیں تھی کے اسے یاد کیا جاتا۔۔۔

ملازمہ چلی گئ تو۔۔۔زار جو اپنی ماں کے پاس بیٹھا تھا ان سے باتیں کر رہا تھا اس بلاوے پر خوش ہوا تھا ۔۔۔اور صبح ناشتے کا منظر یاد آگیا۔۔

تبھی وہ منہ دھو کر۔۔بال پیچھے کرتا۔۔بلیک شرٹ کی کف کہنیوں تک فولڈ کیے باہر نکلا پیچھے افنین بھی تھی تو انکی

فیملی کو ٹیبل پر جمع دیکھ اسکا حلق تک کڑوا ہو گیا

وہ انس شاہ کے عین سامنے والی چیئر پر بیٹھ گیا جو کہ سربراہی کرسی تھی۔۔

سب خاموشی سے کھانا کھا رہے تھے افنین زار کے پاس بیٹھی تھی۔۔زار بے حد سنجیدہ تھا صرف اپنی ماں کی وجہ سے ورنہ وہ یہاں کبھی کسی صورت نہ بیٹھتا۔۔۔

عینہ اسے چور نظروں سے دیکھ رہی تھی آج تو پورے دن بعد دیکھا تھا۔۔۔

ورنہ مختلف اوقات میں نظروں کا تصادم ہو جاتا تھا زار تو اس سے بلکل بیگانہ تھا۔۔۔

عینہ۔۔پلیٹ میں چمچ یوں ہی چلا رہی تھی۔۔۔بنا کچھ کھائے

افنین نے زار کے لیے کھانا نکالا۔۔۔اور زار نے خاموشی سے کھانا شروع کر دیا۔۔۔۔

پہلا لقمہ لیتے ہی وہ "کس نے بنایا ہے یہ کھانا پلیٹ دور کرتا بولا۔۔۔

سب نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔

وہ چلایا۔۔۔"سکینہ

افنین نے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھا "زار مما میں کھانے میں اتنی مرچیں نہیں کھاتا یہ بات سکینہ جانتی ہے اس کا دماغ تو نہیں حل گیا جو ڈبے پلیٹ دیے اسنے مرچوں وہ بھڑکا۔۔۔"کے

عینہ کے "مگر کھانے میں مرچیں تو نہیں

منہ سے بے ساختہ نکلا تھا۔۔اور منہ سے نکلتے ہی

اسے زار کی آنکھوں میں اپنی موت دیکھائی دینے لگی

اسنے سب کے سامنے معافی "س۔۔۔سوری

مانگ لی عالیہ نے عینہ کو گھور کر دیکھا کہ کس

بات پر اسنے معافی مانگی ہے۔۔

سکینہ دوڑ کر باہر آئی۔۔

وہ زار صاحب آج تو تمام کھانا چھوٹی بیگم نے بنایا

ہے۔۔۔میں معافی چاہتی

"میں آپکے لیے کچھ بنا دیتی ہوں

وہ بولی تو زار پلیٹ پیچھے کرتا کھڑا ہو گیا

وہ "ایک کھانا بھی حرام ہے اس گھر میں

اکھڑ کر بولتا جانے لگا۔

انس شاہ اسکی ساری حرکتیں دیکھ رہے تھے

افنین شرمندہ سی تھی

زار۔۔ سپائیسی کھانا نہیں کھاتا۔۔۔ بچپن سے ہی۔۔

وہ چپ ہو گئ۔۔ "کھانا اچھا بنا ہے۔ مگر۔۔

انس شاہ "تو کل سے اسکے لیے کھانا تم خود بنا لینا

بھی جانتے تھے یہ بات اور زار۔۔ اکثر سکینہ پر

بھڑکتا تھا کھانے میں مرچوں کی وجہ سے

بہت تبھی انس شاہ بولے۔۔۔۔

تو افنین نے سر ہلا دیا

وہ کہہ کر خود بھی اٹھ گئ اور زار کے "جی ٹھیک ہے

کمرے کیطرف بڑھ گئ جبکہ سکینہ نے سارا کام چھوڑا

جو عالیہ نے اسے کہا تھا کہ وہ۔۔۔

روٹیاں ڈال دے۔۔۔ اور زار کے لیے کھانا بنانے لگی

عالیہ کے دل میں اور بھی جلن اٹھ گئی تھی زار کے نام کی کہ وہ ایسی بھی کیا توپ چیز ہے جو اسکے ہاتھ کا بنا کھانا نہیں کھا سکتا اور انس شاہ اسے سپورٹ کر رہے تھے اس معاملے میں۔۔۔

اسے شدید غصہ آیا۔۔اور عینہ اس بات پر گھبرا رہی تھی کہ آگے کیا ہو گا اسکے منہ سے نکلا ہی کیوں۔زار سے بچنے کے لیے۔۔۔اج اسنے سوچ لیا تھا وہ روم میں نہیں جائے گی اسے ڈر لگ رہا تھا ابھی سے ہی

---

www.BestUrduBook.com

سکینہ نے اسکا کھانا بنا دیا تھا۔۔۔زار نے اپنے روم میں ہی کھانا کھایا۔۔۔۔

۔۔ "کیا کھانے میں مرچیں زیادہ تھیں افنین نے پوچھا تو وہ۔۔ نفی میں سر ہلانے لگا

وہ "اتنے زہریلے ہاتھوں نے بنایا تھا میں کیوں کھاتا بولا تو افنین نے سر تھام لیا

"کسی دن پیٹ جاؤ گے زار اپنے باپ سے

وہ نخوت سے بولا۔۔۔۔ "آویں

اسنے کہا۔۔۔ تو افنین نے سر نفی "بچہ نہیں ہوں میں ہلایا

"آپ نے سنا۔۔اس عورت کی میسنی بیٹی کو

زار نے کلس کر کہا

افنین اسکا کمرہ ٹھیک ہے "عینہ کی بات کر رہے ہو کرتیں بولیں

وہ شانے اچکا کر بولا۔۔۔ "ہاں جو بھی ہے وہ اچھی بچی ہے ڈری سہمی سی رہتی ہے کبھی کھل کر بولتی بھی افنین نے کہا تو۔۔ زار نے ماں کیطرف "نہیں۔۔۔ دیکھا

وہ پانی کا گلاس لبوں سے لگا گیا "اتنی بھی اچھی نہیں ہے اب میں نے تمھیں یہ تو نہیں کہا اسے پسند کرو وہ ہنس دیں۔۔۔ "

زار کچھ نہیں بولا

آپکو ان میں سے کسی کی فیور کی ضرورت نہیں ہے ۔۔۔"

وہ اٹھتے ہوئے بولا۔۔۔

اب عینہ کے پیچھے مت پڑ جانا۔۔۔اور زیادہ مت سوچو

"فریش ہو جاؤ

افنین اسکے کپڑے الماری میں لگاتی بولیں۔۔۔تو۔

زارا ایک پل کے لیے رک گیا

اسکے پیچھے پڑنے سے تو ماں آپ بھی نہیں روک

۔۔۔وہ بڑبڑایا۔۔۔اور۔۔واشروم میں چلا "سکتیں

گیا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

عالیہ کا انداز انس شاہ کے ساتھ روکھا روکھا

سا تھا۔۔۔

انس شاہ نے انکا ہاتھ پکڑا

وہ پوچھنے لگے "کیا مسلہ ہے ایسے کیوں پریشان پریشان ہو

عالیہ نے "انس۔۔کیا وہ کھانا اچھا نہیں تھا

بھیگے لہجے میں پوچھا

انس شاہ ہنس دیا۔۔اور اسکے آنسو صاف "ارے

کیے

افکورس اچھا تھا مگر زار بچپن سے ہی سپائیسی فوڈ

نہیں کھاتا۔۔اسے چیڑ ہے زیادہ مرچوں والے

کھانے سے۔۔اور۔۔بہت ہنگامہ کھڑا کر دیتا ہے

اگر اسکی پسند کا کھانا نہ بنے اور ویسے بھی تمھیں کیا

ضرورت ہے کسی کے لیے محنت کرو تم صرف

میرے لیے بناؤ۔۔زار کا کھانا اسکی ماں بنا لے گی

انس شاہ نے سمجھایا۔۔"

وہ "مگر پھر بھی۔۔اسطرح انسلٹ کر دی اسنے میری

آنسو صاف کرتیں بولیں

اچھا تم تو تو مت میں کل پوچھتا ہوں اس سے ویسے

"اس لڑکے میں تہذیب کی شدید کمی ہے

اسطرح تربیت کی ہے افنین نے اسکی وہ بلکل لحاظ

وہ۔۔بولیں تو انس شاہ نے۔۔۔نے گھیرہ "نہیں کرتا۔۔

سانس بھرا۔۔۔

دیکھو عالیہ۔۔۔اسکے لیے ابھی مشکل ہے یہ سب

برداشت کرنا میری توجہ کا بٹ جانا وہ صرف

یہ چاہتا ہے اسکا باپ صرف محبت کرے تو

اس سے۔۔۔کسی اور کو نہ دیکھے اسکی ماں محبت

کرے اس سے کرے وہ ہر رشتے اور جزبے کو لے کر

بے حد جزباتی ہے اور یہ بات اب کی نہیں ہے

تمھارے آنے کے بعد ایسا ہوا ہے میں جانتا ہوں

یہ اسکی عادت ہے میری توجہ کے بٹنے کی

وجہ سے وہ۔۔ایسا۔۔ہارڈ رویہ دیتا ہے۔۔تم اس سے بات کیا کرو بولا کرو۔۔۔

"عادی ہو جائے گا تمھارا

زار نہ ہوا جانور ہو گیا جسے عادت ڈالوں میں

عالیہ نے دل میں سوچا اور سر جھٹکا۔۔"اپنی منہ سے نہیں کہا کیونکہ وہ دیکھ سکتیں تھیں انس شاہ کو بھی زار سے محبت ہے۔۔

وہ بولیں "اچھا مجھے عینہ کے بارے میں بھی بات کرنی تھی انس شاہ۔۔کی ساری توجہ اسکیطرف تھی "ہاں بولو میری دوست ناہید اسفر اپنے بیٹے کے لیے عینہ کا رشتہ مانگنے آنا چاہتی ہے۔۔ویسے تو میں جانتی ہوں عینہ ابھی چھوٹی ہے مگر۔۔اسکی بہت خواہش ہے ہر روز فون کر کے۔۔بہت فورس کرتی ہے تو میں نے بھی

سوچا چلو منگنی ہو ہی جائے شادی پھر اسکی
عالیہ "تعلیم مکمل ہونے کے بعد ہو جائے گی
نے بات مکمل کی۔۔

"عینہ بہت معصوم ہے تم لگتا ہے اسفر اسکے لائق ہے
انس شاہ نے۔۔۔کہا تو عالیہ ہنس دی

کیوں نہیں بہت تہذیب والا بچہ ہے۔۔پڑھا
لکھا ہے۔۔۔۔اچھی پوسٹ پر ہے۔۔۔اور مجھے تو بہت
عالیہ کے کہنے پر انس شاہ مسکرا رہے "پسند ہے
ٹھیک ہے پھر تمھیں پسند ہے تو۔۔۔کوئی مسلہ نہیں
انس شاہ کی بات پر وہ مسکرا دیں۔۔۔"

جبکہ انس شاہ ہنس دیے۔۔۔۔

چلیں پھر میں اسے کل آنے کا کہتی ہوں ڈیٹ
وغیرہ فائنل کر لیں گے آپ اسفر سے ملیں گے

وہ بولی تو انس شاہ نے سر اثبات میں ہلایا "کہ اور لیپ ٹاپ کھول لیا عالیہ بالکنی میں ناہید سے بات کرنے آئیں۔۔ تو سیدھا نظر گیٹ کے پاس۔۔ لون کی گھاس پر بیٹھے زار پر گئی وہ اس کالی رات میں۔۔ اپنے دو کتوں سے کھیل رہا تھا۔۔۔

دونوں کتے اس پر چڑھتے تو کبھی اسکو پیار کرتے۔۔ جبکہ وہ بلیک ٹی شرٹ اور جینز میں بے حد ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔

اسکے ہسنے کی آواز لون میں گونج رہی تھی۔۔۔

عالیہ چند لمحے اسے دیکھتیں رہیں اور پھر۔۔ نفرت سے۔۔ سر جھٹکا۔۔

اور جھولے پر بیٹھ کر ناہید کو کال ملالی۔۔۔

نتاشہ بیڈ پر بیٹھی تھی۔۔۔اسنے فیل کیا تھا آج کل صدام آفس ورک میں زیادہ ہی بیزی ہو گیا تھا نہ اسے ٹائم دیتا تھا نہ ہی توجہ۔۔

وہ بولی۔۔وہ بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی جبکہ صدام "صدام صوفے پر بیٹھا ورک کر رہا تھا۔۔

وہ مصروف سا بولا۔۔ "ہاں بولو

کیا تمھیں میرے علاوہ بھی کوئی پسند آ سکتی ہے اسنے ایسے ہی پوچھ لیا"

صدام نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔

وہ سنجیدگی سے بولا وہ "میں نے کیا کبھی کہا ہے ایسا اس وقت کافی مصروف تھا اور یہ سوال اسکے نزدیک بے حد فضول تھا۔۔۔

وہ محبت کرتا تھا اس سے دیٹس ایٹ

نہیں میں نے ویسے ہی پوچھ لیا۔۔

تم انس شاہ کے۔۔ بیزنیس میں اچھے سے انولو ہو

نتاشہ "رہے ہو ویسے یہ ہمارے حق میں اچھا ہے

مسکرائی

دماغ ٹھیک ہے تمھارا۔۔ میں دوبارہ سے اپنی کمپنی جوائن

صدام نے اسے اطلاع دی "کر چکا ہوں

نتاشہ تو حیران رہ گئی "واٹ

صدام تھکا تھکا سا صوفے کی پشت سے ٹیک لگا "یس

گیا

تم پاگل ہو۔۔ جہاز کو چھوڑ کر۔۔ تم دوبارہ سے ایک چھوٹی

نتاشہ تلخی سے بولی۔۔ "کشتی میں سوار ہو گئے ہو

جبکہ صدام کو اسکا رویہ برا لگا۔۔۔

وہ تیوری چڑھا کر بولا تو۔۔ "تم کیسے بات کر رہی ہو۔

نتاشہ سٹپٹائی۔۔۔

س۔۔ سوری ہنی بٹ۔۔۔ میں حیران ہوں ہمارے پاس۔۔ انس شاہ کی کمپنی کو اپنے نام کرانے کا اچھا موقع تھا"

"نتاشہ سیریسلی۔۔ مجھے اب حیرانگی ہو رہی ہے

صدام۔۔۔ کو غصہ آیا۔۔۔

میں نے ایک دن بھی ایسا نہیں سوچا اور تم کیا کچھ وہ بھڑکا "سوچے ہوئے ہو

نتاشہ کو بھی غصہ آیا "تم مجھ پر غصہ کر رہے ہو صدام

تو اور کیا کروں تم نے اپنی بکواس سننی ہے میں

وہ بولا "خوش ہو اس میں جو میرے پاس ہے

اور دوبارہ لیپ ٹاپ دیکھنے لگا نتاشہ تو غصے سے کھولنے لگی

صدام کے غصے سے واقف تھی۔۔ تبھی زیادہ بحث نہیں کی وہ کبھی کبھی ہی غصہ کرتا تھا مگر جب کرتا تھا تو کچھ نہیں دیکھتا تھا۔۔ نتاشہ تبھی ہر وقت سوئیٹ رہتی تھی کہ وہ غصہ نہ کرے۔۔۔

نتاشہ نے پوچھا۔۔ تو۔۔۔ "صدام تمھیں اولاد چاہیے

صدام نے اسے۔۔ دیکھا

صدام کو آج اسکی باتیں فضول "تم خرید کر لانے والی ہو لگ رہیں تھیں

ن۔۔ نہیں۔۔ خریدنے کی کسی بات ہے میں سوچ

وہ بولی شاد اسے "رہی ہوں تمھاری دوسری شادی کرادوں

ٹیسٹ کرنا چاہتی تھی کہ وہ کیا ریایکشن دیتا ہے مگر

صدام کے انداز میں وہی لاپرواہی تھی۔۔

اللہ نے مجھے اولاد دینی ہو گی تو تم سے ہی دے دے گا۔۔۔

اسنے کہا۔۔ "فالتو باتیں کم سوچو اور سو جاؤ

تو نتاشہ خوش ہو گئ۔۔ یعنی اتنی اہمیت تھی صدام کی

اسکی نظر میں مگر یہ تو بہت غلط ہوا تھا کہ

انس شاہ کے بیزنیس سے صدام الگ ہو گیا

تھا۔۔۔ اسنے سوچا صبح مما سے اس موضوع پر

بات کرے گی

وہ اپنے کتوں سے کھیل کر اپنے روم میں جانے لگا کہ رک گیا۔۔۔

عینہ کا روم اسکے بلکل اوپوزیٹ تھا۔۔۔اسے کچھ دیر پہلے کی بات یاد آئی ماتھے پر کئی بل ڈالے وہ اس کے کمرے کیطرف بڑھ گیا صدام کا کمرہ دیکھا دروازہ بند تھا۔۔۔اسنے عینہ کے کمرے کا دروازہ کھولنا چاہا مگر دروازہ لاک تھا

اسنے سوچا۔۔۔گویا "یعنی اب مجھ سے چھپا جا رہا ہے وہ جان گیا تھا وہ اپنی بات کی وجہ سے اس سے چھپ رہی ہے۔۔۔

اسنے اپنی پاکٹ میں سے چابی نکالی اور دروازہ کھول لیا۔۔دروازہ کھول کر وہ اندر ایا۔۔تو اندر بلکل اندھیرہ تھا

اسنے لائٹس اون کر کے دیکھا مگر یہاں کوئ نہیں تھا۔۔وہ اس سے چھپ رہی تھی ڈر گئ تھی۔۔۔

زار۔۔۔کو غصہ آنے لگا۔۔۔

حالانکہ اسنے کہا تھا وہ کسی کی حمایت نہیں لے گا خاص کر عالیہ کی تو قطعاً نہیں۔۔

وہ کہاں ہو سکتی تھی لون سے تو وہ خود ارہا تھا

حال میں وہ کھڑا تھا۔۔۔اور انس شاہ کے کمرے میں اس وقت وہ ہو نہیں سکتی تھی۔۔

صدام کا روم بھی لاک تھا۔۔۔

وہ اندازے کے مطابق ٹیرس کی جانب بڑھنے لگا

۔۔

ٹیرس پر مکمل اندھیرہ تھا۔۔۔

عینہ اسکے بھاری قدموں کی آواز پر پہلے ہی ڈر کر چھپ گئی تھی پیچھے کیطرف زار سمجھ گیا تھا وہ ادھر ہی ہے کیونکہ اسکی تیزی پکڑتیں سانسیں۔۔۔صاف سنائی دے رہیں تھیں

زار۔۔۔نے۔۔۔ٹیرس کا بلب اون کیا۔۔عینہ نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے

وہ "ایم سوری م۔۔مجھے مسیں بہت زیادہ سوری ہوں زار رونے والی ہو رہی تھی۔۔

زار سرد "تمھیں سزا ہے بنا معافی نہیں ملے گی۔۔۔ لہجے مسیں بولا یہ الگ بات تھی اسکی کیو ٹنیس پر وہ اسکی طرف بلاوجہ ہی مائل ہو رہا تھا۔۔۔

عینہ نے بے چارگی سے دیکھا زار نے انگلی کے اشارے سے اسے پاس آنے کو کہا جبکہ وہ خود دیوار کو ٹیک لگا چکا تھا تیز ہوا ٹھنڈی تھی۔۔

عینہ کے بال اڑ کر اسکے چہرے پر آنے لگے جبکہ وہ۔۔۔

معصومیت سے۔۔۔اسکیطرف بڑھ رہی تھی

عینہ اسکے نزدیک سس گئ

زار کو اسوقت اسپر غصہ "تم مجھ سے چھپ رہی تھی

نہیں ارہا تھا نہ جانے کیوں۔۔۔۔

تبھی اسنے عینہ کو مصنوعی گھورتے۔۔۔ہوئے پوچھا۔۔

عینہ نے جلدی سے اثبات میں سر ہلا دیا۔۔۔

وہ سختی سے بولا۔۔ "کیوں

عینہ جھکے جھکے سر سے بولی۔۔۔ "ڈر لگ رہا تھا۔۔

زار نے اسے نزدیک کر لیا۔۔ "اب کہیں لگ رہا

عینہ کی پلکیں جھک گئیں۔۔۔

وہ رک گئ۔۔زار کا بازو اسکی "ل۔۔لگ رہا ہے۔۔مگر

کمر میں حائل ہوا تھا۔۔۔

عینہ سٹپٹای۔۔۔ شرم سے چہرہ سرخ ہو گیا۔۔۔۔

وہ گھمبیر لہجے میں بولا اور نظر اسکے دوپٹے کے "مگر

زرا سے سرکتے ہی اپنے دیے گئے نشان پر گئ۔۔۔

عینہ کے معاملے میں وہ اس وقت شدت سے

بے اختیار ہونے لگا تھا۔۔۔

جھجھکتے ہوئے۔ "مگر آپ غصہ نہیں کریں گے وہ بولی۔۔

اسنے انگلی سے اسکے بال کان کے پیچھے کیے۔۔۔ "کیوں

عینہ کا دل دھڑک رہا تھا دل کی دھڑکن کی آواز زار

باخوبی سن سکتا تھا۔۔

وہ بولی۔۔۔ "کیونکہ میں سوری ہوں

زار نے اچانک اسکی گردن جکڑ کر اسے دیوار سے لگا دیا

۔۔۔

عینہ کی آنکھیں پھٹ گئیں۔۔

"اب بتاؤ کیا لگتا ہے تمھیں

اسکے بے رخی سے کہنے پر۔۔۔عینہ بے بسی سے بولی "زار

--

سخت نفرت ہے مجھے تم سے تو اپنے انداز کی

وہ "دلفریبی سے مجھے لبھانے کی ضرورت نہیں

بھڑک کر بولا

--

اور اسے خود سے دور دھکیلا۔۔۔

عینہ کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔۔ "جھوٹ

زار کا ضبط جواب دینے لگا "عینہ تھپڑ مار دوں گا میں

وہ سر جھکا گئ۔۔ "مار دیں مگر یہ مت کہیں

زیادہ نہیں زبان چل رہی دو منٹ میں زبان بند کرا

وہ اسکا چہرہ اپنی سخت انگلیوں "دوں آگ تمھاری

میں جکڑتا بولا۔۔۔

عینہ اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔

مزید تم مجھے فریب نہیں دے سکتی ایک بار

وہ ان آنکھوں سے "دھوکا کھالیا ہے تم سے میں نے

نگاہیں چڑاتا۔۔غصے سے بولا۔۔۔

م۔۔ میں نے غلط کیا آپکو بتایا نہیں مگر۔زار۔۔

آپ آپ خود بتائیں میری محبت جھوٹی ہے کیا

وہ رونے لگی "۔۔۔

ہاں جھوٹی ہے صرف جھوٹ ہو تم۔۔ تمھارے ساتھ

میں نے شئیر کیا کہ میرا باپ میری ماں کے

وہ دیوار میں مکہ "ساتھ کیا کرتا ہے اور تم محظوظ ہوتی رہی

مارتا بھڑک کر بولا۔۔

ایسا نہیں ہے۔۔م۔۔۔میں ڈر جاتی تھی۔۔کہ جس

وہ سسکی۔۔ "دن آپکو پتہ لگے گا اس دن کیا ہو گا

وہ۔۔اسکی گردن پھر سے دبا گیا "تو کیا ہوا اس دن

۔۔

وہ کچھ نہیں بولی سسکتی رہی۔۔۔

کیا ہوا عینہ اس دن۔۔۔۔تم صرف قابل نفرت

وہ رک گیا "ہو۔اگر تم۔۔پہلے مجھے آگاہ کر دیتی تو میں

۔۔

تو آپ کیا کرتے زار۔۔۔م۔۔مجھے چھوڑ دیتے۔۔۔۔ہمم

ایسا ہی ہے کہ میں میں اسی بات سے ڈرتی ہوں کہ

وہ اسکی شرٹ "کہیں آپ مجھے چھوڑ نہ دیں۔۔

کو مٹھیوں میں بھینچتی بولی۔۔۔

مجھ سے تمھیں اگر کوئی امید ہے تو تم سراسر بیوقوف

وہ طنزیہ مسکرایا۔۔ "لڑکی ہو

ع۔۔عینہ آخری سانس تک صرف زار کی ہے۔۔۔

وہ۔۔نرمی سے بولی "میری محبت میں کھوٹ نہیں

۔۔اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔

زار۔۔۔ان آنکھوں سے نگاہیں چرانے کے باوجود بھی چرا

نہیں پارہا تھا۔۔

زار نے اسکا ہاتھ جکڑا اور اسے لیے نیچے اترنے لگا۔عینہ

جانتی تھی وہ اسے اپنے روم میں لے جائے گا۔۔

عینہ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا

وہ اپنے آنسو "ز۔۔زار اسکے نتائج بہت برے ہوں گے

صاف کرنے لگی

یہ ہی تو میں چاہتا ہوں۔اسکے برے برے نتائج

وہ مسکرا دیا۔۔۔ "سامنے آئیں

عینہ۔۔۔حیران رہ گئ۔۔۔

وہ طنز کرنے لگا "کیا ہوا محبت بھک سے اڑ گئ۔۔۔

وہ۔۔دور ہوئ۔۔۔۔ "میری ماں کی سزا مجھے مت دیں

تمھیں کس نے کہا تمھاری ماں کی سزا تمھیں مل رہی

ہے۔۔۔یہ تو۔۔مجھے دھوکا دینے کی سزا ہے کہ روز

وہ اسکی گردن کی "تمھیں۔۔تمھارا جرم چھپانا پڑتا ہے

جانب اشارہ کرتا بولا لہجے میں طنز تھا تمسخر

تھا۔۔۔

کب۔۔کب تک دیں گے مجھے یہ سزا۔۔سب

وہ بے بسی سے بولی۔۔ "مجھے نوٹ کرتے ہیں

زار لاپرواہی سے بعلا۔۔ "تمھارا مسلہ ہے

وہ رودی۔۔۔ "زار

زار نے۔۔ بنا مزید کوئ بھی بات سنے اسے بازوں میں اٹھا لیا عینہ اسی کی شکایت اسی کے سینے سے لگی کرنے لگی

آپ بہت برے ہیں زار بہت برے آپکو مجھ پر یقین نہیں وہ رو رہی تھی۔۔

جبکہ زار بس سن رہا تھا اسنے کچھ نہیں کہا۔۔۔

وہ اسے اپنے روم میں لے آیا۔۔۔

اور اسے اتار کر۔۔ اسنے روم کا دروازہ لاک کر لیا۔۔۔

عینہ کے چہرے پر خوف و حراس کی لہر اٹھ رہی تھی۔۔

اسنے حکم دیا۔۔ "وہاں جا کر لیٹ جاؤ

وہ اسے روکنا چاہتی "زار پلیز مت کریں ایسا۔۔۔

تھی۔۔۔۔

کل پھر اسے سب کی نظروں سے بچنا پڑتا۔۔۔

وہ "تو تم چاہتی ہو۔۔ کہ میں تم سے سختی سے پیش آؤں

۔۔غصے سے چیخا۔۔۔

عینہ کا دم نکل گیا۔۔۔

وہ جلدی سے اسکی بتائی ہوئی جگہ پر جا کر بیٹھ گئ

۔۔

چہرے پر رنگ اڑ رہے تھے۔۔

پریشانی سے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے۔۔

اسکے پاس کوئی چارہ نہیں تھا

۔۔

زار نے اپنی ٹی شرٹ اتاری۔۔۔صوفے پر پھینکی روم کی لائٹس آف کیں۔۔

عینہ۔۔ادھر ادھر دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

مگر اندھیرہ تھا۔۔

زار نے۔۔نائیٹ بلب اون کر دیا۔۔اور۔۔اسکے برابر اکر بیٹھ گیا

عینہ گھبرا کر بیچ میں فاصلہ بنا گئ۔۔

زار نے اس فاصلے کیطرف دیکھا

وہ "دو تھپڑ لگا کر تمھارا دماغ سیٹ کر دینا چاہیے مجھے بھڑکا۔۔

عینہ اسکے نزدیک ہو گئ۔۔۔

زار نے اسکی کمر میں بازو حائل کیا۔۔۔

اور اسے اپنے ساتھ۔۔بیٹھا لیا۔۔۔

عینہ۔۔کی نظریں جھکی ہوئی تھیں اٹھنے کا نام نہیں لے رہیں تھیں اسنے سختی سے آنکھیں بھینچ لیں آگے کیا ہونے والا تھا۔۔

جبکہ زار اسکے فیس ایکسپریشن دیکھ رہا تھا اسنے بنا کچھ کہے ایل سی ڈی اون کی اور۔۔ایک ہارر موووی لگالی۔۔

وہ جانتا تھا عینہ کا دم اور کس کس طرح نکالنا ہے ایک ہی طریقے سے اسکی جان نہیں نکالنی تھی

کمرے میں موووی کی آواز گونجی عینہ نے پٹ سے آنکھیں کھولیں۔۔۔

ایک نظر ایل سی ڈی کی طرف دیکھا دوسری زار کیطرف جس کی توجہ بلکل اسکیطرف نہیں تھی ابھی وہ سوچ ہی رہی کہ۔۔اچانک اٹھنے والی چیخ سے عینہ کی بھی چیخ نکل گئی زار نے اندھیرے میں اپنی ہنسی کا گلہ گھونٹا تھا۔۔

عینہ اب پھٹی پھٹی نظروں سے سکرین کیطرف دیکھ رہی تھی۔۔گویا دیکھنا بھی نہیں چاہتی تھی اور دیکھ بھی رہی تھی سکرین پر ہارر سین تھا۔۔لڑکی کا گلہ۔۔۔ایک ہاتھ نے جکڑ ہوا تھا اور اس لڑکی کو انھیرے میں کھینچ رہا تھا

عینہ۔۔چیخنے لگی "زار۔۔زار۔۔بند کریں پلیز بند کریں زار اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا اسکا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔

زار کی سرد آواز ابھری۔۔عینہ نے۔۔۔ہاتھ ہٹا کر ا "آئے سکو۔۔بے چارگی سے دیکھا

جب تک میں دیکھ رہا ہوں تب تک دیکھو بنا کسی چیخوں پکار کے ورنہ تمھیں اس کمرے سے نکلنے نہیں دوں گا پھر صفائیاں دیتی رہنا اپنی ماں کو۔۔کہ کیوں تھی تم اسنے دھمکایا۔۔۔تو۔۔۔عینہ "میرے کمرے میں

اسکی دھمکی میں کہاں آتی ایسا ممکن ہی نہیں تھی

--

ڈرتے۔۔ڈرتے۔۔۔اسنے مووی دیکھی تھی

کبھی وہ آنکھیں میچ لیتی تو۔زار اسے زور سے چٹکی کاٹ دیتا۔تو اسے آنکھیں کھولنی پڑتی۔۔

کبھی وہ زار کو ہی پکڑ لیتی

کبھی شرما کر۔۔چہرہ جھکا پیتی۔۔

تو کبھی۔۔کسی سین پر ہنس پڑتی پھر زار کے گھورنے پر

۔۔۔ایکدم اپنی ہنسی روک لیتی۔۔

اسے زار دنیا کا ظالم انسان لگ رہا تھا مووی ٹھیک سے دیکھی بھی نہیں تھی کہ۔۔اسکا سر زار کے شانے پر لڑھک گیا۔۔

وہ سو گئی تھی زار کا میرٹھ گھوما وہ کہاں کی ملکہ تھی یہ اسکی سزا تھی کوئی لطف اندوز پارٹی نہیں اسنے عینہ کو جھنجھوڑ دیا

عینہ نیندوں میں سرخ نظروں سے اسکا چہرہ دیکھنے لگی۔۔

زار۔۔بے ساختہ ضبط کھوتا اسکے چہرے پر جھکا تھا ۔۔عینہ کی نیند بھک سے اڑی وہ کچھ دیر میں اسکو تارے دیکھتا تا دور ہوا۔۔۔

جاگتی رہو اب تم اگر تم سوئے تو۔۔یاد رکھنا۔۔۔

زار۔۔نے "تھپڑوں سے منہ سرخ کر دوں گا آنکھیں بند کر لیں۔۔

عینہ نے اسکا شانہ ہلایا "زار مجھے ڈر لگے گا

"زار نے آنکھیں کھول کر اسے بری طرح گھورا۔۔

وہ چپ ہو گئی۔۔ "س۔۔سوری

وہ تنگ آتا بولا "اب بولنا مت اور نہ سوری کہنا

عینہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔

۔۔ "جی۔۔سوری اب نہیں بولو گی

زار نے آنکھیں کھولیں۔۔

عینہ ڈر گئی۔۔ "س۔۔سوری

اسنے منہ پر ہاتھ "زار نے دانت پیسے۔۔ س۔سوری

رکھ لیا زار نے جبکہ ایک لمبا سانس کھینچا اور ا

سکی گردن میں ہاتھ ڈال کر اسے کھینچ لیا۔۔

اور سر تک کمبل اوڑھ لیا۔۔۔

۔۔ "یو میڈ میں کریزی

آواز ابھری تھی۔۔۔

عینہ کمرے سے نکلی اسے سخت نیند ارہی تھی۔۔۔

وہ اپنے روم کے دروازے پر تھی کہ۔۔عالیہ کی آواز پر

چیخ پڑی۔۔

اور۔۔۔آنکھیں پھاڑ کر دیکھنے لگی۔۔

زارکا "کہاں سے ارہی ہو تم کیا حلیہ بنایا ہوا ہے

کمرہ بلکل دوسری سمت میں تھا تو۔۔شک کا

کوئی چانس تو نہیں تھا مگر وہ جواب طلبی کر رہی

تھی

"م۔۔ما۔۔مما میں

انس شاہ کی آواز پر اسنے دوپٹہ ٹھیک "کیا ہوا ہے

کیا

اس لڑکی کو دیکھ رہی ہوں۔۔ آج اسکا رشتہ پکا کرنا ہے

ڈھنگ سے رہنا بھی نہیں آتا اسکو۔۔۔ جاؤ کمرے

عالیی خود ہی غصہ کرتی بولیں تو۔۔۔ "میں

عینہ شرماتی کمرے میں بند ہو گئ۔۔۔

تیز تیز سانسیں لے رہی تھی۔۔۔

انس شاہ نے کہا "کیوں ڈانٹتی ہو اسکو

آپ نے دیکھا نہیں۔۔ کیسے گھر میں پھیر رہی

عالیہ خفا ہونے لگی " ہے

وہ کہتے انھیں لے گئے "کچھ نہیں ہوتا۔۔۔ چلو واک پر

زار۔۔ناشتے کی ٹیبل پر فریش سا آیا تھا وہاں حالات ویسے ہی تھے وہ چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا جس سے افنین نے وعدہ لیا تھا وہ کم از کم ہی بولتا تھا آفس بھی جانے لگا تھا

ایک نظر اسنے یونیفارم میں نیند سے جھولتی ہوئی عینہ پر ڈالی۔۔اور کافی کا مگ اٹھا لیا۔۔

افنین نے اسکے سامنے ناشتہ رکھا تو اسنے اپنی ماں کے ہاتھ چوم لیے

وہ بولا اور۔۔افنین مسکرا دیں انس شاہ بھی "تھنکیو

پر سکون دکھ رہے تھے کہ وہ بنا کسی ہنگامے کے آج بیٹھا

ہے۔

عالیہ غصہ کرنے لگی "عینہ کتنی نیند ارہی ہے تمھیں

عینہ سٹپٹا کر سیدھی ہوئی۔۔

اسنے کہا اور پلیٹ پر جھک گئ "س۔۔سوری مما

کسی کی سخت نظروں کا احساس ہوا تو زار پر سیدھا

نگاہ گئ وہ ضرورت سے زیادہ ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔اسی

کیطرف دیکھ رہا تھا کسی کا بھی لحاظ کیے بنا۔۔

عینہ نے نگاہ پھیر لی۔۔۔۔

زار بولا تو۔۔۔انس "ڈیڈ مجھے دو منتھس کا ریکارڈ چاہیے پیچھلا

شاہ نے سر ہلایا۔۔

"وہ۔۔میں نے کل فائلز بھجوائے تو تھی تمھیں

مگر اس فائلز میں ریکارڈ نہیں تھا۔۔ میں

مریم کو بھیجوں گا آپ فائلز اسے دے دیجیے گا مجھے

اسنے تفصیلی "سائیٹ پر جانا ہے۔۔ اسکے علاوہ

بتایا

زارکا۔۔ لہجہ اسکی بات کا انداز "اوکے ٹیک کیئر

۔۔ اسکا رویہ عالیہ کو چبھ رہا تھا یعنی وہ باپ پر بھی

کیسے حکم چلا رہا تھا۔۔۔۔

کوئی نیچے ہونے والی بات نہیں تھی اور باپ کو تو دیکھو کیسے

مان رہا ہے اسکی

جبکہ عینہ تو اسکی آواز کے روعب میں آگئی تھی۔

عالیہ نے پوچھا "واپسی کب ہے تمھاری

عینہ نے بتایا "دو بجے

نہیں پھر مت جاؤ آج۔۔اسفر اور ناہید آئیں گی تو۔۔تم۔۔کالج سے اس حلیے میں آو گی اچھا نہیں لگتا ٹیبل پر خاموشی تھی۔۔۔"

عالیہ بول رہی تھی زار کی نظروں میں الجھن تھی۔۔۔

جبکہ عینہ کو لگا اسکا دل کانوں میں دھڑک رہا ہے رات وہ ساتھ تھے مگر وہ پھر بھی اسے اسفر کے بارے میں نہیں بتا سکی تھی

مما۔۔۔ٹھیک کہہ رہی ہیں۔۔عینہ۔۔تم آج چھٹی کر لو صدام بولا۔۔۔۔"کل چلی جانا

عینہ۔۔نے سر جھکا کر اثبات میں ہلا دیا

زار ناشتہ کر چکا تھا مگر اٹھا نہیں۔۔۔

چہرے پر سخت تاثر لیے بات کی تہہ جانا چاہتا ہو جیسے۔۔۔

مگر۔۔اسکی فون کال بجنے لگی تھی تبھی اسے اٹھنا پڑا۔۔۔

عینہ نے اسکی پشت دیکھی تھی اسے۔۔۔کچھ بہت برا ہونے کا احساس ابھی سے ہو رہا تھا

عالیہ نے عینہ کو کالج جانے سے روک لیا تھا ۔۔۔زار۔۔آفس چلا گیا تھا۔۔جبکہ صدام بھی۔۔ انس شاہ آج گھر پر تھے عینہ بے حد گھبرائی ہوئے تھی۔۔

وہ نہیں جانتی تھی زار اس بات کا کیا ری ایکشن لے گا

ایک طرف زار کی فکر تھی تو دوسری طرف نتاشہ کی کھوجتی ہوئی نظریں جیسے کچھ تلاش رہی ہوں

عینہ آج روم کا دروازہ بند کر ہی نہیں سکتی تھی کیونکہ عالیہ اور نتاشہ بار بار اجار ہیں تھیں گھر میں زبردست کھانے کا اہتمام ہو رہا تھا

انس شاہ کو درحقیقت عالیہ نے روکا تھا کہ وہ گھر پر رو کے کہیں پیچھے زار آکر اسکی بے عزتی نہ کرے مہمانوں کے سامنے۔۔۔

انس شاہ نے اسکی بات کی نفی بھی کی مگر عالیہ کے ایک نہ سننے پر انھیں اسکی بات چار نچار ماننی ہی پڑی۔۔۔

عالیہ البتہ آج بہت خوش تھی۔۔۔

اسنے عینہ کو۔۔۔نیا جوڑا دیا اور اسے تیار ہونے کے لیے کہا۔۔جبکہ نتاشہ کو اسکی مدد کا کہا۔۔۔

اور خود کچن میں اگئیں دیکھنے کے لیے جو چیزیں انھوں نے کہیں تھیں۔۔وہ بن بھی رہیں ہیں یہ نہیں۔۔۔۔ مگر جیسے ہی وہ کچن میں آئی تو سکینہ عجلت میں۔۔۔ کچھ اور بنا رہی تھی جب کہ انکا سارا سامان ایکطرف پڑا تھا

کیا کر رہی ہو سکینہ۔۔۔ تھوڑی ہی دیر میں مہمان ا وہ زرا غصے "جائیں گے تم نے کھانا تیار نہیں کیا ابھی میں بولیں۔۔

چھوٹی بیگم صاحبہ زار صاحب کی طبعیت خراب ہو گئی ہے انھوں نے فون کر کے۔۔۔مجھے سوپ بنانے کا کہا ہے۔۔ابھی ملازم لینے آرہا ہے میں بنا "دوں پھر آپ کا کام کر دوں گی

سکینہ۔۔۔سوپ میں سامان ڈالتے ہوئے بولی۔۔۔تو عالیہ کا بس نہیں چلا اس منحوس زار کے ہئ ٹکڑے کر دے۔۔۔

وہ کافی نفرت سے بولیں تھیں "کیا ہوا ہے اسے

سکینہ نے اسکی شکل دیکھی۔۔۔

شاید۔۔انھیں بخار یہ زکام ہوا ہے۔۔انکی آواز بھی بہت خراب لگ رہی تھی جی لیکن جو بھی ہوا ہے غلط ہی ہوا ہے مطلب اگر وہ بیمار ہو جائیں تو سارا گھر سر پر اٹھا لیتے ہیں۔۔۔بڑے صاحب اور بڑی بیگم صاحبہ بھی پریشان ہو جاتی ہیں۔۔جی ہم تو دعا سکینہ کے تو "کرتے ہیں کہ وہ بیمار ہی نہ ہوں۔۔۔۔

طوطے ایسے آڑے ہوئے تھے جیسے زار بیمار نہ ہو گیا۔۔

پرائم منیسٹر بیمار ہوا ہو۔

عالیہ نے بمشکل تمام ضبط کیا تھا۔۔۔

وہ بولی "اچھا تم۔۔۔ سبزیاں کاٹو میں چمچ چلا لیتی ہوں

تو سکینہ نے چمچ پر گرفت تنگ کر لی

نہیں میں کر لیتی ہو۔۔ آپ بس تھوڑی دیر انتظار

وہ بولی اور فریزر میں سے انڈے لینے کے لیے "کر لیں

مڑی

عالیہ کو اسکی یہ حرکت بہت بری لگی تھی

۔۔

اول تو اسکا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا مگر سکینہ کی

حرکت نے۔۔ اسے تپ چڑھا دی تھی تبھی

اسکے مڑتے ہی اسنے۔۔ مرچوں کا ڈبہ اٹھایا اور

۔۔ زار کے چائنیز ویجیٹیبل سوپ میں اسنے

مرچیں الٹ دیں۔۔۔۔

اور جلدی سے پیچھے ہٹ گئ

وہ بولی اور ہاتھ جھاڑ کر "جلدی بنا کر باقی کام شروع کرو

مسکراتی ہوئی چلی گئی۔۔۔

جبکہ سکینہ نے سر ہلا کر

۔۔جلدی جلدی اپنا کام مکمل کیا تھا کچھ دیر میں

ملازم اگیا تو۔۔ سکینہ نے سکون کا سانس لیا اور

ملازم کو۔۔باول پکڑا کر۔۔وہ اپنے کام پر چلی گئی۔۔

عالیہ کھڑی ہوئی اس ڈبے کو جاتے ہوئے دیکھ

رہی تھی۔۔

تبھی وہاں افنین آ گئی۔۔وہ نماز پڑھ کر آئی تھی۔۔۔

اسنے پوچھا "تم نے زار کا سوپ بھیج دیا سکینہ

"جی بڑی بیگم صاحبہ ابھی بھیجا ہے

سکینہ نے بتایا۔۔

وہ اندر کچن میں آئی۔۔عالیہ کو "کیا بنایا ہے سکینہ کا اسے بڑی اور اسے چھوٹی کہنا۔۔ بھی بلکل پسند نہیں آیا۔۔ تبھی وہ زرا۔۔۔غصے سے سکینہ کو دیکھنے لگی۔۔

جی ویسا ہی جیسا آپ نے بتایا ہوا ہے مرچیں تو سکینہ "ڈالی ہی نہیں نمک بھی بہت تھوڑا ڈالا ہے۔۔

کے بولنے پر۔۔اسنے۔۔ سر ہلایا۔۔

اور۔۔۔عالیہ کی طرف دیکھا۔۔

افنین نے ویسے ہی سوال کر لیا۔۔۔ "کوئی ارہا ہے آج

ہاں میری بیٹی کے سسرال والے آرہے ہیں رشتہ وہ زرا اترا "فائنل ہی ہے بس منگنی کی تاریخ طے ہو گی

کر فخر سے بولی۔۔

افنین نے مسکرا کر کہا۔۔۔ "اچھا اچھا ماشاءاللہ

افسین۔۔۔ "سکینہ۔۔۔ تمھاری بہن نہیں آئی آج کام پر

سکینہ سے پھر سے بولی۔۔۔

عالیہ اسکیطرف دیکھ رہی تھی وہ عام سی شکل و صورت کی عورت تھی۔۔ہر وقت نماز کے سٹائل میں دوپٹہ اوڑھے رکھتی تھی نہ جانے اسکے بیٹے کو کیوں لگتا تھا یہ عورت انس شاہ کے مقابلے کی ہے۔۔۔۔۔

اور۔۔ گھر کی مالکن کیطرح۔۔وہ۔۔ سکینہ سے سوال جواب کر رہی تھی جبکہ عالیہ نے تو خود کبھی یہ سوال نہیں کیے تھے یہ گھر اسکا بھی تھا اسے بھی ۔۔۔۔اس گھر پر توجہ دینی چاہیے تھی جس سے یہ واضح ہوتا کے۔اس گھر پر اختیارات عالیہ کے ہیں چلو کسی اور پر نہیں زار پر تو ہوتا۔۔۔

مگر فلحال وہ خاموش رہی۔۔۔

سکینہ "جی باجی۔۔اسنے آج بازار جانا تھا تو چھوٹی کر لی شرمندگی سے بولی

پھر کوئی فائدہ نہیں ہے سکینہ جب گھر کے کام پورے نہ ہوں۔۔۔چند روز میری طبعیت خراب کیا ہوئی

تم لوگوں نے گھر کو جنگل بنا دیا۔۔

اپنے بیٹے سے کہو اسکو بلائے اور گھر کی ٹھیک سے صفائی

وہ زرا سختی سے بولی سکینہ۔۔کام چھوڑ کر ایاز کو "کرے آ کر۔۔۔ کہنے چلی گئ۔۔

افنین جب کے۔۔ایک نگاہ عالیہ پر ڈال کر باہر آ گئیں۔۔۔

عالیہ "شکل وصورت ہے نہیں مالکن بن رہی ہے نے دل میں سوچا تھا۔۔۔۔

اور سر جھٹک کر افنین کے نکلتے ہی سکینہ پر چڑھ دوڑی

یہ کیا تم ہر کسی کے کہنے پر کام چھوڑ دیتی ہو کس زبان میں سمجھاؤ مہمان آنے والے ہیں اب مجھے کھانا پورا کیے بنا یہاں سے باہر نکلتی نظر نہ آنا گھر وہ غصے "میں اور بھی ملازم ہیں وہ کر لیں گے یہ سب سے کہہ کر چلی گئ

باہر افنین نے ملازموں کو بلا کر صوفے کے کور بدلوائے۔۔ تو عالیہ کو احساس ہوا۔۔ یہ اسکے کام تھے کرنے کے۔۔

وہ گھر کی انس شاہ کے دل کی مالک تھی اس وقت افنین سے سخت جلن محسوس ہو رہی تھی۔۔

اسے۔۔۔

انس شاہ بھی فریش ہو کر باہر آ گئے

اچھا کیا یہ کور چینج کرا دیے تم نے۔۔ عجیب فیلینگز ا رہیں تھیں انھیں دیکھ کر کتنے دنوں سے یہ ہی چڑھے انس شاہ۔۔ صوفے پر بیٹھتے ہوئے۔۔ "ہوئے تھے

ایک سرد سانس کھینچتے بولے عالیہ کا دل جل کر بھسم ہو گیا۔۔۔

کیونکہ۔۔۔ افنین سے انس شاہ۔۔ کس طرح نارمل ہو کر بات کر رہے تھے۔۔

آپ نے ملازم کو کچن کا سامان پورا کرنے کا کہا نہیں اب تک۔۔ اگلا مہینہ لگنے کو ہے۔۔ پھر بعد "میں تنگی ہو گی۔۔ سکینہ نے لسٹ بنا دی ہو گی

افنین۔۔۔ بولی۔۔

اوہ ہاں۔۔۔ سوری میں بھول گیا۔۔۔ تمھاری طبعیت ٹھیک ہو گئی ہے جو گھر کے کام۔۔ دیکھ رہی ہو پھر وہ تمھارا انس "بیٹا چیخے گا میری ماں پر توجہ نہیں دیتے

شاہ کچھ یاد آنے پر بولے عالیہ کو انکے بیچ اپنا آپ

۔۔۔بے حد بے کار لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

جیسے وہ دونوں۔۔ہی گھر کے اہم معملات کو جانتے ہوں

اور بول رہے ہوں جبکہ وہ۔ تو بس غیر ضروری شخص ہے

۔۔۔

افنین نے نگاہ اٹھا کر اسکیطرف دیکھا بولی کچھ نہیں

۔۔۔۔

لون بھی خراب ہو رہا ہے۔۔۔مالی۔۔چار دن سے

چھٹی پر ہے۔۔آپ نے توجہ نہیں دی پھر آپکے

پلانٹس خراب ہوں گے تو آپ مجھ پر چیخیں گے۔۔

وہ فورا اسکی بات ”کے تمھاری توجہ گھر پر نہیں ہے

اسے لوٹا گئ تو۔۔۔انس شاہ کے چہرے پر نا جانے

کیوں بے ساختہ مسکراہٹ آگئ۔۔۔۔

وہ بنا کچھ کہے اسکی بات مانتے ہوئے مالی کو فون کر رہے تھے۔۔۔

افنین۔۔باہر چلی گئ تو انکی نگاہ دور کھڑی عالیہ پر گئ ۔۔ہاتھ سے انھوں نے اسے اپنے پاس بیٹھنے کا کہا۔۔۔

عالیہ انکے پاس بیٹھ گئیں۔۔۔

کیا ہوا سارے انتظامات پورے ہیں تم نے چیک کر انس شاہ نے سیل فون آف کرتے ہوئے۔۔ "لیا سوال کیا۔۔۔

عالیہ نے چہرے پر "انس ایک بات پوچھوں معصومیت طاری کی۔۔۔

انس شاہ مسکرا کر سر ہلا گئے۔۔

"انس بس مجھے عجیب سا لگتا ہے

وہ سمجھے نہیں "کیا

آپ افنین سے۔۔ایسے بات کر رہے تھے جیسے وہ گھر کی بڑی ہے اور سارے۔۔اہم کام گھر کے اسنے سنبھالے ہوئے ہیں اور چند روز وہ بیمار ہوئی تو گھر اجاڑ ہو گیا۔۔۔۔

تو کیا میں نے آپکا گھر صاف نہیں رکھا آپکی عالیہ بولی تو انس شاہ کا بے "مرضی سے ساختہ قہقہہ ابھرا

یہ عمر نہیں عالیہ کے تم جلو افنین سے وہ وہ۔۔ہو لے تو عالیہ نے منہ بنالیا۔۔"بھی دیکھو وہ شروع سے یہ سب کرتی آئی ہے اور گھر کو سنبھالتی ہے۔۔۔۔تو تبھی بس۔۔میں نے اس سے یہ باتیں کیں ہیں اس میں وہ باتیں نہ شاید اسکے دماغ میں ہو گئیں جو تم نے سوچیں نہ میرے دماغ میں ہیں"

انس شاہ شانے اچکا گئے

عالیہ نے خفگی سے "ہاں اسکی حمایت کر لیں

کہا تو انس شاہ پھر سے ہنس دیے

نہیں کرتا اوکے۔۔۔اب جاو سارے کام دیکھو۔۔

وہ نرمی سے بولے تو عالیہ "کوئی کمی نہ رہ جائے

مسکرا کر اٹھ گئ

محبت تو انس شاہ کو عالیہ سے ہی تھی۔۔اور

عالیہ کے علاوہ وہ کسی سے کر بھی نہیں سکتے تھے۔۔۔

زار گھر لوٹا تھا۔۔۔اسکی آنکھیں سرخ ہو رہیں

تھیں ناک بھی سرخ ہو رہا تھا۔۔فلو کی وجہ سے

۔۔۔جبکہ چہرہ بیمار ہونے کی وجہ سے اور بھی کہیں

گناہ ہینڈسم اور حسین لگ رہا تھا کہ شرٹ کے بازو اوپر فولڈ کیے۔۔۔ کوٹ ہاتھ پر ڈالے۔۔۔۔ اسکے بگڑے ہوئے تیور کچھ اچھا پتہ نہیں دے رہے تھے۔۔۔

وہ سیدھا۔۔۔ کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔

عالیہ نے ہی اسے سب سے پہلے دیکھا تھا انھوں نے سوچا مہمان "یہ مصیبت گھر کیوں آگئ بس آنے کو تھے عالیہ تیار تھی۔۔ انس شاہ نے بھی اسے روم میں جاتے ہوئے دیکھا۔۔

پھر ٹائم دیکھا یہ اتنی جلدی کیوں آیا ہے وہ پر سوچ ہوئے ۔۔۔ تبھی۔۔۔ صدام بھی عجلت میں داخل ہوا۔

مما وہ آگئے ہیں آپ ریسیو کریں میں فریش ہو کر اسنے کہا تو عالیہ نے سر ہلایا۔۔۔ "آتا ہوں

عالیہ باہر نکلی ناہید اور اسفر گاڑی سے اتر رہے تھے۔۔

اسفر ایک قدرے بڑی عمر کا لڑکا تھا۔۔۔عینہ سے تو کافی بڑی عمر کا تھا۔۔۔

چہرے پر بلا کی سنجیدگی۔۔۔اور۔۔۔سوبر پن تھا۔۔۔کے شاید مشکل سے ہی وہ ہنستا ہو گا۔۔۔

انس شاہ کو وہ صدام جتنا لگا تھا۔۔جبکہ ناہید البتہ کافی پر جوش انداز میں ملی تھی اسفر انس شاہ سے ملا ۔۔اور وہ لوگ مٹھائیوں کے ٹوکرے لیے اندر آ گئے۔۔۔

سب لاونج میں بیٹھے

ناہید "بہت خوبصورت ہے عالیہ تمھارا گھر تو

مسکرا کر بولی تو عالیہ بھی مسکرا دی

اسفر اور ناہید بیٹھ گئے اور انکے بیٹھتے ہی سکینہ نے انھیں جوس سرو کیا۔۔

جبکہ دوسری طرف انس شاہ عالیہ بھی

بیٹھ گئے۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں صدام بھی اگیا۔۔۔

صدام اسفر سے باتیں کر رہا تھا اسفر۔۔ایک

کمپنی میں منیجر کی پوسٹ پر تھا تنخواہ اچھی تھی

۔۔اسکی جبکہ وہ بے حد سنجیدہ انسان لگ رہا تھا

کھ دیر وہ بیزنیس کی اور ناہید اور عالیہ اپنی باتیں

کرتے رہے

ناہید نے خود ہی کہا۔۔"ارے عینہ کو تو بلاؤ

تو عالیہ مسکرائی

انھوں نے پکارہ "ہاں نتاشہ

نتاشہ کی آواز آئی۔۔"آئی مما

سیاہ اور سرخ کمبینیشن کے لباس میں۔۔۔

سفید۔۔ملائی جیسی رنگت لیے چہرہ۔۔جس پر کچھ

خوف کے آثار بھی تھے۔۔۔۔جبکہ ہاتھ الگ کانپ

رہے تھے نظریں جھکائے۔۔ہلکی گلابی لیپسٹک سے لبوں کو رنگے

وہ چائے لے کر آئی اسفر اسکے بے شمار اور کم عمر

حسن کو دیکھتا رہ گیا۔۔

جبکہ۔۔۔دوسری طرف انس شاہ نہ

جانے اسفر کی نگاہوں سے کیوں۔۔۔عجیب محسوس

کر رہے تھے جیسے یہ نگاہیں عینہ پر اچھی نیت سے نہیں پڑ

رہیں

وہ خود اٹھے اور عینہ کو اپنے برابر بیٹھا لیا

عینہ نے انس شاہ کا ہاتھ تھام لیا۔

عالیہ اور صدام مسکرائے تھے۔۔انس شاہ۔۔کا

ویسے بھی سوفٹ کارنر عینہ کیطرف زرا زیادہ تھا

تھا تو اسکیطرف بھی مگر عینہ پر زیادہ تھا۔۔۔

عینہ نے سلام کیا چائے سرو کی اب وہ انس شاہ کے بلکل ساتھ بیٹھی تھی جیسے اسے اپنی ماں اور بھائی سے زیادہ یہاں حفاظت ملے گی۔۔

ناہید نے عینہ کو پیار کیا پانچ ہزار کا نوٹ اسکے ہاتھ میں تھما دیا۔۔

عینہ پلکیں جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔۔

بھئی مجھے تو عینہ بے حد پسند ہے بس منگنی کی تاریخ دو عینہ کے ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کر اسے اپنا کر لیں گے ہم" ناہید بولی تو سب مسکرا دیے۔۔۔

اسفر اب بھی عینہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

عالیہ "ہاں کیوں نہیں۔۔ پہلے کچھ کھا لیتے ہیں بولیں سکینہ سے ٹیبل تیار کرنے کو کہا

نتاشہ "تمھاری بہو کے کوئی اولاد نہیں ہوئی اب تک

کیطرف دیکھ کر ناہید بولیں تو عالیہ چپ ہو گئیں

جبکہ نتاشہ نے بے چینی سے پہلو بدلا

ہو جائے گی جب اللہ نے چاہا تو کیونکہ اولاد کا اختیار تو

صدام بیچ میں بولا۔۔ "اللہ کے ہاتھ میں ہے نہ

مگر بیٹا اولاد پھر بھی ضروری ہے تم چیک کرا و اپنی بیوی کا

ناہید نے کہا تو صدام نے سر ہلا دیا"

وہ مزید کیا بتاتا۔۔۔

کچھ دیر میں کھانا لگ گیا نتاشہ کو وہ عورت

سخت زہر لگ رہی تھی اب۔۔

تبھی اس سے وہ بولے بنا۔ہی ٹیبل پر آ گئی۔۔

جبکہ دوسری طرف۔۔۔عالیہ نے ناہید کو

کہا۔۔

وہ سب ٹیبل پر بیٹھے

عینہ بھی تھی ساتھ۔۔

عینہ سے کچھ کھایا نہیں جا رہا تھا۔۔۔اسفر کی

نظریں۔۔۔جیسے بے چین کر رہیں تھیں اسفر

عین اسکے سامنے بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

میرا اسفر تو بہت سلجھا ہوا اور۔۔۔عورت کی

عزت کرنے والا انسان ہے عالیہ تم جانتی تو ہو

۔۔۔بس آنکھیں بند کر کے میرے بیٹے کے ہاتھ

ناہید بولی تو۔۔عالیہ نے "میں اپنی بیٹی کا ہاتھ دے دو

مسکرا کر سر ہلایا انس شاہ خاموش بیٹھے تھے۔۔

ویسے توعینہ عالیہ کی بیٹی تھی انکا کوئ حق نہیں تھا یہ پھر جتناوہ دیتی مگر اسفر انھیں پسند نہیں ایا تھا ریزن کوئ نہیں تھی۔ نہ ایسا تھا کہ وہ اسکے بارے میں جانتے ہوں مگر۔۔انکو اسفر پھر بھی اچھا نہیں لگا تھا۔۔

وہ چپ چاپ کھانا کھاتے رہے تھے۔

ٹیبل پر۔۔باتیں ہو رہیں تھیں اور ان باتوں کے بیچ۔۔ چمچ اور پلیٹوں کی ہلکی ہلکی آواز بھی شامل تھی۔۔

ویسے انس بھائ۔۔۔۔آپ کی پرانی بیوی اور۔بیٹا نظر ناہید نے زرا عجیب سا ہنس کر کہا "نہیں آرہے

انس نے انکی طرف دیکھا۔۔۔

میری بیوی کا نام افنین ہے۔۔۔اور بیٹا زار انس شاہ

بلاوجہ انکی۔۔ناپسندیدگی سی۔ناہید اور انکے بیٹے "

کیطرف چل پڑی تھی تبھی وہ ٹکا سا جواب دے گئے

ناہید نے عالیہ کو دیکھا۔۔۔۔

عالیہ کے چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی

ناہید اب زرا سنجیدہ ہو گئ۔۔ "جی انھیں کا پوچھ رہیں ہوں

زار روم میں ہے اور افنین۔۔۔شاید۔۔۔سکینہ کی بہن

انس "کے پاس گئ ہے اسکی طبعیت ٹھیک نہیں تھی

شاہ بتا گئے۔۔

ناہید نے جواب دیا اور خاموش ہو گئ "اچھا

یہ جتاتا لہجہ عالیہ کے نوالے اٹکا گیا تھا جیسے

۔۔انھوں نے اپنی بیوی اور بیٹے کا ذکر کیا۔۔۔

ناہید عالیہ کے ایکسپریشن نوٹ کر رہی تھی۔

ماحول میں خاموشی تھی۔۔۔۔

اچانک ہی زار کے روم کا دروازہ کھولا۔۔۔وہ آدھا کمرے میں آدھا باہر کھڑا تھا اسنے سرخ نظروں سے ٹیبل پر مہمانوں کو دیکھا۔۔۔۔دماغ اسوقت ماؤف ہو چکا تھا۔۔

درحقیقت بچپن سے ہی اسے سپائیسیز سے الرجی تھی۔۔۔ اگر ایک لقمہ بھی وہ لے لیتا۔۔اسکا سر بھاری ہو جاتا تھا۔۔۔اور۔۔۔چہرے پر سرخ نشان پڑ جاتے تھے۔۔اور آج آفس جا کر نا جانے کیوں اسے فیور الگ چڑھ گیا تھا۔۔وہ ساری چیزیں مل کر زار کا دماغ خراب کر چکیں تھیں۔۔۔

اسکے چہرے پر وہ سرخ نشان بھی خوب جچ رہے تھے بال بکھرے ہوئے تھے جبکہ وہ ٹی شرٹ اور ٹراؤزر میں تھا۔۔۔اسنے سرخ آنکھوں کو۔۔دیوار کے

پاس لگے کیبنیٹ کیطرف موڑا اور۔۔۔وہاں لگا ڈیکوریشن کا سامان واس اور دوسری قیمتی چیزیں اٹھا اٹھا کر ۔۔پھینکنا شروع کر دیں۔۔وہ ساری چیزیں۔۔۔۔باہر لون کیطرف جاتے دروازے میں۔۔جا کر پڑی زمین میں چکنا چور ہو جاتی۔۔۔

ٹیبل پر موجود سب مہمان ایکدم کھڑے ہو گئے

انس شاہ کی نگاہ زار پر گئی اسنے ایک ہاتھ سے سر تھاما ہوا تھا جبکہ۔۔۔

وہ ایکدم دھاڑا

جیسے چھوٹے بچے کو ماں نہ ملی تو وہ۔۔۔۔سب تباہ ”مما کر دے گا۔۔۔

وہ پھر چیخا “مما

انس شاہ۔۔۔ایکدم سب چھوڑ کر اسکیطرف دوڑے

بے ساختہ عینہ بھی یہ حالات دیکھ کر چیئر سے اٹھی اور باہر کیطرف نکل گئ اور اچانک نتاشہ کی نظروں نے اسکے قدموں کو بریک لگادی وہ۔۔اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی عینہ۔۔وہیں رک گئ چیئر کو زور سے تھام لیا وہ نہیں جانتی تھی زار یہاں موجود ہے۔۔۔

اور زار کو کیا ہوا ہے اسے تو کچھ بھی نہیں پتہ تھا۔۔۔۔

دوسری طرف انس شاہ نے بیٹے کا چہرہ دیکھا ۔۔انھیں کہانی سمجھ ارہی تھی

انھوں نے بچوں کیطرح زار کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں "زار میں تھام لیا۔۔۔

اس انداز میں اتنی محبت تھی کہ وہاں کھڑے سب لوگ یہ منظر دیکھ رہے۔۔

میرے بیٹے کیا ہوا ہے یہ تمھیں۔۔ تم نے کون سی

وہ۔۔۔پوچھنے لگے زار نے انکے ہاتھ "چیز کھائی ہے

جھٹک دیے۔۔۔

بھاری آواز میں وہ پھر سے "مما۔۔کہاں ہیں مما

چیخا۔ سر میں شدید درد اٹھ رہا تھا۔۔

انس شاہ۔۔نے۔۔ملازم کو چیخ کر بلایا وہ جانتے تھے

وہ بولا "تم بس یہ سوچو کہ حیا کے سامنے کیسے جاؤ گی

"ویسے بڑا مزہ آنے والا ہے

وہ بولا آنکھوں میں شرارت تھی وہ جو غصہ پہلے تھے

وہ کہیں نہیں تھا کاش کاش انکی زندگی سے سارے

برے

حالات نکل جائیں اور وہ۔۔دنیا کے سامنے کھلے

عام ایک

دوسرے کے ہو جائیں

عینہ نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔اسے افسوس ہوا

آپ آپ بچپن سے ایسے ہیں یہ ابھی ابھی آپ کے

اندر یہ

کوئلٹیز انسٹال ہوئی ہیں دوسروں کو چڑانے کی سلگانے

وہ بولی "کی

زار کا قہقہہ بے ساختہ بلند ہوا تھا۔۔

اور اسے اچانک موبائل یاد آیا جو کہ گاڑی میں ہی تھا

اس

نے ڈیش بورڈ پر سے آئی فون اٹھا کر اسکی جانب

بڑھایا

وہ پوچھنے لگی "یہ کیا ہے

"تم پڑھ رہی ہو جاہل تو نہیں ہو یہ نظر نہیں آتا

وہ الٹا ہی بولا تھا

"میرا مطلب مجھے کیوں دے رہے ہیں

تاکہ تم مجھ سے باتیں کرو۔۔۔اور مجھے غصہ کام آئے

"اور پیار زیادہ

وہ ایک آنکھ دباتا بولا۔۔۔تو عینہ اس ڈبے کو ان بکس

کرنے لگی چہرے پر مسکراہٹ تھی

وہ ایکسائیٹڈ تھی زار بھی مسکرا دیا

وہ پوچھنے لگا۔۔ "اچھا لگا

"بہت۔۔ آپکا بھی یہ ہی ہے کیا

وہ اسکی پاکٹ میں جھانکنے لگی

اسنے اطلاع دی "ہمم بلو کلر میں

وہ پرجوش سی بولی تو زار مسکرا دیا "واؤ

اب اس نمبر سے کسی اور سے رابطہ تم نے کیا تو

مجھے

"پتہ لگ جائے گا بعد کی زمہ دار تم خود ہو گی

وہ بولا تو عینہ نے سر ہلایا وہ کون سا کسی سے بات کرنا

چاہتی تھی۔۔۔ اسکے علاوہ

وہ گھور کر دیکھنے "اور اگر آپ نے کسی سے بات کی تو

لگی

زار مسکرایا۔۔۔۔

"منگیتر سے بات کرنا گناہ کب سے ہے

"زار

وہ غصے سے مکے برسانے لگی جبکہ زار پھر سے ہسنے لگا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

صدام نتاشہ کی ماں کے پاس گیا تھا انھیں انکی بیٹی

کے بارے میں بتانے کے لیے۔۔

www.BestUrduBook.com

جنھوں نے صدام کی کسی بھی بات کو کان پر نہیں دھرا

وہ بلکل ہو بہو اپنی بیٹی جیسی ہی تھیں

دیکھو بیٹا وہ درست کہہ رہی ہے تمھیں اس گھر

میں

چلے جانا چاہیے صرف اپنی بہن کے لیے تم اتنا فضول

قدم اٹھا چکے ہو وہ بولی تو صدام نے بمشکل سانس

بھال کیا۔۔۔

میں آپ سے آپکی بیٹی کے بارے میں سوال کر رہا ہوں

کہ آپ۔۔اپنی بیٹی کو سمجھائیں الٹا مجھے سمجھانے

"بیٹھ گئیں ہیں آپ۔۔۔۔

کیونکہ سمجھنے کی ضرورت اسے نہیں تمھیں ہے

"مجھے آج ضروری پارٹی میں جانا ہے میں جا رہی ہوں

وہ کہہ کر اٹھ کر چلی گئ اور صدام کا چہرہ غصے سے

سرخ ہو گیا اس بے عزتی پر مگر اسنے تحمل

سے نتاشہ کے

پاس جانے کا سوچا وہ اپنی بیوی کے بنا کیسے رہتا اور

ان

سب سے اہم اور عجیب بات یہ ہو رہی تھی اسکا

حیا کی

جانب مائل ہونا جس سے وہ گھبرا رہا تھا وہ حیا

کیطرف

متوجہ ہو رہا تھا حیا اسے اپنی جانب قائل کر رہی

تھی۔۔

صدام نتاشہ کے پاس آیا مگر ایک پل کے لیے وہ

ساکت رہ

گیا جب اسنے نتاشہ کو زار کے پیچھے بھاگتے دیکھا وہ

حونک نظروں سے اپنی بیوی کو دیکھ رہا تھا زار کی توجہ

البتہ اسکیطرف نہیں تھی مگر نتاشہ زار کے پیچھے پیچھے

تھی اور تیاری ایسی تھی کہ۔۔بلا کی خوبصورت دیکھے۔۔

"ارے زار بات تو سنیے

نتاشہ کے الفاظ اسکے کانوں سے ٹکرائے اسنے ضبط سے

یہ منظر دیکھا

زار اپنی پراڈو پر سوار ہوا انداز میں لاپرواہی تھی جیسے

پیچھے کتے بھی بھونکیں تو وہ سنے گا نہیں اور وہاں

سے چلا گیا مگر اسکی نگاہ صدام پر ضرور اٹھی تھی جن

میں طنز تھا جو اپنی ماں کو سنبھال نہیں سکا بیوی کو

کیا سنبھالے گا اسنے سر جھٹک کر سوچا تھا۔۔

وہ جانتا تھا حیا صدام کو پسند کرتی ہے۔۔۔عینہ

نے اسے

یہ بات بتائی ہوئی تھی۔۔۔

مگر اسے بلکل عینہ کے علاوہ اسکے خاندان کے کسی

فرد

میں دلچسپی نہیں تھی اور عینہ میں ایسی تھی کہ ایک

پل بھی اس سے دور رہنے پر دل نہیں مانتا تھا مگر۔۔۔

وقت اور حالات ایسے تھے اپنے عشق کو چھپانا

مجبوری

تھی۔۔۔

دوسری طرف صدام۔۔پر نتاشہ کی نگاہ بھی اٹھی

اور اس

کے رنگ فق سے ہو گئے۔۔۔۔

وہ ایک گھیرہ سانس بھر کر ہلکا سا مسکرائی اور

اسکے

پاس آئی

"تو تم آ ہی گئے۔۔۔۔

وہ اسکے گلے لگنے لگی صدام نے اسے دور جھٹک دیا۔۔۔۔

نتاشہ نے حیرانگی سے دیکھا

"بے بی آئی مس یو

نتاشہ بولنے لگی صدام کا دل کیا اسکا منہ تھپڑوں

سے

سرخ کر دے۔۔۔۔۔

تم مجھے اولاد نہیں دے سکی مگر میں تمھارے ساتھ

پھر

"بھی وفا نبھاتا رہا کیونکہ میں الو کا پٹھا تھا۔۔

وہ۔۔اسکے بازو اپنی سخت گرفت میں جکڑ تا بولا

نتاشہ نے پہلی بار سکے منہ سے یہ "صدام

تا نہ سنا تھا۔۔۔

مجھے سے جی بھر گیا تھا۔۔۔ تو میرے نکاح میں

ہوتے ہوئے

وہ چلایا۔۔۔ ”تم کسی اور مرد کو کیسے لبھا سکتی وہ

وہ بھکلا گئ۔۔۔ “ی۔۔ یہ کیا باتیں کر رہے ہو

جو تم سن رہی ہو۔۔۔ جواب دو مجھے۔۔۔ یا یہ کہہ دو

وہ دانت پیس کر اسے دیکھنے لگا “یہ غلط فہمی ہے

بلکل تمھیں غلط فہمی ہے۔۔۔۔ نتاشہ نے اسکی ہی بات

پکڑی صدام۔۔ ہنس دیا اسکے مکر و فریب پر۔۔

مجھے

لگتا تھا تمھارے اندر پیسے کی لالچ ہے مگر نہیں۔۔۔

تمھارے اندر کی حوس مجھے دیکھ گئ۔۔

“صدام کیسی باتیں کر رہے ہو۔۔۔۔

نتاشہ۔۔۔۔۔ نے۔۔ چلا کر کہا۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے اگر یہ غلط ہے تو چلو میرے ساتھ

۔۔ میرے گھر

۔۔یہاں کس لیے روکی ہوئی ہو۔۔ تمھیں جتنی عیاشی کرنی

اسنے کہا "ہے جتنا پیسا چاہیے میں دوگا

نتاشہ پھنس ہی گئ۔۔۔۔

"ٹ۔۔ٹھیک ہے میں چلوں گی تمھارے ساتھ

وہ بولی صدام کو بلکل یقین نہیں تھا کہ وہ مان جائے گی

۔۔۔کیونکہ اسے دیکھ گیا تھا وہ زار کے پیچھے کس طرح

سے

آئ تھی اسکا مطلب واضح تھا۔۔۔

جبکہ نتاشہ نے یہاں اسکی بات مان کر خود کو سیکیور

کیا

تھا وہ جانتی تھی۔۔۔

اسکی ماں اسے کبھی گھر نہیں رکھی گی اور اسکے لیے

بوجھ بن جائے گی اسکی اپنی ہی بیٹی۔۔۔۔وہ صدام سے

طلاق تو فلحال نہیں چاہتی تھی تبھی اسنے صدام کو

ٹریپ کرنے کے لیے اسکی بات مان لی اور اچانک

اسے اپنی

ماں کی بات یاد آئی۔۔۔

کہ وہ صدام کی دوسری شادی کرادے۔۔۔

صدام کا دھیان اسکے نکاح میں رہتے ہوئے اپنی

جانب سے

ہٹانے کا اس سے بہتر اور کوئی نہیں تھا وہ پر سکون

سانس بھرتی۔۔۔بولی

چلو گی میں تمھارے ساتھ مگر مجھ پر یہ الزام

مت لگاؤ

"جو لگا رہے ہو

وہ اپنے مکر و آنسو لیے پلٹی اور اندر سے سامان اٹھانے

چلی گئ

صدام وہیں کھڑا۔۔تھا۔۔اس وقت۔۔سوچنے کی

صلاحیت

نہیں تھی گویا۔۔۔۔

وہ سمجھ نہیں پارہا تھا کیا کرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ناشتہ اندر سے سامان لے آئ۔۔وہ سوٹ کیس تھا

۔۔

اسنے صدام کیطرف دیکھا "چلیں

صدام نے سر ہلایا

"شاید اسے غلط فہمی ہو

اسنے آخری بات یہ ہی سوچی تھی مگر نتاشہ سے

بات

کرنے کا اسکا بلکل دل نہیں تھا گاڑی میں سوار ہو کر

گھر

کی راہ لی تھی انھوں نے جبکہ نتاشہ کا دم گھٹ رہا تھا

یہ سوچ کر کے وہ اب اتنے سے گھر میں رہنے والی

ہے یعنی

اسے جلد از جلد۔۔صدام کی دوسری شادی کا پلین

بنانا

ہو گا۔۔۔

عینہ کا آخری پیپر بہت اچھا ہوا تھا۔۔۔

وہ فلحال گھر میں اکیلی تھی بھائی تو جلدی ہی چلے گئے

تھے اور حیا کی امی کی طبعیت ٹھیک نہیں تھی تبھی وہ

۔۔ بھی نہیں آئی تھی آج۔۔۔

عینہ نے ساری بکس سمیٹی گھر صاف کیا۔۔اور

کھانا بنانے

لگی۔۔۔۔

اسے وہ دن یاد آیا جب وہ۔۔۔ چھپ کر زار سے ملتی تھی

خیر چھپ کر تو وہ ابھی بھی ملتی تھی اور اسکے لیے

مما کی آنکھ سے بچ کر کھانا لے کر جاتی تھی وہ بہت

شوق سے کھاتا تھا حالانکہ وہ بہت امیر تھا اور۔۔

اسنے

عینہ کو کبھی نہیں بتایا تھا کہ اسے۔۔ سپائیسیز سے

الرجی ہے مگر وہ عینہ کے ہاتھ کا بنا چپ چاپ

کھاتا تھا

یہ الگ بات تھی کہ پانی کی بوتل ساتھ رکھے وہ۔۔ہر لقمے

کے بعد پانی چڑھاتا تھا۔۔۔تب توعینہ کو یہ اسکی عادت

لگتی تھی مگر اسکے گھر جا کر علم ہوا کہ اسے سپائیسیز

سے الرجی ہے اور وہ فقت اسکی محبت میں کھاتا تھا۔۔۔

عینہ مسکرا دی۔۔اسنے آج پلاؤ بنایا تھا چاول دم پر رکھ کر وہ جلدی سے اندر بھاگی سورا سنے سیل فون اٹھایا یہ

فون بہت مہنگا تھا وہ سب کی نظروں سے بچانا چاہتی

تھی تبھی چھپا چکی تھی۔۔۔

اسنے زار کو میسیج کیا تھا۔۔۔نہ جانے وہ کہاں

تھا۔۔۔

اگر آفس میں تھا تو وہ ماہی بھی وہی ہو گی۔۔

عینہ کا منہ بن گیا۔۔۔۔

اسنے ویسے ہی میسیج کر دیا نہ جانے جواب دے بھی

یہ نہیں۔۔۔۔۔

میرے پیپرز بہت اچھے ہوئے ہیں۔۔۔۔اور میں

انشاللہ ٹاپ

"کروں گی

اسنے میسیج سینڈ کر دیا دل بھی دھڑکا کیونکہ بس

بعض اوقات ہی حیا کے فون سے کوئی بات کی تھی

اسنے کبھی زار سے ایسے بات نہیں کی تھی جب۔۔

میسیج کا جواب دس منٹ گزرنے کے بعد بھی نہیں

آیا

وہ مایوس ہو گئ۔۔۔

اور سیل فون رکھ کر۔۔۔باہر نکل آئ جبکہ۔۔۔۔اسکے باہر

نکلتے ہی گھنٹی بجی تھی

وہ بھاگتی ہوئی پلٹ کر اندر آئ۔۔اور

جلدی سے سیل فون چیک کیا۔۔۔

اگر ایسا ہوا تو میری طرف سے خصوصی انعام۔۔کی

حق

دار ہو پھر تم۔۔۔مگر یہ یاد رکھنا۔۔کچھ لو اور کچھ دو کا

سسٹم ہے میرے پاس تو تم مجھے کیا دینے والی ہو سوچ

اسکے جواب پر عینہ مسکرا دی۔۔۔۔"کر رکھو

مگر اب اسنے کوئ ریپلائے نہیں کیا کیونکہ باہر دروازہ بج

رہا تھا اسے لگا حیا ہو گی کیونکہ بھائی تو ہو نہیں سکتے

سیل فون یوں ہی بیڈ پر رکھ کر وہ مسکراتی ہوئی باہر آئی

دروازہ کھولا تو سامنے نتاشہ اور صدام تھے۔۔

دونوں کے چہروں پر سنجیدگی تھی

"اسلام علیکم بھابھی

عینہ نے کہا مگر وہ بنا جواب دیے صدام کے

کمرے میں

چلی گئی عینہ کو سیل فون کی فکر ہوئی نتاشہ کی تو

ہر طرف نظر ہوتی تھی سیل فون دیکھ لیا تو۔۔۔۔

مگر صد شکر وہ۔۔۔ جا چکی تھی روم میں

صدام بھی اندر آ گیا

وہ بولی۔۔ "بھائی کھانا ریڈی ہے لگا دوں

ہاں میرے سر میں درد بھی ہے پہلے مجھے

میڈیسن دے

"دو

اسنے کہا تو عینہ نے سر ہلایا وہ پہلے خاموشی سے اپنے

روم میں گئ سیل فون کو چھپا دیا نتاشہ کا یہاں آنا

کوئ اچھا سگنل نہیں تھا۔۔

وہ جانتی تھی۔۔۔۔۔

عینہ نتاشہ کے آنے کے بعد یہاں پھنس چکی تھی

زار سے رابطہ تو دور کی بات پچھلے ایک ہفتے سے

اسنے اسکے کسی بھی میسیج اور فون کال کا جواب

نہیں دیا تھا وہ جانتی تھی وہ بے حد غصے کا شکار

ہو گا مگر وہ کیا کرے وہ خود نہیں جانتی تھی اسے

کیا کرنا ہے۔۔

نتاشہ اسے اور حیا کو اکیلا نہیں چھوڑتی تھی حیا

سے عجیب سوال کرتی تھی کہ وہ شادی کب کر رہی

ہے اور نتاشہ کے آنے کے بعد سب سے اہم یہ ہوا

تھا

کہ حیا ایکدم ہی ڈاؤن ہو چکی تھی جس کا انجام

کچھ اچھا نہیں تھا کیونکہ عینہ میں ویسے بھی کسی

سے لڑنے کی ہمت نہیں تھی کجا کے حیا بھی ہار کر

بیٹھ جاتی وہ نتاشہ کے کسی سوال کا جواب نہیں دے

پاتی تھی الٹا انکے گھر آنا جانا بھی بے حد کم کر دیا

تھا۔۔

ہاں صدام شادی شدہ تھا مگر پھر بھی وہ اپنے دل

کے

آگے ہاری ہوئی تھی اسکے پاس اپنے دل کا کوئی علاج

نہیں تھا اور محبت انسان کو ویسے بھی ہرا دیتی ہے

وہ فیصلے کراتی ہے جو چاہت نہیں ہوتی محبت کے

رنگ

بھی عجیب سے ہیں جب انسان کو قابو میں جکڑنا

چاہے

تو اتنا سخت جکڑ لیتی ہے کے انسان کی روح بھی۔۔

چھٹکارہ نہ پا سکے اور یہ ہی حال حیا کا تھا وہ کیسے

ازاد ہوتی کہاں جاتی اسنے عینہ کے پاس آنا جانا کم کر

دیا تھا اور عینہ باخوبی اس بات کو سمجھتی تھی

تبھی فورس نہیں کرتی تھی ابھی وہ کھانا بنا کر پلٹی

تھی نتاشہ اسی کے روم میں بیٹھی تھی

موبائل کی اسے فکر نہیں تھی کیونکہ اسنے موبائل آف

ہی کر دیا تھا ہفتے بھر سے تو موبائل کھول کر نہیں

دیکھا تھا اسنے پھر کیسے موبائل کی ٹنشن لیتی وہ

واپس پلٹی تو نتاشہ نے اسے بیڈ پر اپنے پاس بلا لیا۔

جی بھابھی۔

دیکھو عینہ اب میں جو بات کر رہی ہوں اسے دھیان اور

توجہ سے سننا کیونکہ میں نے یہ فیصلہ بہت

سخت دل

کر کے لیا ہے۔

اسکی بات پر عینہ نے سر ہلا دیا مگر وہ اصل بات

جاننا

چاہتی تھی۔۔ تبھی سوالیہ نظروں سے اسکی

طرف

دیکھنے لگی

عینہ میں چاہتی ہوں میں۔۔۔۔

"صدام کی شادی کر دوں دوسری "

اسنے کہا تو عینہ کی آنکھیں پھیل گئ وہ حیرانگی سے

اسے دیکھنے لگی کیونکہ نتاشہ سے ایسی امید کرنا

مطلب۔۔ حیران ہونے کے سوا تھا ہی کیا

بھابی آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں بھائ آپ سے بہت

پیار

کرتے ہیں۔

عینہ بولی تو نتاشہ نے سر جھٹکا

پیار کا اچار ڈالیں گے ہم دونوں جب وقت رہے ہم

فیصلے سنہ

کر سکیں دیکھو عینہ بچوں کی ضرورت ہے مجھے بھی

اسے بھی پھر بہتر نہیں ہے وقت رہے میں

فیصلہ کر لوں

اور اس ضد سے پیچھے ہٹ جاؤں۔

اسنے کہا تو عینہ چپ ہو گئ۔۔

میں نے ایک لڑکی بھی دیکھی ہے۔۔اگر تم اسے راضی کر

لو تو بہت اچھا ہو جائے گا۔

اسنے کہا تو عینہ نے سوالیہ نظریں اٹھائیں۔۔

حیا۔

عینہ شاکڈ رہ گئ۔۔۔

میں جانتی ہوں وہ بھلا شادی شدہ مرد سے کیوں

شادی

کرے مگر۔۔کوشش کرو شاید یہ فیصلہ اچھا ہو۔

اسکی بات پر عینہ بلکل ساکت ہو گئ تھی

میں کیا کوشش کر سکتی ہوں۔

حیا تمھاری دوست ہے تم اسے اپنے بھائ کے لیے منا

لو۔

نتاشہ اسے ٹریپ کر رہی تھی وہ چاہتی تھی کہ جلد از

جلد یہ کام ہو تا کہ اسکے بعد صدام کی نظریں

اسپر سے

ہٹیں اور وہ دوبارہ منشن میں چلی جائے۔۔

عینہ چپ تھی۔

عینہ اپنے بھائ کی خوشی کا سوچو پلیز میں نے کتنا بڑا

دل کر کے یہ فیصلہ کیا ہے تمھیں علم نہیں۔

وہ غم زدہ ہوئی۔۔عینہ نے افسوس سے اسکیطرف دیکھا

۔۔

کیا بھائی مان جائیں گے۔

اسنے پوچھا

ہاں مان جائیں گے حیا خوبصورت ہے اور جب مجھے

کوئی

ایشو نہیں تو انھیں بھی نہیں ہو گا بس تم حیا سے بات

کر لو۔۔۔۔۔۔

اسنے کہا عینہ نے سر ہلایا اور نتاشہ وہاں سے اٹھ کر چلی

گئی اسے یقین تھا یہ سقیم کام ضرور کرے گی۔

اسنے اور نتاشہ نے انھیں باتوں کے دوران کھانا کھایا

اور

نتاشہ اسے حیا کے گھر جانے کا کہہ کر سونے چلی گئ۔

جبکہ وہ۔۔کش ماکش میں تھی کیا کرے یہ سب ایکدم

شاید قدرت کیطرف سے کوئ نشانی تھی شاید حیا کے غم

ہلکے ہونے والے تھے۔۔

وہ مسکرائ اور باہر جاتی کہ دروازہ پہلے ہی بج گیا۔۔

اسنے دروازہ کھلا

انس شاہ سفید لٹھے کے سوٹ میں بلکل زار کیطرح گاگلز

بلیک کلر کے لگائے کھڑے تھے جبکے انکے پیچھے زار کی پراڈو تھی اور ہو بہو زار جیسے تھے وہ۔۔عینہ انھیں دیکھ

کر ایکدم مسکرا اٹھی

اسلام علیکم انکل۔

اسنے کہا تو انس شاہ بھی مسکرا دیے مجھے لگا میں

تمھارا

ڈیڈ ہوں کہتے ہوئے وہ اندر آئے تو وہ کچھ شرمندہ سی ہوئی

وہ آپکے بیٹے کو نہیں پسند میرا ایسے کہنا تبھی بس۔

عینہ کو زار بھی یاد آیا کیسے منہ بنا لیتا تھا۔

وہ تو آدمی ہی بے کار ہے اسکا ذکر نہ کرو۔

انس شاہ بولے۔۔ایک نظر گھر کی جانب ڈالی

اور عینہ

انھیں اپنے کمرے میں لے آئی گھر اچھا تھا

انس شاہ اس

کی دی گئی چیئر پر بیٹھ گئے

آپ کیا کھائیں گے میں کچھ سپیشل بناؤ آپکے

لیے۔

وہ پوچھنے لگی۔

ممم نہیں

ابھی نہیں پھر کبھی فلحال تو مجھے اپنی بیٹی سے بات

کرنی ہے آفس چھوڑ کر آیا ہوں زار صاحب کا دماغ

خراب

ہوا ہوا ہے آج کل۔۔بس پہلے نکلنے کا سوچا ہوا تھا مگر

اسکی وجہ سے نکل نہیں سکا۔۔خیر مجھے اسکے

بارے

میں بات ہی نہیں کرنی۔

وہ کافی خفا تھے زار سے۔۔

عینہ نے انکیطرف دیکھا

آپ اپنے بیٹے سے کیوں خفا ہیں اتنا۔

اسنے سوال کیا۔۔

اسے بڑوں اور چھوٹوں کی تہذیب کرنا نہیں آتی اور

سراسر اسکی ماں کا قصور ہے اسنے جو حرکت کی

ہے

اسپر شرمندہ تو دور کی بات الٹا اکڑ کر بیٹھا ہے

چار

تھپڑ لگا کر ہوش ٹھکانے لگا دوں گا میں اسکے۔

عینہ کو یاد آگیا تھا انس شاہ تھپڑ والی بات کو لے کر

خفا ہوئے ہیں اور زارا انھیں کا بیٹا ہے کہیں سر نہیں

جھکائے گا بھلے غلطی اسکی ہو۔۔۔

عینہ چپ رہی۔۔

بیٹا تمھاری مما کی طبعیت بہت خراب ہے وہ تمھیں

اور

صدام کو بہت یاد کرتی ہے اور اسی وجہ سے پیچھلے

ایک

ہفتے سے بخار میں پھونک رہی ہے۔۔اور منہ پر

بس عینہ

اور صدام کا ذکر ہے۔۔اس حالت میں تمھارا اپنی

ماں سے

دور رہنا اچھا نہیں وہ ماں ہے تمھاری میں مانتا ہوں

سختیاں کرتی ہے تم پر مگر پھر بھی ماں کے عہدے پر

سے تو نہیں ہٹ جائے گی نہ تبھی میں آج تمھیں

لینے آیا

ہوں مجھے امید ہے تم انکار نہیں کرو گی میں جانتا

ہوں

صدام یہاں سے نہیں جانا چاہے گا اور ٹھیک

ہے وہ نہ

جائے۔۔۔ مگر تم بیٹی ہو ماں کے زیادہ قریب ہوتی ہیں

بیٹیاں تم میرے ساتھ چلو وہ تمھاری منتظر ہے۔

وہ بولے تو عینہ کی آنکھیں بھیگ گئیں تھیں زار کی

محبت

میں وہ اتنی آندھی ہو چکی تھی کہ اپنی ماں کو ہی بھولا

گئی اسنے بنا کسی تردد کے انکو حامی بھر دی

میں بھابھی کو بتا دوں۔

وہ بولی اور نتاشہ کے پاس آ گئی جس کو جیسے ہی پتہ

چلا انس شاہ آئے ہیں وہ سر پر دوپٹہ لیتی سلام

کرنے

پہنچ گئی انس شاہ نے سلام کا جواب دیا مگر زیادہ

توجہ

نہیں دی کیونکہ انھیں نتاشہ کچھ خاص بھاتی نہیں

تھی اسکے انداز اور اطوار اچھے نہیں لگتے تھے نتاشہ

بلکل پھسلتی جا رہی تھی عینہ سے کہہ رہی تھی یہ لے

آؤ وہ لے آؤ مگر انس شاہ نے ہاتھ بلند کر کے روک

دیا

میں کچھ نہیں لوں گا عینہ چلو تم۔

وہ بولے تو نتاشہ کا دل بیٹھ گیا کاش وہ اسے لینے آئے

ہوتے

نتاشہ چپ چاپ سنہ چاہت کے باوجود عینہ کو

جاتا ہوا

دیکھ رہی تھی جبکہ اسے عینہ سے سخت نفرت

محسوس

ہو رہی تھی کہ اسے جہاں ہونا چاہیے تھا

وہاں عینہ جا رہی تھی۔

وہ سلگ اٹھی تبھی اسنے حیا کے گھر کی راہ لی اور اب

وہ انھیں اپنی باتوں کے جال میں پھنسانے کا ارادہ

رکھتی تھی

حیا کی ماں ایک کمزور اور بیمار خاتون تھیں جو بیٹی

کی ضد اور محبت سے واقف تھیں وہ اسکی شادی

کرنا

چاہتی تھی اپنی زندگی میں ہی مگر حیا کی ضد نے

انکو بھی کمزور کر دیا تھا

جیسے ہی نتاشہ نے حیا کے سامنے پرپوزل رکھا حیا

دنگ

نظروں سے اسے دیکھنے لگی

مجھے علم ہے تمھیں اچھا نہیں لگے گا مگر۔۔

وہ چپ ہو گئ۔

مجھے منظور ہے۔

حیا نے فوراً حامی بھر لی تو نتاشہ چونک اٹھی یہ

کیا وہ

تو فوراً ہی مان گئ جبکہ اسے لگا تھا وہ نتاشہ کو کھری

کھری سنا دے گی

میں تیار ہوں نکاح کے لیے۔

حیا نے کہا تو نتاشہ نے سر ہلایا۔۔

میں صدام سے بات کرلوں تو دن ڈیسائیڈ کرلیں گے۔

ٹھیک ہے حیا سپاٹ لہجے میں بولی نتاشہ حیران پریشان

سی اسکے گھر سے نکل آئی پہلی بار اسے کسی نے حیران کیا تھا جبکہ پیچھے سے حیا اپنی اماں کے گلے لگ کر خوب رودی

امی یہ کوئی محبت ہے جو۔۔مجھے کس طرح اس تک



پہنچا رہی ہے میں انکار کرنا چاہتی تھی مگر مجھ سے ہوا نہیں اسکی بیوی آج اسنے بچوں کے لیے دوسری شادی

کرانا چاہتی ہے اور اسے میں ہی ملی مگر میں میں

کتنی

بری اور کتنی کمزور ہوں میں انکار نہیں کر سکی۔۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی جبکہ اسکی ماں نے بس

چند

لفظ کہے

اب مجھے فکر نہیں ہو گی تمھاری حیا۔

وہ مسکرائیں اسنے ماں کو دیکھا یعنی وہ اس فیصلے میں

اسکے ساتھ ہیں

اور ایسا ہی تھا۔۔حیا نے آنسو صاف کیے دل ہلکا ہو رہا

تھا۔۔اور وہ جائے نماز پر بیٹھ گئ۔۔

عینہ کے لیے دوبارہ لوٹنا آسان نہیں تھا گھر میں

مکمل

خاموشی تھی مگر نکھرا نکھرا الگ رہا تھا جب

سے پتہ

چلا تھا کہ زار کی منگنی کا فنکشن ہو رہا ہے

عینہ کا دم سا گھٹنے لگا غلط بلکل غلط فیصلہ تھا یہاں

لوٹنا تکلیف اور اذیت تھی یہاں لوٹنا وہ ماں کے

کمرے میں

آ گئی جو کے بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی

عینہ کو دیکھ کر بازو پھیلا دیے۔۔

عینہ انکے بازوؤں میں سما گئی۔۔۔عینہ تمھاری ماں کے

ساتھ

بہت برا ہو رہا ہے اس گھر میں۔۔وہ رو دی جبکہ انس شاہ

خاموش کھڑے تھے اس دن کے بعد انھوں نے افنین اور زار

سے قطع تعلق کر دی تھی زار کی تو شکل بھی دیکھنا نہیں چاہتی تھے

عینہ کا دل بھی ہلکا ہو گیا وہ بھی ماں کے گلے لگ کر رو دی۔۔۔

عالیہ اسے ساری کہانی بتانے لگی عینہ کو بہت بری لگی زار

کی یہ حرکت وہ۔۔ان کو تسلی دینے لگی۔۔عالیہ کو بخار

محسوس تو نہیں ہو رہا تھا مگر شاید اتر گیا ہو وہ غم

میں

ہو عینہ کو شدید غصہ چڑھا تھا زار پر کیسے اسکی

ہمت

بھی کیسے ہوئی تھی اسکی ماں پر ہاتھ اٹھانے کی اسنے

انس شاہ کو دیکھا

ہماری ماں آپکے حوالے تھیں۔۔۔۔انکل۔

انس شاہ شرمندہ ہو گئے جبکہ عالیہ کو عینہ پر

خوب

پیار آیا تھا۔۔۔

اور میں بھائی کو بھی بتا سکتی ہوں اسکے بعد

صرف ہنگامہ

ہو گا یہاں آپکا حق بنتا ہے کہ آپ اپنی پہلی بیوی اور بیٹے

کے علاوہ دوسری بیوی پر بھی توجہ دیں۔

اسنے جیسے ہی کہا عالیہ کے تو من کی مراد پوری ہو گئ۔۔

جبکہ انس شاہ نے نفی کی نہیں بات بڑھے گی بہتر ہے تم نہ

بتاؤ اور رہ گیا زار میں اس کو دیکھ لوں گا۔

انس شاہ بولے تو عینہ نے سر ہلا دیا

آپ نے کچھ کھایا ہے وہ پوچھنے لگی انس شاہ تھوڑی دیر انکے پاس رہے پھر چلے گئے

تم نے اسفر سے رابطہ کیوں نہیں کیا وہ میرا فون کر کر

کے دماغ کھا چکا ہے

مما میرے پیپرز کل ہی ختم ہوئے ہیں

وہ جھوٹ بول گئ

جبکہ عالیہ نے سنجیدگی سے اسے دیکھا

دیکھو عینہ تم رشتہ نبھاؤ گی تو وہ رشتہ کامیاب ہو گا

ورنہ تو وہ بدظن ہو جائے گا خیر قسمت سے وہ خود بھی

یہاں سے کچھ عرصے کے لیے گیا ہوا تھا تبھی اسنے

تنگ

نہیں کیا مگر مجھ سے فون پر رابطہ رہا ہے پھر تم

اس

کی کالز بھی اٹینڈ نہیں کر رہی۔

مما سیل فون چوری ہو گیا تھا۔

اسنے پھر سے جھوٹ بولا

عالیہ چپ ہو گئ

دھیان رکھا کرو۔۔۔وہ سختی سے بولی عینہ سر ہلا گئ

کچھ دیر وہ دونوں باتیں کرتی رہیں

چلو اپنے روم میں جاو میں ریسٹ کروں گی۔۔

عینہ نے سر ہلایا

مما میں رات میں چلی جاؤں گی عینہ نے اسے

یہ اطلاع

دی اسنے خاموشی سے سنی تھی اور عینہ وہاں سے چلی

گئی جبکہ۔۔عالیہ نے سر جھٹکا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عینہ روم میں آئی تو کئی یادیں اچھی بری سامنے آگئیں

وہ۔۔عارضی طور پر وہاں کچھ دیر موجود رہی پھر

بے زار ہوتی گئی۔۔اور جیسے ہی وہ باہر نکلی سیدھا زار

سے سامنا ہوا تھا وہ اندر آ رہا تھا گرے پینٹ کوٹ

میں

موجود تھا۔۔

زارا اسے حیرانگی سے دیکھ رہا تھا عینہ بھی اسی کی

جانب دیکھنے لگی زار نے ادھر ادھر دیکھا ابھی

بس کچھ

ہی دیر میں سب ڈنر کے لیے اکٹھے ہو جاتے۔۔

زار جوافین کے روم میں جا رہا تھا اسنے قدم عینہ

کی

طرف بڑھائے عینہ نفی کرتی پیچھے ہٹنے لگی جیسے اسے

روک رہی ہو اس حرکت سے مگر وہ زار ہی کیا

جو رک

حبائے وہ اس تک پہنچا تو عینہ کی ناک سے اسکی تیز

کلون کی خوشبو ٹکرائی اور اسنے۔۔۔ گھبرا کر۔۔ بے دم سی ہوتے اپنے کمرے میں قدم۔۔ لے لیے اور زار خطرناک حد

تک سنجیدگی لیے۔۔ اسکے کمرے میں داخل ہوا اور دروازہ

کھینچ کر اسنے مارا تھا۔۔۔ دروازہ پلٹ کر لوک کیا اور وہ

۔۔ دانت پر دانت چڑھائے اسے گھورنے لگا۔۔۔

"کس بنا پر میرا فون ایک ہفتے سے نہیں اٹھا رہی

وہ بھڑک کر پوچھنے لگا لہجے میں حق تھا۔۔۔

میں میں۔۔۔ جان بوجھ کر نہیں کر رہی تھی

۔۔بھابھی آئی ہوئی تھیں اور انکی وجہ سے میں سیل

یوز

نہیں کر پائی کسی کو پتہ بھی نہیں ہے میرے پاس

سیل فون

ہے اور اتنا مہنگا سیل دیکھ کر بھابھی سوال۔۔۔

وہ تھم گئی کیونکہ زار نے گھما کر اسے دروازے سے چپکایا

اور۔۔۔اسکی گردن کو جکڑ کر اونچا کر کے وہ عینہ کے

چہرے پر جھکا۔۔۔اور۔۔بنا کسی توقف کے۔۔وہ اسپر

ایک

ہفتے کا غصہ نکالنے لگا اور نہ جانے نکلا بھی تھا یہ

نہیں

وہ نہیں جانتی تھی۔۔

زار نے اسکی کمر میں ہاتھ حائل کیا اور اسے

زمین سے

اوپر اٹھا لیا۔۔وہ مشغول ہو گیا تھا اس میں جیسے

اسے

ہفتے بعد دیکھ کر۔۔۔بہک گیا تھا وہ سمجھ نہیں پایا کہ

کسی اور سے وہ منگنی۔۔۔کیسے کر لے گا۔۔۔

وہ کیسے۔۔کر سکتا ہے۔۔۔اسکی نظر میں اس منگنی

کی

کوئی اوقات نہیں تھی عینہ۔۔اسکے جنون پر پریشان تھی

مگر اسے خود سے دور نہیں کر سکتی تھی۔۔۔

وہ اپنی من مانی پر اترا ہوا تھا۔۔عینہ کی سانسیں پھول

گئیں۔

"زار

اسنے اسکو کچھ بھی بولنے سے روکا۔۔ "ششش

میں نے تمھیں کتنا مس کیا ہے تم اندازا نہیں لگا

سکتی۔۔۔"

اسنے کہا۔۔۔اور دوبارہ سے اسپر جھکا اور بے حد

چاہت سے

وہ اسپر چاہت لٹا رہا تھا۔۔۔

اسے کچھ دیر لگی تھی وہ ہٹا اور عینہ کا چہرہ دیکھنے لگا

غور سے۔۔

وہ اپنے اس جنون پر۔۔حیران تھا کہ عینہ کے بنا۔۔

کیسے

وہ ایک پل بھی گزارے اسے سمجھ نہیں آئی وہ۔۔آگے

پیچھے کیا کرے گا۔۔۔۔

اور یہ بھی حقیقت تھی یہاں اسے دیکھ کر۔۔وہ بے حد

خوش ہوا تھا۔۔۔

عینہ سرخ چہرے سے اسے دیکھنے سے پرہیز کرنے لگی

جبکہ زار کی آنکھوں میں وہ تماشا آگیا جو اسکے

باپ نے

پہلی بار اسکے منہ پر مارا تھا وہ بھی عینہ کی ماں کی

حمایت میں زار نے ایکدم عینہ پر سے بازوں کی گرفت

ہٹائی

عینہ بیڈ پر جا گیرہ اور اسکی چیخ نے وہیں دم توڑ دیا

جب باہر عالیہ نے دروازہ کھٹکھٹایا۔۔۔

اسنے پکارہ۔۔ "عینہ

زار اسے سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا جبکہ عینہ۔۔کے رنگ

فق ہو گئے اسنے اپنی بے ترتیب دھڑکنوں اور۔۔۔اتھل

پتھل سانسوں کو سنبھالنا چاہا وہ کچھ بولتی کہ۔۔۔

زار نے سختی سے اسکے منہ پر ہاتھ رکھ کر کچھ

بھی بولنے سے اسے روکا

عالیہ نے زور سے دروازہ بجایا۔۔ "عینہ

م۔۔ماما بہت ڈانٹیں گی پلیز مجھے جواب دینے

دیں"

اسنے بمشکل زار کا ہاتھ ہٹایا اسکے ہاتھ کانپنے لگے تھے۔۔

"چلو آؤ آج اسے ایک۔۔۔دو دل کے دورے پڑوا ہی دوں

اسنے کہا اور ایکدم عینہ کو لے کر اٹھا وہ دروازہ تک

جانے لگا کہ عینہ خوف کے مارے اسکے آگے آ گئی۔۔۔

زار نے اسے۔۔۔پھر بازوؤں میں حائل کر لیا۔۔عینہ کا

بس

نہیں چلا وہ رونے لگ جائے۔۔

عالیہ بھڑک کر بولی "عینہ

"ج۔۔جی مما

وہ زار کی وارفتگی پر گھبراتی بولی۔۔

"کہاں پر ہو کب سے دروازہ بجا رہی ہوں

عالیہ نے بھڑک کر کہا۔۔

عینہ نے جھوٹ "مما میں میں شاور لے رہی ہوں

بولا

زار کے لب اوکی شیپ میں گول ہو گئے

وہ اسکے کان میں بولا کہ عینہ کی "چلو شاور لیں

www.BestUrduBook.com

حالت

بے ہوش ہونے والی ہو گئ

یہ کون سا وقت ہے شاور لینے کا جھوٹ مت

بولو

"باہر نکلو

وہ بولی اسے یقین نہیں آیا زار سنجیدگی سے دروازے

کو گھورنے لگا

وہ بولی "مما پانچ منٹ تک آتی ہوں پلیز

جبکہ عالیہ کو عجیب محسوس ہو رہا تھا وہ چپ ہو

گئی

مگر باہر کھڑی رہی۔۔زار کو۔۔۔ بھی یہ بات

محسوس

ہوئی تھی کہ عینہ پھنس چکی ہے وہ کھڑکی کے راستے

سے باہر نکلا اور عینہ کا چہرہ تھاما۔۔۔ کہہ دو پانی نہیں

آرہا۔۔۔ میں نل بند کرا دوں گا"

اسنے پلین بتایا عینہ۔۔جو فق چہرہ لیے کھڑی تھی سر

ہلا گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عالیہ نے عینہ کو کھری کھری سنادی تھی زارلون

کے

راستے اندر آیاتب بھی عالیہ عینہ کوڈانٹ رہی تھی

کہ یہاں آنے کے بعد تمھاری حرکتیں مشکوک

ہوجاتی

ہیں۔۔اور تم بہت بدتمیز اور بدتہذیب ہو گئ ہو اور

بھی بہت کچھ وہ سنارہی تھی زار کا بس نہیں چلا

۔۔اسکی آنکھوں کے سامنے عینہ کو اسکے پاس سے لے

جائے مگر وہ ایسا نہیں کر سکتا تھا وہ افنین کے روم

میں چلا گیا کل منگنی کی رسم تھی۔۔

اسکے دل میں کوئ خوشی نہیں تھی اس بات کی ہر

گزرتے دن کے ساتھ عینہ کی یاد اسکے دل ودماغ کو

جکڑتی جارہی تھی اور اسے۔۔عینہ کو پالینے کی

خواہش سر توڑتی تھی مگر۔۔وہ خاموش تھا

حالات

کی سبب۔۔

افنین ماہی کے لیے۔۔۔جو سامان تیار کر رہی تھی وہ

زار کو دیکھانے لگی۔۔۔

زار غائب دماغی سے یہ سب دیکھتا رہا باپ سے

ایک

ہفتے سے بات نہیں کر رہا تھا عالیہ کو تھپڑ مارنا

اسے

بلکل بھی غلط نہیں لگا وہ عورت ڈیزرو ہی یہ کرتی

تھی جو اسنے اسکے ساتھ کیا وہ نہ شرمندہ تھا

ناپشیمان۔۔

اگر وہ ماں کے عہدے پر تھی۔۔۔تو اسے ماں بننا چاہیے

تھا۔۔۔مگر اس عورت کی کوئی حرکت ایسی نہیں تھی

پھر وہ کیوں اسے ماں سمجھتا۔۔ تبھی وہ اسکے معاملے میں ہر لحاظ مروت سے عاری تھا۔۔

زار۔۔کچھ دیر انکے پاس بیٹھا رہا انکے ساتھ سامان دیکھتا رہا وہ خوش تھیں اسے سامان دیکھاتے ہوئے مگر زار کے دل میں کوئی خوشی نہیں تھی زار کے خیالات اور دماغ پر عینہ ہی سور تھی۔۔

وہ کچھ دیر بعد اٹھ کر وہاں سے چلا گیا۔۔۔

اگلے دن عینہ کو خبر ہو چکی تھی آج زار کی منگنی ہے یہ بات یہاں سن کر اور تیاریاں دیکھ کر۔۔۔اسکا دل مٹھی میں جکڑ گیا تھا۔۔اسکے آنسو۔۔بہنے لگے تھے اسکی ماں نے رات زبردستی روک لیا تھا ورنہ وہ یہاں نہ روکتی اور چلی جاتی

مگر اسے یہاں عالیہ کی وجہ سے روکنا پڑا تھا اور جیسے صبح ہلچل دیکھی۔۔اسے لگا اسکے دل پر بوجھ بڑھ گیا ہے۔۔محسوسات۔۔ختم ہو رہی ہیں وہ کمرے میں بند ہوئی کافی دیر تک روتی رہی تھی۔۔جب وہ روم سے باہر آئی۔۔تو معلوم ہوا زار تو آفس جا چکا ہے۔وہ اپنے آپ اس سے خفا ہو گئی تھی ایسی بھی کیسی ضد کے ایک پرسنٹ بھی وہ اپنی ضد سے پیچھے نہ ہٹے وہ دیکھے تو سہی۔۔۔اسکیطرف وہ اس سے بے حد محبت کرتی ہے اسکے لیے دن کو رات بھی سمجھ لیتی ہے جب کاہن وہ

چاہو وہ اکسے لیے موجود ہوتی ہے پھر وہ کیوں نہیں

تعینات دیتا اسے۔۔

اسکا دل بے چین تھا اداس تھا۔۔اور پھر کہ

جانے زارے پاس اکسے آفس جانے کی کیوں اسنے

سوچ لی۔

وہ عالیہ کے ساتھ ناشتہ کر رہی تھی انس شاہ آج

موجود نہیں تھے وہ خفا تو تھے ہی مگر بیٹے کے فنکشن کی

تیاریاں۔ مسلسل جاری تھیں تبھی عینہ کے دن پر وزن ہو

رہا تھا۔۔اور اسی ایوز وہ ماں کی جانب دیکھنے لگی

اسنے پکارہ۔۔ "مما

وہ کھانا کھاتے ہوئے پوچھنے لگی "ہمم

میں۔۔۔مجھے کچھ نوٹس دینے ہیں یونیورسٹی میم نے
کہا تھا اولڈ نوٹس سبمیٹ کرا دیں۔۔تو۔۔۔میں تھوڑی
وہ سر جھکائے جھوٹ بولی "دیر کے لیے چلی جاؤ
نہیں۔۔کوئی ضرورت نہیں اچھا سا۔۔تیار ہو۔۔اور
"فنکشن میں جانے کے لیے سوچو
وہ باضد ہوئی "مما میں جلدی آجاؤ گی
"عینہ مجھے تمھاری یہ ہی حرکات بری لگتی ہیں
مما میں نے اتنے دنوں بعد آپ سے بات کی ہے
کسی جگہ اپنے کی اجازت مانگی ہے آپ اسپر بھی
"انکار کر رہی ہیں۔میں ابھی کچھ دیر میں آ۔جاؤں گی نہ
وہ موبائل اٹھا کر۔۔ "ٹھیک ہے اسفر کے ساتھ جاؤ
اسفر کو کال کرنے لگی

اسنے کاہ "ٹ۔۔ٹھیک ہے وپاسی پر وہ سپہ کر لیں

علایہ نے اسے گھورا

وہ غصے سے بولیں۔عینہ "آدھے گھنٹے میں واپس۔آجانا

کے لیے تو یہاں سے نکلنا ہی غنیمت تھا تبھی وہ ایکدم

اٹھی ا

ور۔۔۔کمرے ءں چلی گئ پرانے کپڑے یہاں موجود

تھے اسنے۔۔ڈارک بلیو کلر کا سوٹ نکالا اور پہن کر وہ

تیزی سے باہر نکلی

علایہ نے ڈرائیورز ے عینہ کو یونیورسٹی بھیجنے کا کہہ دیا

تھا عینہ نوٹس لے کر وہاں سے چلی گئ اسکے دل میں زار

سے ملنے کی خوشی بھی تھی۔اصر۔۔کچھ ڈر بھی لگ رہا تھا

وہ زار کو روکنا چاہتی تھی وہ منگنی نہ کرے۔۔۔وہ اسے

ایکسیپٹ کر لے۔۔۔

وہاسے سزا رینا بند کرے۔۔۔

وہ احبا سنانے جا رہی تھی شاید ع ہ مان جاتا۔۔

ڈرائیور نے یونیورسٹی چھوڑا تو۔۔عینہ اندر چلی گئ اسے واقعی نوٹس دینے تھے دینے کے بعد وہ۔۔۔باہر آئ۔اور اسنے زار کے آفس کی کیب کرالی

وہ۔۔۔آج جاتے ہوئے ڈر نہیں رہی تھی بس یقین تھا وہ غصہ کرے گا مگر وہ مامانت جا رہی تھی یہ شاید کوئ تسلی سننا چاہتی تھی

دس منٹ میں وہ وہاں پہنچی اور۔۔۔افسمئں اگئ آج انس شاہ آفس نہیں ا رہے تھے۔۔ تبھی وہ ریسیپشنسٹ کے پاس گئ وہ لڑکیا سے پہچانا گئ تھی

"میم آج انس سر نہیں آئے

عینہ نے کچھ جھجھکتے ہوئے کاہ لڑکی نے "مجھے زار سے مکان ہے

اسکیطرف دیکھ کر سر ہال دیا

"سر اس وقت میٹینگ میں ہیں اپکس ویٹ کرنا ہو گا

وہ بولی

۔

اسنے "کیا آپ انھیں بتا سکتی ہیں عینہ آئی ہے

کہا تو۔۔وہ لڑکی ں ملنگی کرنے لگی

وہ لڑکی ڈرتے ہوئے بولی "ایم سوری میم وہ خفا ہوتے ہیں پھر

تو وہ ہلکا سا مسکرا دی

یہ تو حقیقت تھی وہ سر ب کو جھڑک دیتا تھا تو وہ

اس بے چاری لڑکی کو کیوں پھنسواتی تبھی اسنے سر ہلایا

اور۔۔وہ۔۔زار کے افس کا پتہ لے کر وہ خود اس تک

جانے کے لیے چل پڑی دوسرے فلور پر اسکا

آفس تھا۔۔اسے جاتے ہوئے بس کچھ ہی دیر لگی تھی وہ ۔۔وہاں پہنچی تھی

روم لاک تھا اسے پہلے احساس ہوا کہ۔یہاں میٹینگ بھی تو ہو رہی ہے۔

وہ کچھ دیر وہیں رکی رہی اسے تقریبا بیس منٹ وہ گئے تھے وہ زرا کے لیے خاموشی سے اسکے کمرے کے باہر کھڑی تھی۔۔۔

اور جب تھوڑی دیر اور گزری۔۔اسنے آہستگی سے دروازہ ناک کر دیا

مگر دروازہ۔۔۔جب نہیں کھلا۔۔۔تو اسنے۔۔جیسے ہی ہینڈلڈل ہر ہاتھ رکھا۔۔۔

دروازہ کھلتا چلا گیا مگر اندر کا منظر دیکھ کر۔۔اسے لگا اسکے قدموں تلے زمین سرک گئ ہو

سمانے ماہی اور زار تھے۔۔ماہی کا دوپٹہ زار ٹھیک کر رہا تھا اور اچانک عینہ وک سامنے دیکھ کر۔۔۔زار ہے رنگ فق ہو گئے۔

عینہ کے ہاتھ سے دروازہ چھٹا اور وہ۔۔ریلینے ولا ادر صازہ اسکے منہ پر ایر پڑا تھا وہ پیچھے ہٹی۔۔۔۔

اور دیوار تھام لی

زار۔بایر کی طرف دوڑا۔۔۔ ”عینہ

ماہی بھی پریشان تھی۔۔

وہ دونوں کل ہونے والی میٹینگ ڈسکس کر رہے تھے یہ اتنی ضروری بھی نہیں تھی مگر۔۔۔زار اسے ڈمارے معملات سے آگاہ کر رہا تاج۔۔

جب میٹینگ طویل ہوئی تو۔۔دونوں نے ہی بریک لینے کا سوچا اور جیسے ہی ماہی جانے لگی اسکا دوپٹہ چیئر مین الجھ کر بے ساختہ کھینچ گیا

آج دونوں کی منگنی تھی مگر دونوں کے ہی چہروں پر ایسی کوئی تاثر نہیں تھا ماہی اسے بھیا پانی جاب سمجھ رہی تھی۔۔۔

جہاں تک اسکے لیے ممکن تھا۔۔۔

جائے ہی اسکا دوپٹہ اترا۔۔۔ماہی پریشان ہو گئی وہ دوپٹہ پہننے کے لیے جھکی تبھی زار نے جھک کر اسکو دوپٹہ دیا اور تبھی وہ نے دروازہ کھول لیا

وہ اجنبی نہیں تھی عینہ وہم ہے مگر وج بھی تھی زلشاید زار کے بے حد نزدیک تھی

اسے افسوس ہوا کہ وہ لڑکی کسی غلط فہمی کا شکار وہ چپکی

ہے

زارا اسکے پیچھے بھاگا تھا۔۔

وہ جلدی سے بیسر نکال عینہ دور کھڑی تھی بے یقین

نظریں تھیں سرخ

۔۔پل میں وہ رو کر اپنی آنکھوں پر ظلم ڈھانا شروع کر

دیتی تھی

زار۔۔۔نے اسے پکارہ

"وہ تم سمجھ رہی وہ ویسا کچھ نہیں ہے

وہ بولا تو۔۔۔عینہ نفی میں سر ہلاتی اس سے دور رہنے لگی

مجھے لگا آپ یہ منگنی صرف مجھے۔۔مجھے

"۔۔جلانے کے لیے کر رہے۔۔۔م۔۔۔مگر

وہ نفی میں سر ہلاتی۔۔روتے ہوئے وہاں سے بھاگی۔

زار چیخا۔۔۔اور "وہ۔۔یو ڈیم اڈیٹ گرل تم پاگل وہ گئ ہو۔۔۔

اس دھاڑ پر۔۔تمام آفس نے حیرانگی سے دیکھا

تھا اس بھاگتی لڑکی کو۔۔۔وہ بے حد خوبصورت تھی

اور آپ ے بوس کو جس کو آج تک کسی وک

گھاس ڈالتے نہیں دیکھا اور وہ کسی لڑکی کے پیچھے دوڑ رہا

تھا

عینہ آفس سے بسیرا۔گئ۔ا

ج سورجا سکے گالوں پر۔چبھتا ہصالحسوس ہوا۔۔

زار نے عینہ کا ہاتھ تھامنا چاہا مگر عینہ میں نہ

جانے کاہن سے طاقت اگئ تھی اسنے۔۔اپنا ہاتھ

چھڑا لیا

۔۔

"مجھے اپ سے کوئ بات نہیں کرنی

"تم غلط سمجھ رہی ہو۔۔ایسا کچھ نہیں ہے

عینہ نے "اسکا دوپٹہ پکڑ کر لیا کر رہے تھے پھر زار

اب کسی کی پرواہ نہیں کی تھی اسکا گریبان پکڑ لیا

زار ارد گرد غلگ۔کو دیکھنے لگا

عینہ اک یہ روپ پہلی "بیٹھ کر بات کرتے ہیں

بار دیکھا تھا ورنہ ڈرا سہما انداز ہی اپنایا تھا۔۔

کون سی بیٹھ کر بات کریں گے آپ۔۔آپ اپنی

منگیتر کے ساتھ وقت گزاریں۔۔پچھلے ارھے گھنٹے سے

میں آپکے دروازے کے باہر کھڑی یہ سوچ رہی ہوں کے

کب یہ دروازہ کھلے گا اور جب دروازہ کھال تو آپ

اپنی منگیتر کے ساتھ تھے زار یہ پرائیویٹ میٹینگ تھی

اسنے "وج آپ اکثر میرے ساتھ کرتے ہیں

۔۔روتے ہوئے گال صاف کہتا صرسرخ نظریں

سرخ چہرہ۔۔۔بلیو سوٹ میں وہ روتی ہوئی۔۔۔ارد گرد صلگن کی توجہ اپنی جانب کھینچ چکی تھی

"عینہ میری بات سنو۔۔۔میں تمھیں ایکسپلین کر تو رہا

"مجھے نہیں سننا کچھ۔۔۔مبارک وہ آپکو یہ منگنی اسنے ہچکی بھری تھی اور۔۔۔وہ ارد گرد دیکھ روک ت کی کوشش کرنے لگی

زاروک "ہو گیا تمھارا ڈرامہ چلو میرے ساتھ

وہ چڑھا۔۔

عینہ نے پھر سے اس سے ہاتھ چھڑا لیا

مجھے مت چھوئے گا زار آپکی خریدی ہوئی لونڈی نہیں ویں

وہ چیخی۔۔"۔۔میں

اور کیب رک ہی گئی اسنے ہیں میں بیٹھنے میں
ایک منٹ پا گیا تھا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ اسکی
نظروں سے غائب ہو گئی۔۔۔

زار دندناتا ہوا پلٹا تھا اور ریسپشنیسٹ کے سر پر پہنچ گیا
کیا ہی جلے آدھے گھنٹے سے عینہ آفس میں تھی مجھے
وہ چیخا اور اسنے۔۔۔زور سے ٹیبل "بتایا جا سکتا تھا
پر ہاتھ مارا

ا۔۔۔ایم سوری سر آپ میٹینگ میں تھے
بھاڑ میں گئی میٹینگ۔۔۔آپ کو مس نوشین مجھے
وہ پھاڑ کھانے کو دوڑا۔۔۔ا"انفارم کرنا چاہیے تھا
ج کسی کا دوپٹہ اٹھا کر دینا سبزے بڑی بھول لگی تھی۔۔
اسنے کبھی ماہی پر ایسی ویسی نظر نہیں ڈالی تھی کہ یہاں تک
کے اج ان دونوں کی منگنی تھی تب بھی اکسے دل میں

صرف اعظمی اک خیال تھا مگر عینہ اتنی بڑی غلط فہمی کا شکار عہ جائے گی وہ یہ نہیں جانتا تاج۔۔

اسکی پیشانی پر پہلی بار پسینے کی بوندوں چھوٹ چکیں تھیں سٹاف اسے حیرانگیس ے دیکھ رہا تھا اوہ۔۔ مزید کچھ بولے بنا وہاں سے اپنے روم میں چال گیا اور۔۔۔ اسنے اپنا گیرے کوٹ اتلٹھایا۔ وئائٹ شرٹ اور گرے ہی پینٹ میں ملبوس وہ چھایا ہو الگ رہا تھا وہ باہر نکل ے لگا۔۔

www.BestUrduBook.com

کہ ماہی سمانے ا۔ گئ

وہ "ایم سوری سر میری وجہ سے غلط فہمی وہ گئ شرمندہ تھی

اٹس اوکے آپکا مسلہ نہیں اس لڑکی کا دماغ خراب زار کو عینہ پر بھی غصہ چڑھا ہوا تھا تبھی وہ "ہی ہے

اجنبیت سے کہتا آپس سے گزر گیا ماہیا سے دور
جاتا دیکھنے لگی
کیا یہ ممکن تھا کہ ان کی منگنی حقیقت میں ہوتی

وہ ایک پل۔وہ سوچنے لگی تھی۔



وہ گھر میں داخل ہوا تو دیکھا علایہ پریشان
کھڑی تھی

انس آج اسنے میری ابت نہیں سنی وہ بد تمیز
لڑکی میرے ساتھ بد تمیزی ہر ہے اکیلی نکل گئ ہے
اسفر یونیورسٹی کے اپر اسکا انتظار کر رہا ہے اس
"بد تہذیبی پر بھیا پ اسکا فیور کر رہے ہیں

عالیہ

نے کہا

وہ بولے اور۔۔۔ "عالیہ تم صبر کر سکتی ہو

صدام کو فون کرنے لگے۔۔۔

زار کو محسوس ہوا معملات بڑھ چلے ہیں۔۔

اسنے گیری سانس بھری اور افنین کے پاس ا

گیا۔۔۔

وہ مسکرائی تو زار انکے گلے سے لگ "اگیا میرا بیٹا

گیا

۔۔

وہ پریشانی سے پوچھنے لگی "کیا ہوا اداس کیوں ہو

وہ پوچھنے "نہیں لینا داس نہیں ویں آپ خوش ہیں

لگا جیسے ابھی اسکی میں کہدے گی نہیں میں خوش

نہیں ہوں تم یہ منگنی نہ کرو تو کون اس سے یہ
زبردستی کرالیتا۔۔

مگر افنین نے نفی کی مجھے تو ماہی بہت پسند ہے
وہ مسکرا تو زار "ماشاءاللہ سگھڑ ہے خوبصورت ہے۔
بھی مسکرا دیا۔۔۔

باہر سے "عینہ انس میری بیٹی کہاں گئی عینہ کو ڈھونڈے
چیخنے کی آواز آئی۔۔

تو وہ دونوں ایکدم متوجہ ہوئے
افنین باہر نکلی تو اسکے پیچھے زار بھی تھا۔۔۔

عالیہ باہر چیخ رہی تھی چلا رہی تھی جاہلوں کیطرح
جبکہ انس شاہ نے صدام کو گھر میں تلاشی لینے
کا کہا جبکہ وہ گھر نہیں گئی تھی زار کو بے ساختہ
فکر ہونے لگی۔۔۔

نہیں انس بلکل نہیں آج یہ منگنی نہیں ہونے دوں

"گی میں جب تک میری بیٹی نہیں ملے گی

عالیہ نے زار کو یاہ نظر دیکھا اور بولی

انس نے اسکو سمبھالا

وہ "ہاں ٹھیک ہے تم اپنے آپکو سنبھالو وہ مل جائے گی

بولے

تانیہ طاہر ناولز

افنین کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ "نہیں۔۔

روم۔نے اسکیطرف دیکھا۔۔

آپکی بیٹی کا میرے بیٹے سے کوئی واسطہ نہیں تھا۔۔ تبھی

وہ بولیں۔ تو "آپ اسطرح نہیں کہہ سکتیں

عالیہ نے روتے ہوئے انس کو دیکھا

تم نے دیکھا انس یہ کس قسم کی عورت ہے اسے

اپنے بیٹے کی منگنی کی پڑی ہے میری بیٹی یہاں سے چلی

گئ ہے۔۔۔۔گھر کہیں گئ نہ جانے کہاں چلی گئ

"ہے اور یہ عورت

زار کچھ بولتا کہ افنین نے اسکا ہاتھ روک دیا

پہلے بھی اسی کے لیے لڑتے کرتے زار اور انس ایک

دوسرے کے مقابل آئے تھے۔۔

ان اکچھ نہیں بولے تھے

انس نے کہا "عالیہ چپ وہ جاؤ۔

کیسے چپ وہ جاؤں۔۔کیسے میری بیٹی کھو گئ اور یہ

"عورت منگنی کرے گی

انس میں اپنی خوشیاں قربان جبر س کریں ہوں

اپنے بیٹے کے لیے ایک۔۔۔منٹ کے لیے بھی سر

نہیں جھکاؤ گی اپلب آپ مجھے باغی سمجھے یہ کچھ بھی

میرے بیٹے کا فنکشن۔۔ویا آہی وہ گا جیسا میں چاہتی وہ۔بولی زار سمیت انس شاہ بھی حیارن تھے افین " انکے سامنے کچھ نہیں بولی تھی اور آج حتمی فیصلہ سنا گئ تھی

زار کو۔۔ارد گرد کئ باتوں سے زیادہ اس بات کی فکر تھی کہ ۔۔عینہ کہاں گئ اور دوسری اہم بات کے اسکی ماں کو ماہی زیادہ۔۔۔پسند۔ا۔رہی تھی۔

زار بنا کچھ بولے۔وہاں سے نکل گیا

اب یہ عینہ کا ہن چلی گئ تھی وہ۔۔وہاں سے نکلا اور۔۔عینہ کو ڈھونڈنے لگا۔۔۔

وہ لڑکی کیسے اتنی سی بات کا پتنگڑ بنا سکتی تھی۔

وہ وہاں سے نکلا سیدھا حیا کے گھر پہنچا تھا۔وہ کچھ

ہی دیر میں وہاں پہنچا حیا کو فون کیا

عینہ کو باہر بھیجو

اسنے حکم دیا۔۔

حیا کہہ دو مر گئی عینہ اور دوبارہ میری طرف

عینہ غصے سے بولی تھی۔ "دیکھنے کی ضرورت نہیں

زار نے دانت پیسے۔ "عینہ

"حیا میری بات کرواس سے

زار نے پھر سے کہا

"عینہ بات سن لو آ کسی تمھیں غلط فہمی بھی وہ سکتی ہے

حیا کو بھی یقین نہیں آ۔رہا تھا

مگر عینہ کیسے یقین کرتی کہ۔اپنی آنکھوں سے وہ دیکھ چکی تھی

اور پھر زار نے فورا اس بات کی گواہی کیوں نہیں دی

ماہی کے سامنے کیوں نہیں دی

اسکو وہ واقعی منگیتر مان چکا تھا۔۔

وہ وہ اس سے پیار کرنے لگا تھا نہیں عینہو ک یہ

گوارہ نہیں تھا۔

وہ مسلسل رو رہی تھی زار نے کچھ دیر تو یہ سب برداشت

کیا اور۔۔

اسکے بعد وہ پہلی بار جرت کر تا حیا کے گھر

میں داخل وہ گیا حیا اسے دیکھ رک پریشانی سے

عینہ و ک دیکھنے لگی

جبکہ زار اسی کمرے میں اگیا جہاں عینہ تھی

وہ بیڈ پر بیٹھی گھٹنوں میں منہ دیے رو رہی تھی

وہ بھڑکتا ہوا اونچی آواز "کیا ڈرامہ لگایا ہوا ہے تم نے

میں بولا۔۔۔

میں کوئی ڈرامہ نہیں کر رہی آپ۔۔ ہوما ہی میں

انٹرسٹ ہے تو مجھے طلاق دے کر اس سے شادی کر

لی۔۔۔

زار کا بے ساختہ اسپر ہاتھ اٹھا تھا۔۔

عینہ ایکدم بیڈ پر گیر گئی اور اسی پوزیشن میں رونے لگی

تھی۔۔ وہ۔۔ چہرہ چھپا کر رونے لگی تھی جبکہ۔ زار ملنے

مٹھیاں بھینچ لیں۔۔

حیا۔۔۔ آگے بڑھی زار نے اکسیطرف دیکھا

"سوری مجھے تھوڑا اس اوتق چاہیے تمھارے گھر

میری دوست پر ہاتھ اٹھانے کی ضرورت ہیں ہے زار

صاحب آپکو اگر اتنے ہی سچے ہیں تو زبردستی کریں منو

"آر ہے ہیں ثابت کر دیں

عینہ اٹھتے ہوئے چیخی "مجھے کوئی ثبوت نہیں چاہیے ان سے

سنہ ہی مجھے انپر یقین ہے اور اگر یہ چاہتے ہیں کہ میں

یقین کروں۔۔ تو یہ جا کر پوری دنیا کے سمانے مجھے

ایکسیپٹ کریں ورنہ طلاق دے دیں بھلے اب مجھے ماریں

یہ کچھ بھی کریں اور اگر انھوں نے یہ بات نہیں بتائی

تو مجھے بھی قسم ہے میں ماسفین آنٹی کوج آکر سب کچھ بتا

"دوں گی مگر اب انکی ایک بار نہیں سنو گی

زار نے اسے پکارہ "عینہ

قبول کریں مجھے جہاں ایک اس سے منگنی کرنی ہیں

"وہاں بتائیں کہ عینہ میری بیوی ہے

تمھاری ان ساری بکواس سے مجھے ہر چیز فرق نہیں پڑتا۔۔ میں اپنی ماں کی خوشی کے آگے تمھارے لیے بھی وہ بھینچے بھینچے لہجے میں بولتا وہاں سے "نہیں سوچوں گا نکلتا چلا گیا جبکہ۔۔

عینہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی

۔۔.....

تانیہ طاہر ناولز

اسکے سر میں عینہ کی باتوں سے سخت درد ہو چکا تھا دل ہی نہیں کیا وہ گھر لوٹے۔۔۔

مگر عینہ کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر۔۔۔ بھی اچھا نہیں لگا تھا مگر وہ کسی بھی صورت اپنی ماں کو تکلیف نہیں دینا چاہتا تھا نہیں سننا چاہتا تھا کہ جیسا اسکا باپ

تھا ویسا بیٹا اور نہ وہ عالیہ کے منہ پر

مسکراہٹ دیکھنا

چاہتا تھا کہ۔۔۔۔۔۔

زارانس شاہ۔۔اسکی بیٹی پر مرمٹا

وہ۔۔پریشانی سے سر تھامے بیٹھا تھا۔۔۔

ابھی کچھ ہی دیر میں۔۔۔وہ جانتا تھا منگنی کی رسم

کی ادائیگی ہونے والی ہے اور منگنی کی رسم۔۔۔میں

اس

کی ماں کتنا خوش ہیں یہ تو وہ جانتا ہی تھا۔۔

وہ کیفے میں کافی کا مگ پی کر۔۔۔اٹھا ارادہ گھر جانے

کا تھا عینہ کو ہینڈل کرنا اتنا بھی مشکل نہیں تھا تبھی

اسنے جو ہو رہا ہے ہونے دینے کا سوچا تھا۔۔

لبوں میں سیگریٹ جلائے وہ۔۔۔گھر کی راہ لے چکا

تھا۔۔

صدام کو پتہ چل چکا تھا عینہ حیا کے پاس ہے

اسنے

پہلی بار عینہ کو ڈانٹا تھا کہ وہ بتا سکتی تھی سب کو

کہ وہ۔۔حیا کے پاس ہے وہاں کتنا واویلا مچا ہے۔۔۔

عینہ چپ چاپ کھڑی رہی تھی وہ کٹ پتلی بن

چکی تھی

سب کے ہاتھوں جس کا جیا دل کرتا تھا اسے ویسے

ٹریٹ کرتا تھا۔۔

جب صدام نے زیادہ ڈانٹنا شروع کیا تو۔۔حیا بیچ

میں آ

گئ میرے پاس ہی تھی۔۔اپ لوگوں کو اپنا دماغ بھی

استعمال کرنا چاہیے اسکے پاس کوئ موبائل ہے جو

آپ

لوگوں سے رابطے کرتی اور میرے پاس آنے میں

کیا مسلہ

تھا جو آپ اتنا سنا رہے ہیں۔۔۔

حد ہوتی ہے وہاں آنٹی تنگ کر کے رکھتی ہیں یہاں آپ

بھی شروع ہو گئے کوئ اسکا بھی خیال کر لے وہ۔۔کوئ

بے جان مخلوق نہیں ہے۔۔احساسات رکھتی ہے

اور عینہ

میرے پاس رہ رہی ہے جب دل کرے گا آپکے پاس

آجائے

حیا آنکھیں نکال کر بولی اور عینہ کو لے کر اندر لے "گی

گئ جبکہ صدام نہ جانے کیوں چپ کھڑا رہ

گیا۔۔

عینہ حیا کے گلے لگ کر بری طرح تڑپ تڑپ کر

روئ تھی۔۔

کوئ ضرورت نہیں رونے کی سیدھی طرح افنین آنٹی

کے

"پاس جاؤ اور انھیں بتا دو کہ تم زار کے نکاح میں ہو

حیا نے اسے دور کرتے ہوئے جھنجھوڑا

پاگل ہو گئ ہو حیا زار مجھے جان سے مار دے گا۔۔۔

وہ وہ ایسا انسان نہیں ہے میں جانتی ہو۔۔وہ کبھی

کمپرومائز نہیں کریں گے اور اپنی ماں کے لیے تو بلکل

"بھی نہیں

اسنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔۔

تو ساری زندگی۔۔یوں ہی۔۔۔گزارو گی تم۔۔آج اپنے حق

کے لیے نہیں لڑی تو کبھی نہیں ملے گا تمھیں زار اور نہ

عالیہ آنٹی کبھی انس شاہ کو چھوڑیں گی اور نہ تم کبھی

زار تک پہنچ پاؤ گی پھر یہ خیالی پلاؤ یوں ہی پکاتی

"رہنا اور ٹیز ہوتی رہنا سب کے ہاتھوں

www.BestUrduBook.com

حیا نے جھڑک دیا

عینہ چپ ہو گئ

میں کیا کروں حیا۔۔مجھ سے یہ برداشت نہیں ہو رہا

کہ

عینہ پھر سے رونے لگی "وہ۔۔وہ ماہی کے اتنے قریب

عینہ میں تمھیں کچھ کہہ رہی ہوں تم کہیں پھنسی

حیا کو غصہ چڑھا۔۔ "ہوئی ہو۔۔۔

میں ایسا نہیں کر سکتی تم نہیں جانتی زار کو میری غلطی

"گناہ ہے جبکہ انکی غلطی صرف غلطی ہے

تو تم سب میں یہ بات کھول کر۔۔۔واضح کر سکتی ہو کہ

تم اسکے نکاح میں ہو کم از کم اسفر کا چیپٹر بند ہو گا۔۔۔۔

"اور زار پھر رخصتی کے بارے میں سوچے گا تو سہی

عینہ کو حیا کی بات درست لگی تھی مگر وہ اپنے اندر اتنی

ہمت کیسے لاتی کہ جا کر۔۔افنین آنٹی کو یہ بات

دیتی

"م۔۔ممگر میں ہمت نہیں

کھڑی ہو جاؤ اور جاؤ بلکے میں بھی "شیٹ آپ

چلتی ہوں

حیا اٹھی "میں گواہ ہوں اس بات کی

عینہ کا دم خشک ہونے لگا تھا نہ جانے کیوں اسے

یہ سب

درست نہیں لگ رہا تھا

حیا نہیں۔۔یہ سب بگڑ جائے گا میں نہیں

چاہتی وہ مجھ

"سے اور اکھڑ جائیں میرے کسی بھی عمل کو۔۔۔

عینہ تم انسان ہو یہ بے حس کوئی چیز تمھاری اپنے

آپ سے

متعلق یہ بے حسی سے ہی تمھاری ماں فائدہ اٹھا رہی

ہے

زار فائدہ اٹھا رہا ہے اور تم خود ان دونوں کو چپ رہ رہ

"کر ڈر ڈر کر موقع دے رہی ہو

حیا نے آنکھیں نکال کر کہا تو۔۔عینہ خاموش ہو

گئ۔

زیادہ مت سوچو ممکن ہے یہ قدم۔۔زار اور تمھارے

حق میں

اچھا ثابت ہو اسطرح ہو سکتا ہے تمھاری جانا اسفر

سے

چھٹ جائے اور افنین آنٹی اچھی خاتون ہیں وہ یہ

سب

جاننے کے بعد اپنے بیٹے کو فورس کریں تمھارے حق

میں"

حیا بولی

عینہ نے اپنے "انکے شوہر کی دوسری بیوی ہے میری ماں

آنسو صاف کرتے اسے جتایا تھا۔۔

حیا۔۔کم از کم وہ عورت مجھے تمھاری ماں جیسی نہیں

لگتی مطلبی۔۔"

عینہ کو بار الگا "حیا

www.BestUrduBook.com

بات صاف ہے۔۔۔۔"

حیا کہاں چپ ہونے والی تھی عینہ جانتی تھی یہ

حقیقت

ہے تبھی چپ ہو گئ۔۔۔

عینہ۔۔۔۔

"اٹھو۔۔۔اور اچھے کی امید رکھو

حیا نے اسے پیار سے کہا

"مجھے ڈر لگ رہا ہے کچھ برے کا احساس ہو رہا ہے

عینہ نے کہا تو حیا نے اسکے کانپتے وجود کو سینے سے

لگا لیا

"سب اچھا ہو گا تم فکر نہ کرو

وہ بولی تو عینہ کو تھوڑا بہت حوصلہ ہوا تھا اور صرف

اس ارادے سے کہ حالات شاید اسکے حق میں

ہو جائیں

اور یہ زندگی جس طرح وہ۔۔پریشانی میں گزار رہی

ہے

سب بہتر ہو جائے تبھی اسنے حیا کے ساتھ

افنین آنٹی کے

پاس جانے کا ارادہ کیا تھا

جب وہ گھر پہنچی تو ہر طرف انفراتفری تھی عینہ کا دل

بیٹھ گیا کہ گھر میں زار ہو گا۔۔وہ اسکی ماں اور ان سب

سے بچ کر افنین تک کیسے پہنچے گی وہ گھبرا کر پلٹنے لگی

کہ حیا نے ہاتھ پکڑ لیا ایک وہ بلکل رکنا نہیں چاہتی تھی

ہر چیز۔۔وہ لڑکی تباہ کر چکی تھیں ایک زار کے پیچھے

اپنی عزت تک۔۔۔

اور اس بات کا کھل جانا بہتر تھا۔۔۔اس سے

پہلے وہ ہوتا

جو زار۔۔چاہتا تھا۔۔۔

وہ اندر کیطرف بڑھنے لگیں اور جب حال میں داخل

ہوئی

تو ملازم تو دیکھے مگر گھر کا کوئی فرد نہیں دیکھا۔۔

حیا نے عینہ سے پوچھا کہ۔۔۔کون سا کمرہ ہے۔۔

عینہ نے کانپتے ہاتھ سے کمرے کی طرف اشارہ کیا

تو حیا

بنا رکے اسے اس کمرے میں لے گئ

عینہ کا وجود ٹھنڈا پڑ چکا تھا

بلکل اس چھوٹے بچے کیطرح اسکی حالت تھی جو پہلی

بار ایگزم حال میں بیٹھے اور سب کچھ۔۔آنے کے باوجود

...وہ کچھ لکھ نہ پائے

افنین نے مڑ کر دونوں کو دیکھا۔۔ تو عینہ کے ساتھ

ایک لڑکی

کو دیکھ کر ایک پل کے لیے چونکہ تھی اسکا کبھی ایسے

واسطہ نہیں پڑا تھا اور نہ ہی اسے ان سے کوئی مسلہ تھا

مگر عینہ اور افنین کے ساتھ کوئی اتنی کھلی گفتگو نہیں

تھی

کہ وہ اچانک اسکے روم میں جائے۔۔

افنین بیٹے کی منگنی کے لیے تیار تھی اور وہ بہت اچھی

بھی لگ رہیں تھیں۔۔۔

عینہ سر جھکا چکی تھی۔۔

اس کمرے میں سکینہ بھی تھی جو خود بھی حیرانگی

سے

دیکھ رہی تھی

سلام و علیکم آنٹی میں حیا ہوں عینہ کی دوست کیا ہم

"اکیلے میں بات کر سکتے ہیں

حیا نے سنجیدگی سے سکینہ کی جانب دیکھتے کہا

افنین نے سکینہ کو باہر جانے کا اشارہ کیا

اور پلیز۔۔ آپ اپنی ملازمہ وہ کہہ دیں عالیہ

آنٹی کو تب

تک کچھ نہ بتائے جب تک ہم باہر نہ آ

"جائے ہم یہاں ہیں

اسنے کہا۔۔۔۔

تو سکینہ ایکدم ہنس پڑی

نہیں جی باجی میں کیوں بتاؤ گی لگائی بھائی کی کہاں

وہ دانت نکالتی بولی اور باہر چلی گئ "عادت ہے ہمیں

"بیٹھ جاؤ

افنین نے دونوں کو کہا عینہ کا سرد پڑتا چہرہ وہ دیکھ

رہی تھی

حیا نے عینہ کیطرف دیکھا

"تم بتاؤ اپنے منہ سے

وہ بولی۔۔۔عینہ نے افنین کیطرف دیکھا وہ خاموشی سے

اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

۔ک۔۔۔کچھ بھی نہیں ہے ا۔انٹی۔ا۔اپ کو

م۔۔مبارک ہو۔۔۔ہو

"بیٹے ک۔۔۔کی

عینہ کانپتے لہجے میں بے ترتیبی سے بول کر اٹھ کر بھاگنے

کے لیے بے چین تھی کہ حیا نے۔۔اسکا ہاتھ پکڑ لیا

۔۔

"عینہ اپنی زندگی کو مشکل مت بناؤ

حیا نے سنجیدگی اور غصے سے کہا

عینہ پھر سے بیٹھ گئ۔۔

جب کہ اسکے گرتے پٹ پٹ آنسو۔۔۔افنین اور

حیا دونوں

دیکھ رہے تھے۔

حیا صبر سے بیٹھی تھی جبکہ افنین بھی اسے

خاموشی سے

دیکھ رہی تھی کچھ دیر میں اسکے بیٹے کی منگنی شروع

ہونے والی تھی۔

"ز۔۔۔زار

افنین کچھ بولتی کے اسکے منہ سے اپنے بیٹے کا نام سنتی

وہ دنگ سی ہو گئ۔۔۔

جس انداز میں وہ بولی تھی اسے یقین نہیں تھا کہ زار کا

موضوع ہو گا وہ بیٹھ گئی اور کچھ بولی بھی نہیں۔۔۔

م۔میں۔۔نے میں آج سے دو سال پہلے ایک

ایک۔۔کالج فن

فیئر پر۔۔۔زار اور میری ملاقات ہوئی تھی۔۔۔

میں۔۔میں نے اس وقت۔۔۔زار کی کسی بات کا

نوٹ نہیں

کیا تھا شاید مما کے ڈر سے۔۔۔

لیکن اسکے بعد۔۔۔سے زار

زار کالج آنے لگے تھے۔۔۔

ا۔انھیں م۔۔مجھ سے پیار ہو۔۔ہو گیا تھا۔ان۔۔انھوں

نے جب

یہ کہا تو میں بھاگ گئی تھی۔۔ڈر کر گھبرا کر

مگر۔۔جب

گھر میں ہوتی تھی تو انکا خیال بار بار آتا تھا۔۔۔۔

اور پہلے مجھے لگا تھا کہ وہ۔۔دوسرے لڑکوں کی طرح مج

۔۔مجھ سے ایسے ہی کہہ رہے ہیں مگر وقت گزرنے کے

ساتھ

احساس ہوا کہ۔۔۔میرا بھی دل انکیطرف کھینچنے لگا تھا

۔۔۔

اور۔۔۔پھر ہم ایک دوسرے سے ملنے لگے۔۔۔ہاں

مما کو اس

بات کا آج تک بھی علم نہیں تھا۔۔

پھر

کچھ عرصے بعد انس شاہ ہمارے گھر آنے

جانے لگے۔۔۔

مما اور انس انکل کی پیچھلی ساری باتیں جان کر م۔۔

مجھے آپ و۔۔ویلن لگتی تھی کہ آپ انکی محبت کے بیچ

میں گئیں یہ شاید انھوں نے وہ ہی رخ دیکھا یا تھا

جو ان

کے حق میں اترتا۔۔۔

میں اور بھائی انکی شادی کے لیے۔۔۔مان گئے تھے مما

بھی

خوش تھیں اور اب وہ چڑچڑی بھی نہیں ہوتی

تھیں تو

مجھے اچھا لگتا تھا ورنہ وہ ہمیشہ سخت رویہ رکھتی

تھیں

میرے ساتھ بھائی کے ساتھ۔۔۔۔

اس روز میں زار سے ملی اور میں نے ان سے کہا کہ وہ مجھے اپنے پیرنٹس کی پکس دیکھائیں تو انھوں نے مجھے جب آپکی پکس دیکھائی تو آپکی بہت تعریفیں کی تھیں بہت زیادہ جس سے مجھے احساس ہوا وہ آپ سے بہت محبت کرتے ہیں مگر اسکے بعد۔۔۔جب انھوں نے انس انکل کی تصویر دیکھائی تو میں شاکڈ رہ گئ۔۔۔

اور میں زار کو کچھ بھی بتانے کے بجائے یہ ابزرو کرنے

لگی کہ زار یہ بات جانتے ہیں کیا کہ انس شاہ

شادی کرنے

والے ہیں مگر اس دوران زار۔۔۔ چلے گئے ملک سے

باہر اور

پیچھے سے۔۔ شادی ہو گئ انس انکل اور مما کی۔۔ اور ہم

لوگ آپ کے گھر آ گئے۔۔۔

جب زار نے مجھے آپ لوگوں کے گھر دیکھا تو وہ

حیران رہ

گئے اور پھر انھیں سب پتہ چل گیا اور وہ مجھ سے

شدید

نفرت کرنے لگے تھے کہ۔۔۔ میں یہ سب

جانتے ہوئے بھی

چھپا رہی تھی ہاں میری غلطی تھی میں نے پہلے

وقت

میں نہیں بتایا اور۔۔۔

"وہ چپ ہو گئ

افنین کا چہرہ حونک رہ گیا۔۔۔اسے لگا اسکا دماغ

سن

ہو گیا ہوا۔۔۔۔عینہ جانتی تھی انھیں یہ سب

جان

کر بہت دکھ ہو گا۔۔

تبھی وہ انکی طرف نہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔

اسکے آنسو اسکے کانپتے ہاتھوں پر گیر رہے تھے

ز۔۔۔زارنے۔۔۔د۔۔دو ماہ پہلے مجھ سے ن۔۔نکاح کر لیا

۔۔۔۔

اس رات جب جب آپ گئ ہوئ تھی۔۔۔ مما اور انکل بھی

نہیں تھے۔۔ا۔۔اس۔۔رات انھوں نے م۔۔میرے ساتھ زبردستی۔۔۔"

وہ ایکدم رو اٹھی۔۔۔

حیا کی بھی آنکھیں بھیگ گئیں وہ کیسے اپنی محبت کے بارے میں یہ سب بتائے اسکی فیلنگز رئیل تھی

۔۔۔۔

افنین کو سانس بھی مشکل لگ رہی تھی۔۔۔۔

ان۔۔انھوں نے یہ نکاح صرف مجھ سے مما سے بدلے کے لیے

کیا تھا میں یہ نہیں کہہ رہی کہ انھوں نے مجھ سے محبت

میں یہ نکاح کیا۔۔تھا۔۔

وہ بے ساختہ اٹھ کر اسکے قدموں میں بیٹھ گئ

۔۔۔

افنین کی آنکھیں سرخ ہونے لگیں۔۔۔اسکی

آنکھیں بتا رہی

تھیں کہ وہ کتنی تکلیف میں ہے۔۔۔۔

"ان۔۔انٹی۔۔۔۔

عینہ کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا تھا حیا بھی ایکدم اٹھی

اور افنین دل پر ہاتھ رکھتی جھٹکے کھاتی ایکطرف

لڑھک

گئ۔۔

عینہ کی چیخ نکل گئ۔۔۔

حیا جلدی سے افنین کو پکڑنے لگی۔۔۔۔

مگر۔۔افنین۔۔ان دونوں سے ہی نہیں سنبھل رہی تھی

۔۔۔

تبھی دروازہ ایکدم کھولا۔۔۔زار شکست پر کوٹ ڈالے اندر

داخل ہونے لگا انداز تھکا تھکا سا تھا مگر سامنے کا

منظر

دیکھ کر اسکے ہاتھ سے کوٹ چھٹا اور زمین بوس ہو

گیا۔۔۔۔

وہ دوڑ کر افنین تک پہنچا تھا۔۔اور۔۔۔اسنے عینہ اور

حیا کو

دھکیل کر پیچھے کیا

اسکے منہ سے نکلا۔۔۔مگر افنین۔۔۔دل "ماں

تھامے جھٹکے

کھا رہی تھی۔۔۔۔

وہ چیخا اور دونوں بازوں میں افنین کو اٹھا لیا "ماں

یہ شور سن کر عالیہ بھی آ گئی

"عینہ

اسنے عینہ کو پکارہ جو بری طرح رو رہی تھی حیا بھی

پریشان حال کھڑی تھی

"کیا کیا ہے تم نے میری ماں کے ساتھ

زار عینہ پر دھاڑا تھا اسکا رنگ فق ہو گیا

"تم میری بیٹی سے کیسے بات کر رہے ہو

عالیہ غصے میں چیخی

وہ ضبط کرتا چیخا۔۔۔ "مجھ سے دور رہو

افنین کیطرف متوجہ ہوا تھا۔۔ "مما

وہ عینہ پر آخری نگاہ ڈال کر وہ۔۔ پلٹ گیا۔۔

جبکہ۔۔۔عینہ چہرے پر ہاتھ رکھے رونے لگی تھی

کیوں آئی تھی تم یہاں کیا کرنے آئی تھی تم دونوں اس

عورت

"کے پاس۔۔

عالیہ نے بھڑک کر پوچھا۔۔۔اور عینہ کو جھنجھوڑ دیا

عینہ نے اسکے آگے ہاتھ جوڑ دیا "پلیز۔۔ مما

وہ سسکی " مجھے میرے حال پر چھوڑ دیں

"دماغ وماغ تو نہیں پھیر گیا اسکا۔۔۔

عالیہ نے حیا کو دیکھا بے حد غصے کی کیفیت تھی

۔۔

حیا بولی تو۔۔۔عالیہ نے ہاتھ اٹھایا "عینہ چلو

یہ فلحال اسفر کے ساتھ ڈنر پر جا رہی ہے تم جاؤ اور

لڑکی اپنی شادی وادی کراؤ تم۔۔ادھر ادھر پھیرنے

کی

"ضرورت نہیں

اسنے طنز کیا حیا دانت پیس کر دیکھنے لگی

"مجھے نہیں جانا

عینہ نے آنسو صاف کیے اور کھڑی ہو گئ

تمھارا تو باپ بھی جائے گا

اسنے زبردستی عینہ کا ہاتھ جکڑا اور اسے کھینچ "۔۔چلو

کر وہ روم سے باہر لے آئ۔۔۔جبکہ حیا حیرت سے

یہ سب

دیکھ رہی تھی

حیا کے سامنے وہ عینہ کو نہیں کھینچ سکتی تھی۔۔۔

اسنے سوچا تھا کہ نتاشہ سے وہ بات کرے گی

صدام اور

اسکے نکاح کے لیے شاید پھر وہ کچھ کر پائے عینہ کے لیے

وہ خاموشی سے باہر چلی گئ جبکہ۔۔۔

عالیہ نے زبردستی عینہ کو اسفر کے پاس

جانے کے لیے تیار

کیا تھا۔۔اسپر چلائی تھی وہ۔۔۔عینہ سہم چکی تھی۔۔

زار کا غصہ دیکھ کر اور افنین کی طبعیت دیکھ کر

اسنے۔۔۔"اللہ کرے یہ افنین مر جائے

بھڑک کر۔۔۔کہا

عینہ اپنی ماں کو دیکھتی رہ گئ

افنین کو ہارٹ اٹیک آیا تھا۔۔۔زار بے حد پریشانی میں تھا

عینہ وہاں کیوں تھی مما کی ایسی حالت کیوں ہوئی

کیا ہوا تھا کیا اسنے بتا دیا۔

وہ بینچ پر بیٹھا اپنے پاؤں کو گھور رہا تھا۔۔۔

عینہ اتنی بڑی بیوقوفی نہیں کر سکتی

اسکے دل کہہ رہا تھا پھر کیوں کیا ہوا تھا جو افنین کو اتنا

میجر ہارٹ اٹیک آیا تھا

وہ سوچ سوچ کر پاگل ہو رہا تھا

تبھی انس شاہ دوڑ کر آتے دیکھائے دیے۔۔۔

زار نے منہ موڑ لیا اس دن کے بعد۔۔۔ان کی آپس میں

بات چیت نہیں تھی

انس شاہ نے پوچھا۔۔ "کیا ہوا ہے

"اپنی بیوی کی بیٹی سے جا کر پوچھ لیں

اسنے سرد لہجے میں جواب دیا

لیکن میں یہ بات واضح کہہ رہا ہوں میری ماں

کو کچھ

۔۔۔کچھ بھی ہوا۔۔

ایک لمحے کے لیے آپکا یہ کسی کا نہیں سوچوں گا ان سب

"عورتوں کو۔۔۔باہر پھینک دوں گا میں۔۔۔۔

وہ دانت پیستے ہوئے انس کو دیکھنے لگا

"ڈاکٹرز نے کیا کہا ہے

انس نے اسکی بات اگنور کرتے پوچھا

"ہارٹ اٹیک ہے

انس حیران رہ گئے "واٹ

"کیوں کیا ہوا ایسا ہارٹ اٹیک کیوں

وہ پریشانی سے بولے

آپ نے بڑی خوشیاں دیں ہیں میری ماں کو تو اب

نتاشہ بولی تو صدام نے جواب نہیں دیا

"میں نے پوچھا ہے حیا کہاں ہے

کیا مسلہ ہے صدام میں تمھاری اور اپنی بات کر رہی

ہوں

نتاشہ بھڑکی۔۔۔ "اور تم حیا حیا بولے آج رہے ہو

صدام نے کوئی ریسپونس نہیں دیا

وہ اس سب کی زمہ دار خود تھی اسنے جو کچھ بھی کیا

تھا خود سے کیا تھا۔۔

اب جو ہو گیا تھا پھر اس سے نظریں

چھڑانے کا سوچنے

کی اسے ضرورت بھی نہیں تھی کیونکہ صدام اب پیچھے

نہ ہٹتا وہ نتاشہ کے ساتھ جوڑے رشتے کو۔۔اب

اہمیت

نہیں دیتا تھا کیونکہ اسنے بہت کمپرومائز کی اور

اس

رشتے بچانے کی کوشش کی مگر انجام اسکے سامنے

تھا

تبھی اسنے توجہ دیے بنا نتاشہ کو دور دھکیلا اور پیچھے

پلٹ کر حیا کے پاس چلا گیا۔۔

نتاشہ وہیں سے چیخی اور اسے اپنی سنگین غلطی "صدام

کا اندازا ہو گیا۔۔

صدام حیا کے پاس آیا وہ۔۔ آنٹی کے پاس بیٹھی تھی

۔۔

صدام کو دیکھا۔۔ صدام نے مسکرا کر اسکیطرف پھول

کیے جنھیں اسنے زرا خفگی سے تھام لیے۔۔۔

آنٹی بھی مسکرا دیں

یہ لڑکی تو پاگل ہو گئی ہے بیٹا اسے زرا تم ہی سمجھاؤ۔۔۔۔

۔۔ "نتاشہ کی باتوں کو دل سے لگائے بیٹھی ہے

آنٹی نے کہا تو صدام بھی اسکے ساتھ بیٹھ گیا

حیا نے

حیرانگی سے اسکیطرف دیکھا کہ اسے اسکی ماں کا

خیال

کیوں نہیں آیا۔۔۔ مگر سر جھکا کر سرخ پھولوں کو دیکھنے

لگی۔۔۔۔

۔ "کیا کہا ہے نتاشہ نے

صدام نے محبت بھرے لہجے میں پوچھا تھا

حیا کو لگا

سارے شکوے دھل گئے ہوں اسنے اسکی

جانب دیکھا۔۔۔

اور نگاہ جلدی سے پھیر گئ۔۔۔

"کچ۔۔کچھ نہیں آپ۔۔پانی لیں گے کھانا کھائیں گے

اسنے کھڑے ہوتے ہوئے پوچھا۔۔

"افکورس۔۔۔اور کہاں جا کر پیوں اور کھاؤں گا

اسنے شانے آچکاے

حیا نے اسے "نتاشہ نے آپکے لیے کھانا بنایا ہوا ہے

یاد دلایا

صدام "اور میں کس کے پاس ہوں اس وقت

نے گھیری نظروں

سے اسے دیکھا۔۔

اسکی ماں بھی جیسے خوش ہو گئ تھی۔

ایسا ہے تم صدام کو کھانا دو بس میری ویل چیئر اندر

کر

وہ بولیں تو حیا نے سر ہلایا "دو۔۔ میں نماز پڑھ لوں

۔۔

"تم کھانا نکالو میں آنٹی کو اندر لے جاتا ہوں

صدام نے اٹھتے ہوئے کہا اور۔۔۔

حیا نے مسکرا کر سر ہلا دیا

اور وہ کھانا نکالنے چلی گئ پھولوں کی خوشبو چار سو

بکھر گئ تھیں اسنے کھانا نکالا پیچھے سے صدام آگیا

اور

اچانک ہی اسنے حیا کی کمر میں ہاتھ ڈال لیا

حیا کا ہاتھ رک گی اسنے حیا کے شولڈر اپنی ٹھوڑی رکھ لی

۔۔

وہ پوچھنے لگا "غصہ کیوں ہو۔۔

حیا سے۔۔یہ سب برداشت نہیں ہوا۔۔وہ

صدام کے رویے

کو سمجھ نہیں پا رہی تھی وہ جلدی سے مڑی صدام کا

حصار اب بھی اسکے ارد گرد تھا۔۔

وہ بولی نظر اسکی "ص۔۔صدام ایک بات پوچھوں

شرٹ

کے بٹن پر تھی

صدام نے "ہاں پوچھو مگر میری طرف دیکھ کر

کہا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز
www.BestUrduBooks.com

تو حیا اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی

کیا۔۔کای یہ سب۔۔۔آپ میرے ساتھ۔۔۔

دل سے کر رہے ہیں

یہ کوئی اور وجہ ہے مطلب۔۔نتاشہ نے ہماری

شادی بچے

کے لیے"

صدام نے اسے روک دیا۔۔۔"ششششش"

حیا کی بھیگی آنکھوں کی جانب دیکھنے لگا

حیا میں خود نہیں جانتا میں تم سے شادی پر

اتنا خوش

کیوں ہوں حالانکہ یہ شادی میں کرنا نہیں

چاہتا تھا کیونکہ

"مجھے ڈر تھا مجھے تم سے محبت ہو جائے گی

وہ رک گیا

حیا نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔

ہاں مجھے ڈر تھا میں تمھیں چاہنے لگا ہوں اور اتنا

چاہو

"گا پھر تم سب بھول جاؤں گا۔۔۔

وہ اسکے چہرے پر سے پسینے میں چپکی بالوں کی چند

لٹیں ہٹا کر بولا۔۔۔

اور دونوں ہاتھوں سے اسکا چہرہ تھام لیا۔۔۔

حیا مسکرا دی۔۔۔۔

وہ بولا۔۔۔ "اب خوش ہو

حیا نے سر ہلا دیا۔۔۔ "ہمم

"لیکن میرے دماغ میں ایک بات ا رہی ہے

حیا نے زرا گھور

کر اسکیطرف دیکھا تو صدام۔۔۔ مسکرا دیا

وہ دوبارہ اسکا رخ موڑ کر "تو بتاؤ اپنے دماغ کی باتیں

ٹھوڑی اسکے شانے پر رکھ گیا۔۔۔

"وہ۔۔۔ آپ محبت تو نتاشہ سے بھی کرتے ہیں

اسنے یوں ہی سنجیدگی سے جواب دیا "کرتا تھا

حیا کو حیرانگی ہوئی۔۔۔ "کیوں اب کیوں نہیں

اسنے اپنے راستے مجھ سے خود الگ کیے تو میں نے بھی

اسے خود سے الگ کر دیا پھر مجھے علم نہیں تھا

میں تم

سے مل جاؤں گا"

حیا "کیسے الگ کیے اسنے آپ سے راستے

جاننا چاہتی تھی

وہ زار کو پسند کرنے لگی تھی اسکے پیسے کی وجہ سے

اور میری محبت اور میری مالیت اسے بہت چھوٹی

لگنے

صدام بولا تو حیا شاکڈ رہ گئ "لگی تھی

"کک۔۔کیا

ہاں مگر یہ ہمارا موضوع نہیں اوکے تم کھانا نکالو مجھے

"بھوک لگی ہے یار

وہ بولا۔۔۔حیا بے حد خوش تھی۔۔اب اسکے دل

سے ہر بات

نکل گئ تھی وہ۔۔اپنی قسمت پر رشک کر رہی تھی کہ صبر

کا پھل اسے بہت خوب ملا تھا کہ جب صدام

اسکا ہوا

جیسے وہ چاہتی تھی

اسنے اور صدام نے اکٹھے کھانا کھایا تھا اور وہ باتیں بھی

کرتے رہے تھے حیا اس سے بات بات پر خفا ہو

رہی تھی

پیچھلی باتوں کو لے کر کہ یہاں اسنے اسکے ساتھ کتنا برا

کیا تھا اور یہاں کیسے اسے اگنور کیا تھا اور یہاں

اسنے اس

کی محبت کو ٹھکرایا تھا جبکہ۔۔صدام۔۔۔بار بار اسکی

ناراضگی کم کر رہا تھا۔۔اس سے محبت کا اظہار کر کے

اور

جب وہ اسے دیکھتا تو وہ۔۔شرما سی جاتی مگر خوشی

سے جو چہرے پر چمک تھی صدام اس چمک سے

مطمئین

ساتھ زندگی میں سکون اگیا تھا ان دونوں کے

بقول

جبکہ قسمت مسکرادی تھی

زار پورے دو دن بعد گھر میں قدم رکھ رہا تھا۔۔۔

اسنے افنین کے روم کیطرف دیکھا اور جیسے تھک

ہارا سا وہاں چلا گیا

اب جو بھی تھا وہ انکے بنا نہیں رہ سکتا تھا افنین کو

نماز پڑھتے دیکھ وہ مسکرایا۔۔وہ اب بہت بہتر

لگ

رہیں تھیں انھوں نے سلام پھیرہ تو دروازے میں زار

کو دیکھا۔۔۔

اور ناراضگی سے منہ موڑ لیا۔۔۔۔

انھیں غصہ تھا زار پر۔۔وہ اتنا لاپرواہ کیسے ہو سکتا

تھا ایک عورت اس کے نام سے منسلک ہے جیسے

زبردستی

اسنے اپنے نکاح میں لیا وہ کتنا تکلیف میں تھی اور

وہ

مطمئین تھا جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو تبھی خفگی سے

منہ موڑ لیا

"اب کیوں خفا ہیں جو آپ نے چاہا وہ ہی کسی

وہ انکے پاس آکر بیٹھ گیا

میں نے تو یہ چاہا تھا تم اسکو اپنا مانتے۔۔۔

اقرار کرتے

وہ بولیں "جس طرح نکاح کیا تھا۔۔

میں کیوں مانوا سکی ماں کو خوش کرنے کے لے

عینہ کا قصور بتا دو زارمجھے پہلے ہی تم نے اسکے

ساتھ جو کیا ہے اسکی ماں نے اسے۔۔خوش نہیں

رکھا ہوا۔۔۔

جا کر دیکھو زرا دو دن سے کمرے میں بند ہے

صرف ایک

وقت کا کھانا ملا ہے اسے وہ بھی کب معلوم نہیں اور

عالیہ عالیہ پاگل ہو وہ گئ ہے وہ اسے اتنا مار رہی

ہے

جیسے کوئ قیدی کو بھی نہ مارتا ہو اہاں مجھے تکلیف

ہوئ تھی یہ جان کر کہ تم نے عینہ سے شادی کر لی مگر

--- مگر۔۔ اسکی حالت دیکھ کر میرا دل۔۔۔ مجھے

مجھے

شرمندہ کر رہا ہے۔۔ کہ کیا ہم دونوں ماں بیٹے نے اسے

مشکل میں ڈال دیا کیا وہ ہماری وجہ سے اتنی تکلیف

میں ہے کہ اسکی ماں نے اسکو۔۔۔اسکا حشر بگاڑ دیا

۔۔۔

کسی سے ملنے نہیں دے رہی وہ۔۔۔اور کھانے کو نہیں دیتی

۔۔دو دن سے وہ بچی کمرے میں بند ہے بس ہر

وقت اسکے

چیخنے چلانے کی آواز آتی ہے زار۔۔۔میں میں۔۔۔

بہت شرمندہ وہ خدا کے سامنے بھی کے۔۔

میرے گھر میں

۔۔۔یہ سب ہو رہا ہے۔۔۔۔

تم اسے تسلیم کرو اسے اپناو۔۔اسے حق دو اسکے لیے

اسکی

"ماں سے لڑو ورنہ وہ عورت اسے مار دے گی

زار حیرانگی سے۔۔۔یہ سب سن رہا تھا۔۔۔

جبکہ افنین کا عینہ کے حق میں اترنا بھی حیران کر رہا

تھا۔۔

آپ کو تو یہ بات اتنی بری لگی تھی کہ آپکی طبعیت۔۔

"خراب ہو گئی تھی

اسے اپنی ماں کے الفاظ پر یقین نہیں آیا۔۔

ہاں۔۔۔اگر میں عینہ کا حال نہ دیکھتی تو شاید

میرے لیے

بہت مشکل ہوتا اس کو ایکسیپٹ کرنا مگر۔۔۔اب مجھے

بہت دکھ ہوتا ہے دو دن جس طرح میں نے اس

عورت کا

پاگل پن دیکھا ہے میں اتنے سخت دل کی نہیں ہوں اور

نہ

میں عالیہ ہوں۔۔۔۔

اگر تم خوش ہو اسکے ساتھ اور اسے پورے حق سے

خوش

"رکھ سکتے ہو تو میں خوش ہوں اپنے بیٹے کی خوشی میں

افنین نے کہا تو زار اسکا ہاتھ تھام گیا۔۔۔

لیکن میں قسم کھاتا ہوں میں اس گھر سے

عالیہ نامی بلا

"نکال کر رہو گا

اسنے کہا اور اپنی ماں کے ہاتھ چوم لیے

مت پیچھا کرو اسکا۔۔۔ تمھارا باپ ایسا کبھی نہیں

ہونے

دے گا۔۔ تم خوش رہو اسے خوش رکھو میں خوش

رہو

افنین مسکرائی "گی

نہیں۔۔۔۔۔ میں آپکو اور ڈیڈ کو اکٹھے دیکھنا چاہتا

ہوں اور

اسکی حتمی بات کی "میں۔۔۔ ایسا ہی کروں گا۔۔۔۔

"زار پھر سے تم مکھیوں کے چھتے میں ہاتھ۔

وہ پیار سے بولا "ماں

اسنے انکی طرف "مجھ سے آپ راضی ہیں نہ۔

دیکھا۔۔۔۔

افنین کو اسکی محبت پر کوئی شک نہیں تھا۔۔ وہ

جانتی

تھی وہ دل پر پتھر رکھ کر اسکے کہنے پر عینہ سے بھی

الگ ہو جائے گا

"ہاں راضی ہوں میں اپنے بیٹے سے۔۔

افنین نے اسکی پیشانی چوم لی۔۔۔

وہ پیار سے بولا "پھر میں سب سے لڑ جاؤں گا۔۔

مگر عینہ کو تکلیف مت دینا تمھارے نام پر اسنے دو دن

بہت اذیت سہی ہے اب بھی نہ جانے کس

"حال میں ہے

افنین کو عینہ کی زیادہ فکر تھی۔۔۔۔

میں جیلس ہو جاؤں گا اگر اسی طرح آپ اسکی

حمایت

وہ بولا۔۔۔"کرتی رہی تو

۔۔ "مجھے مسکے مت لگاؤ جو۔۔اور اسے کمرے سے نکالو۔۔

"آپ یہ ہی چاہتی ہیں

"بس کروزار تمھاری آنکھیں بھی یہ ہی چاہتی ہیں

وہ سنجیدگی سے بولا۔۔۔۔"مگر مجھے اسپر غصہ ہے

بلکل ٹھیک کیا ہے اسنے اور اگر اب تم نے اسکو کچھ

کہا

وہ خفگی سے بولی "تو۔۔۔ پھر میں تمھیں بتاؤ گی

زار مسکرا دیا۔۔۔ "واہ دو دن میں آپکو اپنا کر لیا اسنے

افنین نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔

زار نے گھیرہ سانس بھرا۔۔۔۔

افنین کو فکر ہوئی۔۔۔ "کیا کرو گے

"پلیز زار عالیہ کے منہ نہ لگنا

مما آب تو میدان صاف ہو گیا ہے اب مجھے

کسی

اسنے۔۔۔ شانے آچکا ہے "کا ڈر نہیں

افنین عاجزائی "زار۔۔ کبھی تو میری ماں کہا کرو

وہ آنکھ دباتا باہر نکل گیا۔۔ "آئی لو یو

جبکہ۔۔اسنے ایک نگاہ عینہ کے کمرے کے بند

دروازے

پر ڈالی۔۔۔۔

اسنے بنا کسی اور کے بارے میں سوچے۔۔۔کیبنیٹ سے

چابی نکال کر عینہ کے روم کا دروازہ کھولا۔۔۔

اور دروازہ کھول کر۔۔۔وہ اندر داخل ہوا تو۔۔کمرے کی

بے ترتیب حالت پر پہلے نگاہ گئی اور اسکے بعد

کمرے میں

اٹھتی سسکیوں کا تعاقب کرتا۔۔۔وہ دوسری

طرف آیا تو

وہ بیڈ کے پاس بیٹھی تھی۔۔۔اسنے سر جھکایا ہوا

تھا۔۔۔۔

اور۔۔۔۔اچانک اسکی سسکیاں رک گئیں۔۔۔۔

زیادہ اسے محسوس ہو گیا تھا۔۔۔

اسنے سر ایک جھٹکے سے اٹھایا۔۔اور زار۔۔کو پہلی بار لگا

اسکا دم نکل گیا ہو جیسے اب کی بار اسکی روح پر وار ہوا ہو۔۔وہ بے ساختہ اسکیطرف بڑھا۔۔اسکے چہرے پر بڑے

بڑے نیل کے نشان تھے۔۔جیسے اسے بہت مارا ہو۔۔ اسکے سر

پر سے خون نکل کر جم گیا تھا۔۔۔

جبکہ ہاتھوں پر بھی کافی نشان تھے۔۔اسکے کپڑے پھٹتے ہوئے تھے جبکہ بال بھی بکھرے ہوئے تھے۔۔۔

زارا اسکی جانب بڑھا اور عینہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔۔

اسنے زار کی جانب اپنا کانپتا ہاتھ بڑھایا تھا۔۔۔

اور زار نے

کوٹ ایکطرف پھینکا اور۔۔اسے سمیٹ لیا اپنے

بازوؤں میں۔۔۔۔

عینہ اسکے سینے سے لگی سسک رہی تھی۔۔۔

اسکی شرٹ کو اسنے تھام لیا تھا۔۔۔

زار دانت پر دانت چڑھائے بیٹھا تھا اسے

سمیٹ کر

آپ۔۔اپ آپ مجھ سے ناراض ہیں

۔میں۔۔میں نے یہ سب۔۔یہ

۔۔۔ ”سب کر دیا۔۔مجھ مجھ سے غلطی

رو رو کر اسکی حسین آنکھیں بھی سوجھ چکیں تھیں

اس وقت زار کو سمجھ آیا تھا اسکی ماں کیوں اتنا بے

چین تھی اسکے لیے۔۔۔۔

آپ آپ مجھے معاف کر دیں میں نے بہت بہت غلط کیا

مج۔۔۔مجھے مما سے ڈر لگتا ہے زارتب۔۔ تبھی میں نے کہہ

دیا کے۔۔ یہ نکاح۔۔زبردستی ہوا تھا۔۔مگ۔۔۔مگر نہیں میں

"نے قبول کیا ہے میں آپ سے محب۔۔۔

زار نے اسکے الفاظ چن لیے۔۔بے حد نرمی بے حد احتیاط سے۔۔۔عینہ ساکت رہ گئ۔۔۔۔زارجب کے بے حد سکون

سے۔۔اسکو اپنا لمس بخش رہا تھا

عینہ تھم گئ تھی اسکے سپرد خود کو کر گئ۔۔۔

ہاں وہ نہیں کر سکتی تھیں اپنی ماں سے۔۔۔زار۔۔۔

چاہت

سے اسکے زخموں پر مرہم رکھنے لگا۔۔۔

عینہ کے منہ سے سسکی نکلی۔۔۔ "سس

زار نے اسکی گردن کے زخم کو۔۔۔۔اپنی انگلی سے چھوا۔۔

"ز۔۔زار

زار نے اسکی آنکھوں میں دیکھا

۔۔ "ا۔۔ایم ایم سو

"کوئی ضرورت نہیں ہے کچھ کہنے کی۔۔۔۔تم کچھ کھایا ہے

وہ اسکو سینے سے لگائے ہوئے تھا اسکا چہرہ اوپر اٹھا کر

دیکھنے لگا

عینہ نے نفی میں سر ہلایا آنکھیں بھیگ گئیں زار

نے اس

کی آنکھوں پر پیار کیا۔۔

اب مت رونا۔۔۔

ورنہ تمھاری ماں کی آنکھوں میں اتنے آنسو ہوں گے کہ

"تمھیں زیادہ دکھ ہو گا

عینہ نے ایکدم آنسو روک لیے۔۔۔۔

زار نفی میں سر ہلانے لگا۔۔۔۔۔

"۔۔اسنے عینہ کو بازوؤں میں آچک لیا "چلو چلیں

"ز۔۔زار

عینہ اپنی ہر تکلیف بھلائے اسکی صورت دیکھنے لگی

۔۔۔۔۔

اس سے پہلے زار کوئی جواب دیتا۔۔دروازہ دھاڑ

سے کھولا

اور عالیہ کمرے میں داخل ہوئی زار عینہ کو بازوؤں

میں

اٹھائے کھڑا تھا۔۔

عالیہ اور زار کی نظریں ایک دوسرے سے

ٹکرائیں

اسکی ماں درست تھی۔۔وہ کبھی خوش نہیں ہو وہ گئ

زار اور عینہ کو ساتھ دیکھ کر اور اس وقت زار اپنی

آنکھوں سے یہ سب دیکھ رہا تھا۔۔۔

عالیہ یہ منظر دیکھ کر۔۔۔اپنے اندر اٹھتے اشتعال

کو دبے

انہ سکی۔۔۔

"وہ چیخی "عینہ

عینہ سٹپٹا گئ اسنے زار کے بازوؤں سے اترنا چاہا۔۔۔

مگر زار کہاں اسے چھوڑنے والا تھا

وہ دور کھڑی۔۔غصے سے بولی۔۔۔ "چھوڑو میری بیٹی کو

زار نے سر جھٹکا اور۔۔۔۔

وہ مظبوط قدم اٹھاتا وہاں سے نکلنے لگا

عینہ شرمندہ سی رہ گئی۔۔

"ز۔۔زار چھوڑ دیں پلیز

اسنے آہستگی سے کہا وہ جانتی تھی اسکی ماں مر

جائے گی

یہ مار دے گی

زار نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا

اور کمرے سے باہر نکل آیا۔۔۔

"میں کہتی ہوں چھوڑو میری بیٹی کو

وہ چیخی۔۔اور زار کے ہاتھ سے عینہ کو کک آزاد کرانے لگی۔۔۔

ایکدم گھر میں زار کی دھاڑ گونجی تھی انس شاہ "ڈیڈ

فورا کمرے سے نکلے افنین بھی باہر نکل آئی اور عینہ کا

چہرہ دیکھ کر دل تھام گئی۔۔۔

اور اسے افسوس ہوا کہ عالیہ کیسی عورت تھی اپنی بیٹی

کی کیا حالت کر چکی تھی۔۔۔۔

انس شاہ بھی حیرانگی سے عینہ کو دیکھنے لگے جس کی

نگاہ نہیں اٹھ رہی تھی زار نے عینہ کو نیچے نہیں اتارا۔۔۔۔

اگر اب آپکی بیوی میرے اور میری بیوی کے بیچ آئی تو

میں

یہ پہلے کیطرح بھول جاؤں گا کہ یہ عورت آپکی بیوی

ہے

اسنے بھڑکتے ہوئے کہا "اور میری بیوی کی ماں ہے

عالیہ انس کے پاس گئ

اسکو کہیں یہ چھوڑے عینہ کو یہ کیوں پکڑے کھڑا

ہے اسے

ایسے میری بیٹی کی منگنی ہوئ ہوئ ہے میں بلکل بھی

برداشت نہیں کروں گی اس زبردستی کو انس کہیں

اس

عالیہ پاگل سی ہونے لگی۔۔۔۔ "چھوڑیں

انس تحمل سے بولے۔۔۔ "زارعینہ کو نیچے اتارو

زار نے عینہ کو بلکل اپنے پاس اتار دیا اور اسکی کمر میں

ہاتھ ڈالے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

انس شاہ عینہ کے نزدیک آئے جو بلکل سر جھکائے

کھڑی

تھی عالیہ کا بس نہیں چلا عینہ کو شوٹ کر دے

کتنا نہیں

مار مار کر سمجھایا تھا اسے کہ زار سے دور رہے مگر اسکے

بھیجے میں یہ بات نہیں گھسی۔۔۔۔

"بیٹا زار نے آپ سے زبردستی نکاح کیا تھا

انس شاہ اب کسی سے نہیں بول رہے تھے سوائے عینہ

کے۔۔۔

عینہ نے۔۔اپنی ماں کیطرف دیکھا جو سرخ نظریں نکال

کر دانت بھینچ کر اسے آنکھوں سے باور کرا رہی تھی کہ

وہ کچھ نہ بولے۔۔

ن

وہ بولی۔۔۔۔ "۔۔ نہیں

"ز۔۔زارنے کوئی۔۔زبردستی ن۔۔ نہیں کی

وہ بے حد مدھم آواز میں بولی تھی زار۔۔۔مدھم

سا

مسکرا اٹھا۔۔۔

جیسے اسے یہ ہی امید ہو۔۔۔کہ وہ اسی کے ساتھ کھڑی

ہو گئی سارے گلے شکوے بس یہیں دھل گئے تھے

۔۔کہ وہ

بھر محفل میں اسے تنہا نہیں چھوڑ گئی۔۔۔

اچھا۔۔۔اس میں آپکی بھی رضامندی شامل

"تھی

انس شاہ نے ایک نظر عالیہ کو دیکھ کر پوچھا

۔۔۔۔

وہ آنکھیں نہیں اٹھا رہی تھی تبھی بولی۔۔۔۔ "ج۔۔جی

"آپ زار کے ساتھ رہنا چاہتی ہو یہ نہیں

انس نے ایک اور سوال کیا۔۔۔

عینہ نے زار کیطرف دیکھا۔۔

اسکی آنکھیں بھیگ گئیں۔۔۔۔

زار بھی اسی کیطرف دیکھ رہا تھا۔۔۔

"م۔۔میں میں مما کو بھی خفا نہیں کرنا چاہتی

وہ معصومیت سے کہتی سسک اٹھی جبکہ انس شاہ کو

اس معصوم سی لڑکی پر بہت زیادہ ترس آیا تھا انھوں

نے آہستگی سے اسکا سر اپنے شانے سے لگا لیا اور وہ

--

یہ لمس پاتے ہی

بری طرح رو دی۔۔۔

ڈونٹ وری۔۔ تمھاری رضامندی ہے تو عالیہ کو کوئی ایشو

نہیں کیوں عالیہ۔۔ کیا تمھیں مسلہ ہے جب تمھاری بیٹی کو

انس نے عالیہ سے پوچھا "اعتراض نہیں

زار نے فتح مندی سے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔۔۔

"عالیہ

انس نے زرا تنبھی لہجے میں پکارہ کہ دو دنوں میں وہ اسی بات کو لے کر انس شاہ کا سر درد کر چکی تھی کہ زار نے

اسکی معصوم بیٹی کے ساتھ کیا کیا کیا تھا۔۔۔

اور اسکی بیٹی حرساں ہوئی اسکی بیٹی یہ سب

نہیں

چاہتی تھی۔۔

اور بھی بلا بلا۔۔۔

اور اب انس شاہ مطمئین تھے کیونکہ انھیں تو ان دونوں

کی شادی پر اعتراض نہیں تھا۔۔۔۔

زار پینٹ کی پاکٹس میں ہاتھ ڈالے کھڑا عالیہ کو ہی

دیکھ

رہا تھا۔۔۔

"ہمم

عالیہ نے ہنکارہ بھرا۔۔۔۔

"تم نے کتنی بری طرح مارا ہے اسے

انس شاہ زرا غصے سے بولے۔۔۔۔

عالیہ کچھ نہیں بولی۔۔۔۔

عینہ نے کہا۔۔زار نے عینہ کے "ا۔۔انکل کچھ نہیں ہوتا

اس

دیوانے پن پر گھور کر دیکھا

دو چار لفظ ہی سننے دیتا وہ اپنے باپ کے منہ سے

اس عورت

کے لیے تاکہ زرا پیچھلے زخموں پر بھی مرہم رکھے جاتے

مگر اس لڑکی میں کہ جانے کیسی روح تھی

"چلو پھر تم دونوں کی شادی کر دیتیں ہیں

انس مسکرائے

نہیں انس۔۔مجھے اپنی بیٹی سے اکیلے میں پہلے کچھ

بات

کرنی ہے۔

انس نے وارن کرنے والے انداز میں اسے "عالیہ

ٹوکا۔۔۔

"عینہ خوش ہے تو تمھیں بھی خوش ہونا چاہیے۔۔

انس نے کہا۔۔۔

انھوں نے اسکا گال تھپتھپایا۔۔۔ "جاؤ بیٹا۔۔

"میں ابھی رخصتی چاہتا ہوں

زار نے نیا شوشہ چھوڑا

افین نے جہاں سکون کا سانس لیا تھا سر

تھام لیا

بلکل نہیں سہی سی رخصتی ہو گئ۔۔۔ابھی عینہ کو

"ٹھیک سے سوچنے۔۔۔

ڈیڈ میں ابھی اسی وقت عینہ کو اپنے روم میں لے جا رہا

ہوں مجھے آپکی بیوی کے سائیکوپن پر یقین نہیں ہے

"۔۔۔۔میں عینہ کو ایک لمحہ بھی اکیلا نہیں چھوڑوں گا

زار نے واضح لفظوں میں کہا

انس۔۔۔میری بیٹی ہے یہ میں جو چاہو کر سکتی

۔۔

اور عینہ میری بیوی ہے میں اپنی بیوی کی حفاظت کرنا

زار بنا لچک کے بولا۔۔"جانتا ہوں

زار ہم کچھ ٹائم بعد بھی کر سکتے ہیں

مجھے آپکی بیوی پر ٹرسٹ نہیں ہے ڈیڈ اسنے جو کیا

وہ آپکے سامنے ہے۔۔۔اور کسی کے چاہنے یہ نہ

چاہنے سے

اسنے عینہ کا ہاتھ تھام لیا۔۔"مجھے فرق نہیں پڑتا۔۔۔

"ٹھیک ہے اسکا فیصلہ عینہ کرے گی

انس شاہ نے عینہ پر بات ڈال دی تبھی عالیہ عینہ

کے پاس

اگئ اور اسکا بازو اپنی سخت گرفت میں جکڑ لیا۔۔

عینہ کی سی نکلی جسے وہ دبا گئ

"کہو تم سوچو گی پہلے

وہ اس سے وہ کہلوانا چاہتی تھی۔۔جو اسکے اندر تھا

زار بھڑک کر اسکیطرف بڑھتا کے انس نے

روک لیا

"کرنے دو عینہ کو فیصلہ

وہ آہستگی سے بیٹے کو وک روکتا بولا۔۔

عالیہ کا جارہانہ انداز سب ہی دیکھ رہے تھے

یہاں تک کے

دور کھڑے ملازم بھی۔۔۔

عالیہ نے تپ کر کہا۔۔۔ "کہو عینہ

۔۔۔ "م۔۔۔ میں

عینہ کی آنکھیں بھیگ گئیں۔۔۔ اسنے انس شاہ کو

بے چارگی

سے دیکھا

انس نے ٹوکا۔۔۔ "عالیہ ہاتھ چھوڑو اسکا۔۔۔

"انس یہ بیوقوف ہے اپنا اچھا اور برا نہیں جانتی

عالیہ بے چینی سے بولی

وہ سب جانتی ہے اسے فیصلہ کرنے دو بنا کسی دباؤ کے

"

اسنے کہا تو۔۔۔۔

عالیہ چپ ہو گئی وہ ترچھی نظروں سے عینہ کو دیکھنے

لگی جیسے چاہتی وہ کہ ابھی اسی وقت عینہ انکار کر

دے۔۔۔۔مگر عینہ چپ رہی

"بیٹا آپ سوچنا چاہتی ہو یہ۔۔۔نہیں

انس نے پھر سے پوچھا۔۔۔

عینہ پھنس چکی تھی ایکطرف اسکی ماں تھی جو

چاہے

کتنی ہی ظالم کیوں نہ ہو اور دوسری طرف زار تھا

جس

کے لیے اسنے بہت کچھ سہا تھا۔۔۔

جو اسکی محبت تھا۔۔۔۔

عینہ نے۔۔۔سر اثبات میں ہلا دیا۔۔۔

عالیہ کا جہاں سر پھٹنے کو تھا اشتعال سے وہیں

ان تینوں

کے چہرے پر سکون ہو گئے۔۔

زار نے عینہ کا ہاتھ تھام لیا اور اسے سب کے سامنے

پھر سے

بازوؤں میں اٹھا لیا

عینہ نے کچھ احتجاج کرنا چاہا "زار

مگر زار بنا کچھ سنے اسے سیدھا اپنے روم میں لے

گیا آج

سب کے سامنے حق سے۔۔۔۔

بنا کسی سے ڈرے اور اسنے اپنے کمرے کا دروازہ بند کر

لیا

عالیہ تو سر تا پاؤں تک سلگ اٹھی تھی

آپ اس بیوقوف کی باتوں میں آ گئے انس۔۔وہ

کیا جانتی

ہے کچھ بھی نہیں

انس نے سختی سے اسے ٹوکا۔ "عالیہ۔۔۔

وہ "زار سے نفرت کرنا بند کرو اب وہ تمھارا داماد ہے

بولے۔۔

اور۔۔افنین کیطرف بڑھے جو۔۔۔پلٹ رہی تھی

انھوں نے اسے ایکدم تھاما۔۔۔ "دھیان سے چلو۔

"تم نے دوائی لی ہے

انس شاہ نارمل بولے عالیہ کے لیے یہ سب

برداشت سے

باہر تھا انس جا افنین کیطرف بڑھنے اور زار اور عینہ

ایک کمرے میں۔۔۔ایک دوسرے کے نکاح

میں۔۔اسکے سر

پر پہاڑ ٹوٹا تھا یہ۔۔۔۔

وہ آپے سے باہر ہو رہی تھی پیچھے اپنے کمرے میں پلٹ

گئ۔۔۔۔

وہ سنہ عینہ کو چھوڑنے والی تھی اور زارا اس فتح کو کیا

سمجھ رہا تھا۔۔۔۔

کہ وہ عالیہ سے جیت گیا نہیں کبھی نہیں وہ کبھی

عالیہ

سے جیت نہیں سکتا تھا عالیہ اسے جیتنے ہی نہ

دیتی۔۔۔

عینہ نے سارے فیصلے اپنی ماں کے خلاف کیے تھے زار

کو تو دنیا جہان کی خوشیاں دے دیں تھیں جبکہ وہ خود

بے حد خوفزدہ تھی وہ اسکے بیڈ پر بیٹھی اسے دیکھنے

لگی۔۔۔

جو۔۔۔روم فریزر سے نا جانے کیا نکال رہا تھا۔۔اور

اسنے

ہنستے ہوئے۔۔۔۔

سیگریٹ سلگایا اور لبوں میں دبالی۔۔۔

اور عینہ کے ہاتھ میں سوفٹ ڈرنک کا گلاس دے کر وہ

ایکدم اسکے بلکل ساتھ بیڈ پر گیرنے والے انداز

میں

بیٹھ گیا۔۔۔۔

"دل خوش کر دیا آج تم نے

وہ مسکرا کر دھونا فضا میں بکھیر گیا۔۔۔

ویسے میرے تو وہم میں بھی نہیں تھا تمھاری رخصتی

"اتنی مزے دار ہو گی

وہ ایک آنکھ دبا کر اسکی جانب دیکھنے لگا

"مجھے مجھے ڈر لگ رہا ہے مما مما مجھے چھوڑیں گی نہیں

عینہ نے خوفزدہ ہوتے ہوئے گلاس ٹیبل پر رکھ دیا۔۔۔

زار نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا

تم نے پیا کیوں نہیں۔۔۔ سیریسلی میں کرپٹ

بندہ ہوں

مگر اتنا نہیں کہ تمھیں ڈرنک پلا دوں یہ سوفٹ

ڈرنک

وہ سنجیدگی سے بولا عینہ نے نفی کی "ہے

"زار میں مزاق۔۔ نہیں کر رہی

عینہ میری جان میں کب مذاق کر رہا ہوں اور تمھیں

میری شکل پر کہاں سے نظر ارہا ہے ویسے مجھے

"پتہ لگ گیا ہے تم بہت بہادر ہو

وہ پھر سے آنکھ دبا تا لیٹ گیا اسے آرام سے دیکھنے لگا

عینہ نے اسکیطرف دیکھا وہ گھبرا رہی تھی جبکہ زار

مسکرا رہا تھا

کیا میں مما کے پاس جاؤں۔۔۔شاید ان سے

بات کروں

"تو وہ مان جائیں

اسے جیسے یاد آیا اور یہ "ویٹ تم نے کچھ کھایا نہیں

سچ تھا شاید عینہ کا دم زیادہ اسی بات سے نکلا تھا۔۔۔

اسنے گھوم کر سائیڈ ٹیبل پر سے۔۔کریڈائیل اٹھایا

اور

اسپر عینہ کے لیے زبردست کھانے کا احتمام کرنے

کے

لیے کہا۔۔اور کھانا جلد از جلد روم میں بھجوانے

کے

آرڈرز دے کر۔۔۔

وہ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔۔

عینہ حیرانگی سے اسے دیکھنے لگی

وہ یہاں اسے کیا کہہ رہی ہے اور وہ کتنا خوش ہے

۔۔۔۔۔

زار نے اسکی جانب ہاتھ بڑھایا۔۔۔مسکراہٹ

اب بھی

لبوں کی تراش میں تھی۔۔۔۔

لیکن جس طرح زار نے ہاتھ بڑھایا تھا وہ تھامتی

نہ تو

اور کیا کرتی تبھی اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔۔۔۔

جسے زرا نے احتیاط سے تھاما اور اسے لیے واشروم میں

چلا گیا۔۔۔اسنے عینہ کے چہرے کو خود واش

کیا اور

اسکے ہاتھوں کے زخموں کو بھی پانی سے صاف کیا

عینہ نے نوٹ کیا یہ سب کرتے ہوئے وہ بے حد

سنجیدہ تھا

جیسے یہ اسنے بمشکل برداشت کیا ہو۔

وہ اسے۔۔دوبارہ اپنے بازوؤں میں آچک کر بیڈ پر بیٹھا

چکا

تھا عینہ نے نہیں سوچا تھا دو دن کی مشقت کے بعد

اسے

اسطرح راحت ملے گی

اسنے چند لمحے ماں کا خوف نکال کر خود کو بھی پر سکون

کرنے کی کوشش کی تھی اسکے زخم واقعی دکھ رہے تھے

مگر یہ احساس اسے زار کی توجہ سے زیادہ ہو رہا

تھا

شاید تکلیف کا احساس تب زیادہ ہوتا ہے جب

اسپر مرہم

رکھنے والا کوئی موجود ہو سارے زخم نکل آتے ہیں کے ہاں

یہاں بھی مرہم لگانا تھا۔۔۔

اور یہاں بھی۔۔

اسنے فرسٹ ایڈ بکس لیا۔۔۔اور اسکے سامنے

بیٹھ گیا۔۔

عینہ کا دوپٹہ نکال کر ایکطرف رکھ دیا۔۔عینہ نے زرا

گھبرا

کر چور نظروں سے اسکیطرف دیکھا مگر اسکی

توجہ۔۔۔

دوائیوں پر تھی۔۔

مجھے لگا تھا آپ مجھ سے بہت نفرت کریں گے اور

شاید

کبھی میرے پاس نہیں آئیں گے اور۔۔اور نہ کبھی

مجھے

"قبول کریں گے

وہ۔۔اسکی نرمی پا کر پھر سے رونے لگی۔۔۔

زار نے۔۔۔سر اٹھا کر اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔

اور اسکے ہاتھ پر۔۔پہلے دوائی لگانے لگا ہاتھ کی سکن اتری

ہوئی تھی عینہ کو تکلیف ہو رہی تھی مگر مرہم لگانے والا

زار تھا یہ تکلیف اب میٹر نہیں رکھتی تھی۔۔۔۔

میں تم سے نفرت نہیں کر سکتا۔۔۔اور نہ تمھیں

چھوڑ

سکتا ہوں۔۔۔ہاں خفا تھا مگر اب وہ بھی نہیں ہوں

۔۔۔

کیونکہ مجھے اندازا ہو گیا ہے تم ایک نمبر کی بیوقوف۔۔

کم دماغ کی۔۔۔ تھوڑی عقل کی۔۔۔شودی لڑکی ہو۔۔اور

"بدقسمتی سے مجھے اسی لڑکی سے پیار ہو گیا ہے۔۔

اسنے کہتے ہوئے گھیری مگر مسکراتی نظروں سے عینہ

کیطرف دیکھا جس نے۔۔۔منہ بسور لیا۔۔

میں بیوقوف نہیں ہوں۔۔شاید میں اپنے

رشتوں کو کھونا

نہیں چاہتی۔۔۔مجھے دکھ ہے میں نے مما کے

ساتھ غلط

وہ اسکے نزدیک آگیا۔۔۔ "کیا ہے

اپنے آپ عینہ کی سانسیں بھاری سی ہو گئیں۔۔۔

"تمھیں کچھ زیادہ نہیں یاد آرہی وہ بدروح

زار نے اسکی پیشانی کے زخم کو صاف کیا

عینہ نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔ "اس

"کتنی غلط

زار نے گھور کر دیکھا "ائے ے ے

مجھے درس مت دو۔۔۔ پہلے ہی میں یہ سوچ رہا

ہوں کہ

وہ رک گیا۔۔ "تم

عینہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔ "میں

زار اسکے کان کے قریب مسکراتا ہوا بولا اور جو وہ

بولا۔۔۔عینہ کا چہرہ لال ٹماٹر ہو چکا تھا۔۔۔۔

عینہ نے اسے فاصلہ بنا "آپ کتنے بے شرم ہیں لیا۔۔۔

مجھے تب شرم آئی تھی جب تم رخصت نہیں ہوئی تھی"

اسنے اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر پھر سے نزدیک کر لیا۔۔۔۔

عینہ نظریں جھکا گئی۔۔۔۔

"ایک بات پوچھوں زار

عینہ نے اسکی گردن میں بازو حائل کر لیے شاید۔۔۔۔

اسے

سکون ملا تھا یہ کر کے۔۔

زار نے اسے خود میں سمیٹ لیا۔۔۔

۔۔۔ ”آپ سچ میں مجھے کبھی نہیں چھوڑیں گے نہ۔۔

وہ تسلی کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

زار نے گھیرہ سانس بھرا۔۔۔

اسکے بازو اپنی گردن سے نکالے۔۔

وہ سنجیدگی سے بولا۔۔۔ ”کھڑی ہو جاؤ

عینہ کا دل ایکدم بیٹھ سا گیا۔۔۔

وہ۔۔ڈری سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی

وہاں سٹیم پیپر ہے میرے نام کا وہ لے آؤ تمھیں

سٹیمپ لگا

”دیتا ہوں اگر زبان کا اعتبار نہیں۔۔۔

وہ بولا اور اسکی میسنی شکل دیکھ رک اپنی ہنسی دبانے

لگا عینہ نے سانس بھال کیا۔۔

اور اسکے بازو پر مکہ برسا دیا۔۔۔

ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔اب تم اس گھر

میں بے حد

پاور رکھتی ہو۔۔۔۔اوکے۔۔۔مگر میری ماں کا خیال رکھنا

یہ سچ ہے عینہ اگر وہ مجھے نہ کہتی تو میں اپنا دل مار

دیتا مگر تمھاری طرف کبھی نہ بڑھتا۔۔وہ

بہت اچھی ہیں

اور وہ ڈیزرو کرتی ہیں کہ میرا باپ انپر اپنی ساری توجہ

دے۔۔

ہاں ہماری زندگی میں مکمل سکون اسی دن آئے گا۔۔۔جس

دن۔۔۔۔میں عالیہ کو باہر نکال دوں گا یہاں سے

۔۔۔۔۔

وہ وہ عورت نہیں ہے جو تم اور میرا باپ اسے سمجھتے

"ہو اور یہ بات وقت ثابت کر دے گا۔

وہ سختی اور سنجیدگی سے بولا۔

"شاید آپکو غل۔۔عنلط فہمی ہو

عینہ نے زرا جھجھکتے ہوئے کہا

تمھارے منہ پر اتنے حسین نقشے بنائے ہیں اسنے۔۔۔اور

"پھر بھی اسکی حمایت لینے سے نہیں رک رہی

وہ بھڑک کر بولا

عینہ نے اسکے بالوں میں ہاتھ چلایا۔۔۔زار نے زار "زار

آئی برو آچکا کر دیکھا۔۔۔۔

میٹھی۔۔۔تم اتنے میٹھے میٹھے عمل کر کے اپنا غلام نہ

"بناؤ مجھے۔۔۔ابھی میں جنگ پر ہوں

گھیرہ سانس بھر کر اسنے عینہ کو اپنی طرف گھسیٹ لیا

عینہ کی کمر پر سخت گرفت پر پڑے زخم میں "آہ تکلیف دے گئ۔۔۔

زار نے عینہ کو گھورا۔۔۔۔۔

اور پھر زبردستی کر کے اسنے اسکے سارے زخم دیکھے تھے

دانت بھینچ کر اور سب پر مرہم بھی لگایا اور کچھ ایسے بھی لگایا کہ۔۔۔ اسکی محبت بھی اس میں شامل ہو جائے۔۔۔۔

عینہ البتہ افین کی اس مہربانی پر اسکی مشکور تھی جس طرح اسکی طبعیت بگڑی تھی اسے لگتا تھا اب زار

اور وہ کبھی ایک نہیں ہوں گے مگر وہ کتنی اچھی تھیں

انھوں نے ہی ان دونوں کو ایک کر دیا

"میں آنٹی کا بہت خیال رکھو گی

وہ اسکے سینے پر سر رکھے۔۔کچھ سوچتی ہوئی بولی۔۔

زار کھانے کا ویٹ کر رہا تھا۔۔۔

اسکیطرف دیکھنے لگا۔۔

"میرا خیال سکینہ رکھ لے گی اٹس اوکے

زار"

www.BestUrduBook.com

وہ زرا خفگی سے اسے دیکھنے لگی۔۔کتنا تنگ کر رہا تھا۔۔

"اسے تو اور کیا کہوں

"میں رکھوں گی نہ

وہ مدھم مسکراہٹ سے بولی۔۔۔اور پھر سے اسکے

بالوں

میں ہاتھ چلایا

اس بار زار کچھ نہیں بولا البتہ اسکے عمل دیکھ رہا تھا

آپکو پتہ ہے مجھے آپکے بال اچھے لگتے ہیں۔۔۔۔اور مجھے

آپکی پیشانی اچھی لگتی ہے اسپر ہر وقت بل ڈالے ہوتے

وہ ہلکا سا مسکرائی۔۔۔ "ہیں

وہ کچھ زیادہ ہی مہربان ہو رہی تھی۔۔زار نے اپنی ہنسی

روکی وہ مزید سننا چاہتا تھا مگر سکینہ خلل

ڈال چکی

تھی وہ کھانا لے آئی تھی۔۔

زار نے زرا گھور کر اور سختی سے دروازے کیطرف دیکھا۔۔۔

عینہ مسکرادی۔۔۔اور اٹھنے لگی مگر زار کے روکنے پر رک

گئ وہ خود اٹھا اور اسکے لیے کھانا خود ریسیو کیا

اور دروازہ زور سے کھینچ کر مارا۔۔۔۔

عینہ کھکھلا دی۔۔۔

"بہت ہنسی ارہی ہے زرا کھانا کھالو پھر بتاتا ہوں

عینہ نے منہ بسورا۔۔۔ "مگر مجھے چوٹے لگی ہیں

وہ گھور کر اسکے سامنے کھانے کا "چپ ہو جاؤ

سامان

رکھنے لگا۔۔۔۔

"ہم ٹیبل پر کھالیں گے

"ہم بیڈ پر کھائیں گے۔۔

وہ اپنی مرضی کا ہی قائل تھا۔۔پیار بھی اپنی مرضی

سے

"کرتا تھا اور۔۔۔غصہ بھی۔۔۔اور شاید نفرت بھی

وہ عینہ کو اپنے ہاتھ سے کھلا رہا تھا عینہ کے لیے یہ سب

خواب سے کم نہیں تھا۔۔ اچھا لگ رہا تھا اسکے ہاتھ

سے

کھانا۔۔۔۔

مگر اسے زیادہ بھوک لگی تھی اور زار سوچ سوچ کر کھلا

رہا تھا۔۔۔

اسنے کہا اور۔۔۔ خود کھانے لگی۔۔ "میں خود کھاؤ گی

زار بھی کھانے لگا کیونکہ اسنے بھی آج صبح سے کچھ نہیں

کھایا تھا۔۔۔۔

وہ اسکی تیزیاں دیکھ کر بولا۔۔۔۔ "آرام سے کھالو

عینہ شرمندہ سی ہو گئ۔۔۔۔

اسنے سکون سے بہت سارا کھانا کھایا تھا۔۔

زار نے بھی کھایا۔۔۔

"ایک بات کہو

وہ ٹشو سے ہاتھ صاف کرتی اسکیطرف دیکھنے لگی۔

زار نے بھی صاف کیے۔ "ہمم

آپ بلکل اچھا کھانا نہیں کھاتے۔۔ پھیکا کھاتے

ہیں۔۔۔"

اچھا اور۔۔ تمھیں یہ سارا کھانا۔۔۔ کھانے کے

بعد پتہ چلا ہے

"کہ یہ کھانا مزے دار نہیں تھا۔۔

زار نے۔۔۔ نفی میں سر ہلایا۔۔

وہ ہنس پڑی۔۔ "اوہ نو

وہ شرما سی گئ۔۔ "وہ تو میں آپکو بتا رہی ہوں بس

"بہت شکریا اس انفارمیشن کا

عینہ نے منہ بسور لیا اسنے سکینہ کو بلا کر سارے برتن

واپس کیے۔۔اور اب دروازہ لاک کر لیا۔۔۔

عینہ۔۔۔کچھ گھبراہٹ کا شکار بھی تھی۔۔۔۔

زار نے لائٹس آف کر دیں وہ تھکا ہوا تھا۔۔۔۔

اور کچھ ریسٹ کرنا چاہتا تھا عینہ نے دیکھا وہ اسکے

پاس نہیں آیا تھا وہ فریش ہونے چلا گیا تھا

۔۔۔عینہ

تب تک اسکا ویٹ کرتی رہی اسنے اپنے ہاتھ کے

زخم

دیکھے اور وہ دو دن جو اسکی زندگی میں مشکل ترین

دن تھے انھیں دوبارہ کبھی نہ آنے کی دعا کرنے لگی اسی

دوران زار بھی اپنے روم سے نکل آیا۔۔وہ تھکا تھکا سا

مسکرا دیا۔۔۔۔

اچھا احساس تھا کہ وہ بنا کسی پابندی کے اسکے
کمرے
میں اسکے بیڈ پر تھی اور سب سے اہم اسکی ماں
راضی
تھی۔۔
مگر یہ بات اپنی جگہ تھی کہ وہ اپنے مقصد سے
نہیں
ہٹے گا ہاں عینہ کو اب مزید کوئی تکلیف نہ دے گا اور
نہ
کسی کو دینے دے گا اسکا خود سے عہد کیا تھا

زار۔۔اپنے نائیٹ سوٹ میں باہر آیا۔۔اور اسکے پاس ا
گیا۔۔۔
وہ لیٹ گیا۔۔عینہ نے اسکے چلتے آئے سی کو دیکھا۔۔۔

جو ایک کمرے میں دو تھے۔۔خیر کمرہ بھی بڑا تھا مگر

سردی کافی ہو چکی تھی۔۔

عینہ نظریں جھکائے بیٹھی تھی۔۔

زار نے اسے۔۔خود سے نزدیک کر لیا۔۔۔

اسنے آہستگی سے کہا "میں بہت تھک گیا۔۔۔۔

۔۔

عینہ کچھ نہیں بولی۔۔

وہ پھر سے بولا۔۔ "سونا چاہتا ہوں۔۔

تم سے محبت کے لیے میرے پاس ساری زندگی ہے"

اسنے اسکی پیشانی کو چھوا۔۔۔

"تم بھی سو جاؤ

وہ جیسے نیند کی وادیوں میں اترنے لگا مگر عینہ کو

دور دور تک نیند نہیں ارہی تھی نہ ہی نیند کے آثار

تھے

"مگر مجھے باتیں کرنی ہیں زار

اسنے اوپر دیکھا اور پھر سے اسکے بالوں میں ہاتھ

چلایا۔۔

زار کی جان بس آج رات سونے دو دو دن سے نہیں سویا

وہ۔۔۔اسکو مزید نزدیک کرتا بولا۔۔۔۔ "ہوں

عینہ نے اسکے سینے سے سر نکالا۔۔۔ "نہیں

زار خاموش تھا۔۔شاید وہ سونے لگا تھا۔۔

عینہ کو اچھا نہیں لگا۔۔زار نے معمولی سی سرخ "زار

ہوتی نظریں کھولی۔۔۔

اسنے ضد "میں بولتی ہوں نہ آپ سنیں۔

کرتے ہوئے کہا۔۔۔

"تمھیں واقعی نیند نہیں ارہی

وہ۔۔۔ تھکا تھکا سا اسے بمشکل ہی دیکھ پا رہا تھا۔۔

عینہ نے جلدی سے کہا۔۔ "نو

"مگر مجھے ارہی ہے۔۔ تو تمھیں سونا پڑے گا

زار نے اسکی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا۔۔۔۔

اور عینہ۔۔۔ دو لمحے ٹھہر گئی

زار کو لگا شاید اسکی بے چین روح کو سکون مل گیا

ہے۔۔

مگر وہ اسکے نیند میں اترتے ہی پھر سے اسے

پکارنے لگی

وہ آہستگی سے بولی تھی "ز۔۔زار

۔۔ ”سو گئے ہیں

وہ چیڑ گیا ”مر گیا زار

عینہ نے خفگی سے کہا۔۔۔ ”اللہ نہ کرے

وہ غصے سے کہہ کر کروٹ موڑ گیا۔۔ ”یار سونے دو مجھے

وہ منہ بسور کر خود بھی کروٹ لے گئ “ٹھیک ہے۔۔۔

۔۔۔۔

آہستہ آہستہ بڑبڑا رہی تھی نیند میں بھی اسکی ہلکی

ہلکی گڑگڑاہٹ جو سراسر زار کے خلاف تھی

سن کر۔۔

زار کو ہنسی آ گئ مگر وہ اتنا تھکا ہوا تھا زیادہ توجہ

نہیں دے سکا۔۔۔

اور دوبارہ نیند کی وادیوں میں کھو سا گیا۔۔۔

عینہ نے۔۔کچھ دیر بعد اسے آٹھ کر دیکھا وہ مدہوش سویا

ہوا تھا۔۔

وہ غصے سے دیکھتی رہی۔۔اور اسے نیند نہیں ارہی تھی۔۔

"کیا وہ باہر جائے۔۔

اسنے ایک لمحے کو سوچا مگر پھر گزشتہ دو دن یاد آئے

تو جھکتی کے کر وہی رہنے پر اکتفا کیا۔۔

اور پھر اسے یاد آیا اسنے نماز نہیں پڑھنی وہ اللہ کا شکر ادا

کر لے پہلے وہ جلدی سے اٹھی اور وضو کرنے چلی گئ

اسے درد کا احساس اب نہیں ہو رہا تھا۔۔وہ خوش تھی۔۔۔

اللہ نے اسکو عزت دی زار کو اسکے لیے پلٹ دیا

اسکے دل میں

"نرمی ڈالی عینہ کے لیے۔۔وہ رب کتنا مہربان تھا

اگلی صبح عینہ سو رہی تھی اور قسمت سے زارا اس سے

پہلے اٹھ گیا۔۔۔

اسنے چہرہ موڑ کر دیکھا وہ اسکی کمر کے پیچھے تھی

اس

کی شرٹ کو مٹھیوں میں لیے۔۔۔۔اسی کے بلنکیٹ

میں

گھسی ہوئی تھی۔۔اور بھاری بھاری سانسیں لے رہی

تھیں۔۔

عینہ میڈیم سونے میں مشغول ہیں۔۔۔

اسے یاد آیا رات وہ اسے کتنا تنگ کر رہی تھی۔۔

اسنے کروٹ موڑی اور۔۔۔عینہ کیطرف منہ کر لیا

۔۔۔

وہ سوتے ہوئے میں پیاری لگ رہی تھی۔۔۔۔

"عینہ سو رہی ہو

اسنے اسکے بالوں کو سائیڈ پر کیا۔۔۔

کوئی جواب نہیں آیا۔۔۔۔

"عینہ۔۔۔سو

عینہ نے منہ بنا کر کروٹ موڑلی اسکیطرف سے زرا

نے

اپنی ہنسی روکی

وہ ویسے ہی بولا۔۔۔" مجھے تم سے باتیں کرنی ہیں یار

مگر دوسری طرف کوئی "اٹھ جاؤ نہ

ریسپونس نہیں تھا

-

"اوہ جان زارا اتنی گھیری نیند اچھی نہیں

اسنے پھر سے عینہ کو جھنجھوڑا جو۔۔ گھوڑے بیچ کر

سو چکی تھی۔۔۔

زار نے گھیرہ سانس بھرا۔۔ حالانکہ وہ جواب

دیتا رہا تھا

اور یہ لڑکی اسے منہ بھی نہیں لگا رہی تھی۔۔۔

وہ اٹھا اور فریش ہونے چلا گیا

اسنے گھڑی پر نگاہ ڈالی۔۔

دوپہر کے دو بج رہے تھے۔۔ اوو کی شیپ میں اسکے لب

گول ہوئے اور

۔۔ وہ انداز الگانے لگا اس وقت گھر میں کیا ماحول

ہو گا

یقیناً انس شاہ نہیں ہوں گے اب گھر میں۔۔۔

وہ فریش ہو کر باہر آیا۔۔۔ گیلا تاول عینہ کے منہ پر

دے

"مارا وہ ہڑبڑا کر اٹھ گئ

اسنے خود کو داد دی۔۔ "نائیس ٹریک مسٹر زار

عینہ اسے اجنبی نظروں سے دیکھنے لگی

زار البتہ مطمئین کھڑا تھا۔۔ اور عینہ کی یاداشت

لوٹ آئ

تو اسے رات کا منظر یاد آیا۔۔۔۔

"مجھے کیوں اٹھایا ہے

"ناشتہ نہیں کرنا

عینہ پھر سے بستر میں گھس گئ "وہ پوچھنے لگا

"چپ چاپ نکلو باہر ورنہ دو لگا دوں گا

"آپ مجھے ماریں گے

عینہ نے اسکیطرف۔۔۔ معصوم نظروں سے دیکھا۔۔۔

ڈرامے کم کرو اور اٹھو

"۔۔بہت دیر ہو چکی ہے

عینہ کو فکر ہوئی "باہر نے نہیں جانا

"آپ کہیں تو آپکے دوپٹے سے باندھ جاؤں

وہ سینے پر ہاتھ باندھے اسے دیکھنے لگا

"میں نے یہ تو نہیں کہا

www.BestUrduBook.com

عینہ نے پھر سے منہ بنایا۔۔

کہیں نہیں جا رہی اسی میں۔۔اب اٹھو مما سے

"ملنا ہے مجھے

وہ ایکدم خوش ہوئی "میرے ساتھ

زار تیار ہونے لگا۔۔۔ "ہاں بھی

وہ شانے آچکا کر جلدی سے واشروم میں "اوکے

بند ہو گئ۔۔۔

زار مگر میرے کپڑے اس روم میں ہیں پلیز

۔۔۔ "لے آئیں

وہ اندر سے بولی

ملازم ہوں تمھارا یہ تمھارے باپ نے مجھے ہائیر کیا

ہے

۔ "اپنی مہربانی کے لیے

وہ چیڑ کر بولا۔۔اب وہ جا کر اسکے کپڑے لائے

بھلا ملازم

دیکھ رک کیا سوچیں گے ایک دن میں وہ زار

صاحب۔۔

عینہ کے نوکر بن گئے۔۔۔

"کیا ایسا نہیں ہے

عینہ نے ہلکا سا دروازہ کھول کر شرارتی نظروں سے

اسکیطرف دیکھا

اور اس سے پہلے زار اسے دروازے میں سے اندر گھستا وہ

گھبرا کر جلدی سے بند کر گئ۔۔۔۔

وہ خفگی سے بولا۔۔۔ "تمھیں میں اچھے سے پوچھ لوں گا۔۔

عینہ کچھ نہیں بولی۔۔۔

جبکہ زار ڈریسنگ روم میں پہلے خود۔۔ڈیسپ ہونے

گیا

اور پھر۔۔۔وہ سیاہ کرتے شلوار میں باہر نکل کر بال

بنانا

اور پرفیوم سپرے کرنے کے بعد عینہ کے کپڑے

لینے چلا گیا

باہر صرف ملازم تھے نہ افنین نظر آئی تھی نہ

عالیہ اسنے شکر

ادا کرتے عینہ کے کپڑے۔۔۔نکالے اور۔۔۔وہ دوبارہ روم

میں

اگیا اسے کپڑے دیے وہ فریش فریش سے

باہر آئی توزار

کسی سے فون پر بات کر رہا تھا عینہ نے اپنے بال خشک

کیے زار۔۔اسکے پیچھے اکھڑا ہوا

آئینے پر دونوں کا عکس۔۔بہت خوبصورت لگ رہا تھا

اسے

امید تھی عینہ کے زخم بھی بھر جائیں گے۔۔۔

عینہ ریڈی ہو گئ۔۔

توزار۔۔۔کو لگا اسے لپسٹک تو لگانی چاہیے تھی مگر اس

کے پاس ایسا کوئ سامان نہیں تھا تبھی اسنے

شاپینگ کا

سوچا اور دونوں۔۔باہر اگئے۔۔۔

زار اسکا ہاتھ تھامے افنین کے روم میں داخل

ہونے لگا کہ۔۔۔

افنین کی آواز پیچھے سے آئ۔۔۔

ادھر اجاؤ بچوں ناشتہ تم لوگوں کا میں نے خود بنایا

ہے"

افنین نے مسکرا کر کہا۔۔

تو۔۔زار عینہ کا ہاتھ چھوڑ کر۔۔۔ماں کیطرف بڑھا

اور اس سے پہلے وہ بڑھتی۔۔۔عالیہ بھی آئ اور اسے

اکیلے پا کر اسپر جھپٹی

"مما

عینہ نے اپنی ماں کیطرف دیکھا

"میری بیٹی ٹھیک ہو تم۔۔۔

وہ آنکھوں میں آنسو لاتی اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

میری بچی۔۔

مجھے معاف کر دو میں نے تمھارے ساتھ بہت

"غلط کیا

عالیہ نے کہا اور اسکو گلے سے لگا لیا

افنین اور زار جہاں اس کایا پلٹ پر حیران تھے وہیں

عینہ

حونک تھی۔۔

مجھے معاف کر دو میری بیٹی میں نے تمھیں بہت

"تکلیف دی میں سمجھ نہیں سکی

وہ عینہ کا ماتھا چومتے ہوئے بولی۔۔ مگر عینہ سن

کھڑی تھی اسکی ماں کی اس پر جس قسم کی گرفت

تھی یہ کوئی اچھا اندیشہ نہیں تھا۔۔۔

زار۔۔ اس نوٹنکی پر سر جھٹک کر ہنس دیا۔۔۔۔۔

اور قدم اسکی جانب اٹھائے اور عینہ کو اپنی

جانب

کھینچ لیا۔۔۔

"میری بیوی سے دور رہو

وہ اسے واضح لفظوں میں بولا تھا۔۔۔

عالیہ اپنی آنکھوں میں آنسو لے آئی کیونکہ پیچھے انس

شاہ کھڑے تھے۔۔۔

زار۔۔ تم مجھے میری بیٹی سے دور نہیں کر۔۔

اسنے۔۔۔بلند آواز میں کہا "شیٹ آپ

"زار ایسے مت کریں

عینہ نے زار کو روکنا چاہا۔۔۔زار نے اسکی جانب

دیکھا

اور اسکی کمر میں بازو حائل کر لیا عالیہ نے

اسکا بازو

دیکھا تھا۔۔۔۔بڑی مشکل سے اسنے یہ برداشت

کیا تھا

زار کو مزاہ آنے لگا تھا اب یہ نیا کھیل تھا

۔۔۔۔

"زار

انس شاہ کی آواز پر وہ مڑا اور عینہ کی کمر سے بازو

نکال لیا۔۔۔

انس شاہ نے اسکی جانب دیکھا اور۔۔ایک

حتمی فیصلہ

وہ آج ان سب کو سنانے والے تھے۔

"میں اس گھر میں سکون چاہتا ہوں

یہ عورت جب تک یہاں رہی سکون نہیں ملے

گا کسی کو"

زارنے شانے آچکا کر کہا

"شیٹ آپ"

انس شاہ نے غصے سے کہا تو۔۔اسکی تو مسکراہٹ

اور

ہنسی کو ہی بریک نہیں لگ رہا تھا ہنسی دبا گیا

عالیہ

سلگ رہی تھی اس مسکراہٹ پر جب کہ عینہ سے

آنکھ

بھی نہیں اٹھ رہی تھی۔۔۔

میں نہیں چاہتا اب اس گھر میں کوئی کسی

سے لڑے۔۔۔

یہ حقیقت ہے کہ عینہ زار کی بیوی ہے۔۔ تو اب میں

تمھیں اس بات پر اختلاف کرتے یہ زار سے

الجھتے

ہوئے نہ دیکھوں"

انس شاہ نے پہلے عالیہ سے کہا تھا سنجیدگی

سے۔۔ اور

اسکے بعد زار کے مسکراتے چہرے کی جانب دیکھا

اپنی زبان کو بریک لگا کر رکھا کرو۔۔اور اب میں تمھیں عالیہ سے بدتمیزی کرتے ہوئے نہ دیکھو۔۔۔۔زار اور یہ میری

لاسٹ وارنیگ سمجھنا اسکے بعد وارنیگ نہیں دوں گا"

گھر سے نکال دیں گے میں اپنی بیوی کے ساتھ چلا جاؤں

وہ آنکھ دبا کر بولا تو انس شاہ نے نفی میں سر ہلایا "گا

"بکواس کرو الو بس ناشتہ کرو اب سب

وہ سنجیدگی سے بول کر چیئر کھینچ کر بیٹھ گئے

"ناشتہ تم نے بنایا ہے

انس شاہ نے افنین کیطرف دیکھا وہ سر ہلا گئ۔۔

"چلو شکر ہے کچھ اچھا کھانے کو ملے گا اتنے دنوں بعد

وہ سر جھٹک کر بولے اور ناشتہ کرنے لگے۔۔

عالیہ نے

نفرت سے انس کو دیکھا تھا اسے انس سے

چیڑ ہونے لگی

تھی جب سے وہ افنین کی طرف۔۔۔دھیان دیتا

تھا۔۔اور

وہ عالیہ کو اگنور کر کے افنین کے پاس رہا تھا۔۔۔

تب سے عالیہ انس سے اکھڑی اکھڑی سی تھی

وہ خاموشی سے ناشتہ کر رہی تھی انس اور افنین ہلکی

پھلکی باتیں کر رہے تھے عینہ خاموش بیٹھی تھی زار

نے دونوں کے لیے ناشتہ نکالا اسے کھانے کے لیے کہا اس

کا سارا فوکس عینہ پر تھا مگر عینہ کا فوکس عالیہ پر تھا

اسنے ایک نگاہ اٹھا کر دیکھا عالیہ اسے ہی دیکھ رہی تھی

ایسے جیسے چیر پھاڑ دے گی اگر اسے کبھی موقع ملا تو۔۔۔

"م۔۔مجھے نہیں کھانا۔۔۔مجھے بھوک نہیں لگی زار

عینہ نے ہلکی سی آواز میں کہا

میری جان اتنی محنت کی ہے رات میں اور صبح کھاؤ گی

وہ بولا تو۔۔۔عینہ نے اسکیطرف حیرانگی سے "نہیں دیکھا

اور۔۔۔ تھوک نگلا۔۔

عینہ نے اسے روکا۔۔ "آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں کتنی غلط باتیں کر رہا تھا۔۔ اور عالیہ کی ضبط سے باہر ہو رہا تھا۔۔۔

زار کو البتہ مزاہ ارہا تھا۔۔۔

"زار ہنس دیا اچھا ناشتہ تو کرو تم۔

زار نے اسکو فوک پر انڈا لگا کر دیا تو۔۔۔۔

عینہ زرا پریشان سی ہو گئی تھی مگر زار کو پروا نہیں تھی اور۔۔۔ اسنے عینہ کو ناشتہ کرایا عالیہ سے ناشتہ اتر ہی نہیں رہا تھا

"ناشتہ کرو کیا ہو گیا ہے

انس شاہ نے کہا تو عالیہ نے کھا جانے والی

نظروں سے

اسکیطرف دیکھا

"میں تو کھا ہی لوں گی ڈونٹ وری انس

وہ زبردستی مسکرائی اور اٹھ کر چلی گئی انس شاہ نے بھی

ناشتہ چھوڑ دیا۔۔۔

اور گھیری سانس لی۔۔

زارا انھیں کیطرف دیکھ رہا تھا۔۔

"کیا میں مما سے بات کر لوں

عینہ فکر مندی سے اٹھی اور زار سے پوچھا اسنے ٹکا سا

جواب دیا۔۔

"زار وہ اسکی ماں ہے تم یہ حق نہیں چھین سکتے

انس شاہ بولے

ڈیڈ مجھے اس عورت پر اعتبار نہیں میں کیسے اعتبار کر

لوں میری بیوی کو کتنا مارا ہے اس عورت نے نو

"نیور

عینہ نے کہا تو زار دانت پیسنے لگا۔۔۔ "پلیز

"تم

انس شاہ نے غصے سے اسے ٹوکا۔۔۔ "زار

"اسے اپنی مرضی کرنے دو

وہ بولے تو زار چپ ہو گیا اور ناشتہ کرنے لگا

جبکہ عینہ کمرے میں اپنی ماں کے پاس آگئی۔۔

عالیہ مسکرائی "آجاؤ

عینہ نے اپنی ماں کے ہاتھ تھام لیے۔۔۔ "سوری مما

وہ آدمی تمھاری ماں کی ہی عزت نہیں کرتا تمھاری ماں کو

"مارا اسنے تم نے اسی سے شادی کرلی

عالیہ دکھی ہونے کا ڈرامہ کرنے لگی۔۔۔

مما میں اور زار انکل اور آپکی شادی سے پہلے ایک

عینہ ہی آنکھیں بھیگ "دوسرے کو پسند کرتے ہیں

گئیں

پسند تو۔۔تم اسفر کو بھی کر سکتی تھی عینہ بھلے کسی

بھی کتے کو کر لیتی۔۔۔۔"

وہ ہلکا سا ہنسی عینہ حیرانگی سے دیکھنے لگی۔۔۔

وہ آدمی تم سے محبت نہیں کرتا کتنی بڑی غلط فہمی کا

شکار ہو تم۔۔۔وہ بس تمھیں۔۔یوز کر رہا ہے میرے

لیے وہ

مجھے اور انس کو الگ کرنا چاہتا ہے اس لیے وہ۔۔

اسنے تم

سے شادی کی ہے"

ایسا نہیں ہے مما زارا اچھے ہیں بہت اچھے ہیں آپ بھی

انکے لیے پوزیٹو سوچیں وہ۔۔بہت اچھے ہیں"

اسنے ماں کو سمجھایا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

۔۔۔ "اچھا۔۔تو تم کہہ رہی ہو وہ تم سے محبت کرتا ہے

عالیہ نے مسکرا کر پوچھا عینہ زور و شور سے سر

www.BestUrduBook.com

ہلانے

لگی۔۔۔جبکہ۔۔۔عالیہ کی نظروں میں عینہ کے

لیے بھی

عجیب انتقام اتر چکا تھا۔۔

تو ٹھیک ہے۔۔پھر زرا اس سے۔۔جا کر کھو کے

یہ گھر۔۔۔۔

جو کہ اسکے نام ہے تمھارے نام کر دے۔۔مجھے یقین ہے

وہ تمھارے نام نہیں کرے گا پھر تمھیں اندازا ہو گا کہ اسے

"تم سے محبت ہے بھی یہ نہیں

عالیہ کی بات پر وہ۔۔۔حیرانگی سے اسے دیکھنے لگی

۔۔۔

م۔۔میں زار کو محبت کو پیسوں میں نہیں طول سکتی

۔۔۔

مما"

عینہ تم بیوقوف ہو۔۔۔یہ دنیا بے حد چالاک ہے اور زار تو

اور بھی زیادہ وہ شخص تمھیں طلاق دے دے گا۔۔کیونکہ

وہ صرف اور مجھے یہاں سے نکالنا چاہتا ہے۔۔۔وہ

تم میں

"دلچسپی نہیں رکھتا۔

عینہ کی آنکھیں بھیگ گئیں "مما ایسا نہیں ہے

"چلو ٹھیک ہے تم ثابت کر دو میں مناجاؤں گی

زار میرے لیے کچھ نہیں دیکھیں گے میں جانتی

"ہوں

ٹھیک ہے تو ثابت کروادوں میں بھی مان جاؤں گی کہ

"تمھارا زار ایسی بھی کیا توپ چیز ہے

وہ بولی عینہ خاموش ہو گئ۔۔۔۔۔

"آپ نے کھانا نہیں کھایا

میری بیٹی نے جس قسم کا مجھے دھوکا دیا مجھ سے

بے وفائی کی میں اسکے سوچ سوچ کر کھانا پینا بھول

اسنے طنزیہ کہا "چپکی ہوں

عینہ سر جھکا گئ۔۔

"مما پلیز زار سے نفرت کرنا چھوڑ دیں

نفرت میں اسے جان سے مار دوں گی عینہ اور تمھیں

بھی

مار دوں گی بلکہ۔۔۔جو جو میرے سامنے زار کی حمایت

کرے گا سب کو مار دوں گی۔۔۔تم کجا کے مجھے یہ کہہ

رہی ہو کہ کہ نیں اس سے نفرت کرنا چھوڑ دوں۔۔

میں

جتنی نفرت اس سے کروں گی۔۔اتنی میری آنا کو

تسکین

ملے گی اسکی بڈھی ماں بھی مرے گی میرا راج ہو گا

یہاں

اسنے دل میں "صرف اور صرف۔۔عالیہ کا

سوچا۔۔۔

وہ بولی۔۔۔ "_ تمھاری تعلیم بھی پوری نہیں ہوئ

وہ۔۔۔ ہلکی آواز میں بولی۔۔ "میں میں پڑھ لوں گی

"تیار ہو جاؤ یونیورسٹی جاؤ گی تم

عالیہ نے زرا۔۔۔ سنجیدگی سے کہا۔۔۔

"مما م

"عینہ۔۔۔جو میں کہہ رہی ہوں اتنا کرو جاؤ اور ریڈی ہو

وہ غصے سے بولی اور۔۔عینہ اٹھ گئ۔۔۔

وہ باہر آئ اور اسنے ان تینوں کو دیکھا۔۔۔۔

وہ تینوں ناشتہ کر رہے تھے

عینہ نے "میں ریڈی ہو جاتی ہیں یونیورسٹی کے لیے

کہا

زار نے۔۔کہا۔۔۔ ”مگر تمھارا تو اڈمیشن نہیں ہوا ابھی

تو عینہ چپ ہو گئ۔۔۔

زار نے کہا ”چپ چاپ ادھر آ کر ناشتہ کرو۔۔۔

۔۔۔۔

عینہ اسکے پاس اگئ۔۔۔

میں کرادوں گا تمھارا اڈمیشن۔۔۔اور جب کھو تم چلی

زار نے کہا تو عینہ بیٹھ گئ ”جانا فلحال ناشتہ کرو

اسے سمجھ نہیں آیا کس کی مانے۔۔۔۔

کس کی نہ مانے۔۔ماں ایک طرف خفا تھی تو

دوسری طرف

زراہر وہ کام لازمی کرتا جس سے عالیہ کو اختلاف

ہوتا۔۔۔۔

عینہ کو لگا تھا وہ اب زیادہ پھنس گئے ہے اسنے زار ہے

ساتھ ناشتہ کیا

اور۔۔۔ابھی وہ بیٹھی ہی تھی کہ زار نے اسے اپنے کپڑے

نکالنے کا حکم دے دیا۔۔۔

عینہ اٹھ کر روم میں چلی گئ عالیہ نے یہ منظر

دور سے

دیکھا تھا۔۔۔۔

اسکے لیے یہ ناقابل برداشت تھا سب۔۔وہ یہ

سب برداشت

نہیں کر سکتی تھی تبھی۔۔۔وہ کمرے میں چلی گئ۔۔

انس بھی اگئے

انس نے انفارم کیا "میں آفس جا رہا ہوں

میں سوچ رہی ہوں انس میں بھی آفس جوائن کر وہاں

آپکے ساتھ

وہ بولی تو انس شاہ کچھ حیرانگی سے پلٹے "۔

وہ پوچھنے لگے "کس لیے

بس ویسے ہی گھر میں رہ رہ کر بور ہو جاتی ہوں شاید

وہ ہلکا سا مسکرائی "مائینڈ فریش ہو جائے

انس بھی مسکرا دیے

ہاں تمھیں فریسنس کی ضرورت ہے۔۔۔

"چلو ٹھیک ہے کل سے جوائن کر لو

عالیہ مسکرائی "آج سے کیوں نہیں

اور انس بھی مسکرا دیے

اچھا ہے تم ہماری زندگی پر فوکس کرو۔۔۔۔باقی کسی

اسنے کہا تو۔۔۔عالیہ سر ہلا گئی۔۔اور۔ "پر نہیں

انس شاہ نے کہا کے ریڈی ہو کر آجانا۔۔

"انس میں سوچ رہی ہوں آپ مجھے گاڑی دلا دیں ایک

عالیہ نے کہا۔۔

وہ مسکرائے اور۔۔۔۔ چلے گئے۔۔۔ "وائے نوٹ

عالیہ ہنس پڑی۔۔۔

اور۔۔۔ اسنے اپنی پہلی فتح پر۔۔۔ خود کو داد دی تھی۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زارفریش ہو کر آیا اور اسنے۔۔ دیکھا عینہ اسکے

کپڑے

رکھ رہی تھی بیڈ پر۔۔۔

آپکا ڈریس ریڈی ہو گیا میں مما کا ناشتہ بنا دوں

انھوں

نے کیا نہیں۔۔

وہ بولی تو۔۔زار نے آئی برو اچکائی۔۔۔اور اسے اپنی جانب

کھینچا تو۔۔۔عینہ اسکے سینے سے الگی۔۔۔

تمھیں کسی کی غلامی کی ضرورت نہیں مجھ پر فوکس

وہ اسکا چہرہ دیکھ رہا تھا "کرو

نگاہوں میں اسکے لیے محبت تھی۔۔۔چاہت تھی

۔۔۔۔۔

جبکہ۔۔۔۔عینہ کا دل دھڑک رہا تھا اسنے مسکرا کر

سر اٹھایا

اسکی شرٹ کا بٹن چھیڑتے ہوئے وہ بولی "زار

"حکم زار کی جان

اسنے کہا تو۔۔۔۔عینہ کو پیچھلی باتیں یاد آگئی۔۔

وہ مسکرا دی

مجھے لگتا نہیں تھا کہ یہ دن ہماری زندگی میں آئے گا

--"

وہ آہستگی سے بولی

مجھے تو علم تھا کہ تم میری بیوی بن کر ایک دم

میرے

سامنے کھڑی ضرور شرماؤ گی پھر میں تمھارا

چہرہ اپنے

دونوں ہاتھوں میں لے کر تمھیں مزید شرمانے پر

مجبور کر

وہ اسکے چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھام کر "دوں گا

--

اسکے چہرے پر جھکا تو۔۔عینہ۔۔۔۔اسکی قربت

اسکے

لمس میں کھوں سی گئ۔۔۔۔

جبکہ زار بھی کھو گیا تھا۔۔۔۔

یہ لمحے ان دونوں کے لیے بے حد قیمتی تھے کتنی تکلیف

کے بعد عینہ کو یہ خوشی پورے حق سے میسر آئی تھی۔۔۔

اسنے حسب عادت زار کی گردن میں بازو حائل

کر لیے اور

اس سے پہلے زار دیوانہ سا ہوتا ایک جھٹکے سے

کمرے کا

دروازہ کھولا وہ ایکدم ایک دوسرے سے الگ ہوئے

عالیہ بھی

دیکھ چکی تھی۔۔۔

عینہ کا تو دم سا نکلنے لگا جبکہ زار کا غصے سے چہرہ سرخ

ہو گیا۔۔۔۔

عالیہ نے اسے آنے کا حکم دیا۔۔۔ "عینہ۔۔۔

جبکہ زار۔۔کا دماغ اسکی اس حرکت سے ایسے گھوما

کے

اسنے عینہ کو بیڈ پر ایکدم دھکیل دیا۔۔

عینہ کو اسکے ارادے درست نہیں لگے زار ایکدم "ز۔۔زار

اسپر جھکا۔۔۔

عینہ کانپ سی اٹھی اور عالیہ سلگ گئ۔۔اسکی نگاہ

جھک

گئ زار کی اس حرکت سے۔۔زار نے عینہ کا چہرہ

اپنے ہاتھ

سے۔۔جکڑا اور ایک بار عالیہ کے سامنے پھر

اسکے چہرے پر

جھکا۔۔۔اور عالیہ۔۔۔ایکدم دور ہٹ گئ

عینہ نے اسے دور دھکیلا۔۔۔ "ز۔۔زار

زار۔۔۔نے عالیہ کو ہٹتے دیکھا تو۔۔۔پیچھے ہٹ گیا

۔۔

غصے سے پیشانی پر کئی بل تھے۔۔

میں کبھی اس عورت کی وجہ سے اپنے کسی عمل

سے نہیں

رکوں گا تو بہتر ہو گا اس۔۔۔پاگل کو۔۔۔مینرز دو۔۔۔کہ

"ہز بینڈ وائف ہے روم میں کیسے آتے ہیں

وہ بلند آواز میں چیخ کر بولا تھا

"زار آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں۔۔

وہ غصے سے زرا خفگی سے بولی وہ غصے سے کپڑے اٹھا

کر فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

جبکہ عینہ۔۔۔۔دل تھام گئی تھی۔۔۔

یہ سب کیا ہو رہا تھا وہ تو سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔۔

عالیہ نے فون گھمایا تو دوسری طرف اسفر نے کال اٹھا لی۔۔۔

کہاں ہے آپ عینہ کہاں ہے مجھ سے۔۔۔بات نہیں کر رہی

وہ بھڑک کر بولا۔۔۔ "فون نہیں اٹھا رہی

عالیہ نے کہا۔۔۔ "ہمم مجھے تم سے ملنا ہے

اوکے۔۔۔ مگر عینہ سے بھی ملنا ہے مجھے اور میں چاہتا

ہوں کہ شادی کی شروعات کی جائے"

اسفر بہت بے تاب تھا۔۔۔

علایہ نے بتایا کہ کہاں ملنا ہے اور فون بند کر کے

وہ اچھے

سے تیار ہو کر۔۔۔

باہر نکلی تبھی زار بھی نکلا وہ اسے اگنور کرتا وہ۔۔۔وائیٹ

پینٹ کوٹ میں بلیک گاگلز لگائے اپنی گاڑی میں

بیٹھا۔۔۔

اسنے ایک لمحے کے لیے سوچا تھا یہ کہاں جا

رہی تھی۔۔۔

اور پھر اگنور کر کے چلا گیا وہ۔۔۔عینہ سے مل کر

نہیں

آیا تھا۔۔۔۔

عینہ کے پاس صرف اسکی ماں کی حمایت۔۔۔اور

اسکی فکر

کے علاوہ کچھ نہیں تھا جس طرح زار تپ سا

گیا تھا اسے

لگتا تھا اسکی ماں اچھی عورت ہے جب کہ وہ

عورت نہایت

گھٹیا اور لالچی تھی۔۔

وہ۔۔۔ بیس منٹ کی ڈرائیو کر کے آفس پہنچا۔۔ تو زار کی

آمد سے ایکدم سب ایکٹیو ہو چکے تھے وہ۔۔۔

اندر اپنے آفس کی جانب چل دیا۔۔۔

تو لیفٹ میں جیسے ہی سوار ہوا ویسے ہی عالیہ مسکراتی

ہوئی لفٹ میں سوار ہو گئی۔۔

زار نے کوئی ریسپونس نہیں دیا کیونکہ اسے لگ رہا تھا کہ

وہ انس کے پاس ضرور پیسے ویسے لینے آئی ہو گی جبکہ

دوسری طرف عالیہ ایک پل کے لیے سوچنے لگی کہ یہ

کوئی سوال کیوں نہیں کر رہا بر حال دونوں ایک دوسرے کو

اگنور رک کے۔۔اپنے اپنے راستے پر چل دیے

عینہ کچھ فریش سی ہو کر باہر آئی اور۔۔۔اسکے دل نے کہا کہ افنین کے پاس جائے۔۔۔

وہ۔۔۔زرا۔۔۔ جھجھکتی ہوئی افنین کے روم میں آئی۔۔۔۔

افنین۔۔۔ریسٹ کر رہیں تھیں

وہ بولی۔۔ "اسلام علیکم

افنین نے اسکیطرف دیکھا تو دوسری طرف

سکینہ نے بھی جو

کہ افنین کے پاس بیٹھی اسکا ہاتھ پاؤں دبا رہی تھی

افنین نے آنکھ کے اشارے سے جواب دیا

وہ اسکے نزدیک بیٹھ گئ۔۔۔

کچھ دیر خود میں ہمت مجتمع کرتی رہی کہ کیا بولے۔۔۔

"وہ مجھے آپ سے سوری کرنا ہے

وہ افنین کی جانب دیکھنے لگی۔۔۔

افنین نے سکینہ کو روک دیا اور جانے کو کہا۔۔۔۔۔

"کس بات پر سوری کرنا ہے

افنین۔۔نے اس لڑکی کو اوپر سے نیچے تک دیکھا

بلا شبہ

وہ بہت خوبصورت تھی اور خوبصورت کے ساتھ

خوب

سیرت بھی ہاں اپنی ماں سے مختلف۔۔شاید اسکے

والد

کی عادت ایسی تھیں۔۔۔۔

اور اوپر سے اسکی شرم وحیا۔۔۔۔افنین۔۔اسے

توجہ سے

دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ اسکے بیٹے کی پسند تھی۔

اسے عینہ وک توجہ سے دیکھنے پر جیسے اندازا ہوا کہ

واقعی۔۔۔وہ ایک اچھی لڑکی تھی اور اسکے بیٹے کے

ساتھ کافی جچتی تھی۔۔۔۔

"میں نے جو بھی کیا

عینہ بھیگے لہجے میں بولی یہ میری مما نے جو بھی کیا۔۔۔

وہ سر جھکائے رو دی "میں میں کچھ کر نہیں سکی۔۔

بیٹا۔۔یہ آپ لوگوں کے سوچنے کی باتیں کہیں ہیں۔۔۔

یہ

فیصلہ تو انس کا تھا۔۔انھوں نے اجازت مانگی اور پھر

میں روک نہیں پائی۔۔۔۔۔

زار تو۔۔ضد پر اڑا ہے میں جانتی ہوں انس کبھی نہیں

چھوڑیں گے اور کیوں چھوڑیں بھلا شادیاں چھوڑنے کے

لیے کی جاتی ہیں شادی ایک بڑا رشتہ ہے جب

شروع تو

"بہت رشتے بندھ جاتے ہیں۔۔

وہ اسکے سر پر ہاتھ رکھ کر تھپتھپا کر دوبارہ لیٹ گئ۔۔۔۔

عینہ کیا آنکھیں بھیگی بھیگی "آپ بہت اچھی ہیں تھیں

"تم اچھی ہو تبھی میں تمھیں اچھی لگ رہی ہوں

افنین ہنس دی۔۔۔

عینہ نے جھک کر انکے ہاتھ چوم لیے درحقیقت ماں کا عکس

تو یہ تھا۔۔۔اور آج اسکی ماں نے کیسے بتایا کہ۔۔۔۔

وہ زار سے یہ گھر اپنے نام کرا لے۔۔

ماں تو ایسی ہوتی ہے جو بچوں کی خوشی میں خوش ہو۔۔۔

پھر اس ماں کے لیے جان بھی قربان کر دی جائے

۔۔ماں کبھی

خود غرض نہیں ہو سکتی۔۔

وہ سوچتی رہی افنین ہلکا سا ہنس دی

زار بہت ضدی ہے تمھارے جیسی نرم مزاج لڑکی۔۔

اسے

برداشت کر رہی ہے۔۔ میں اس بات پر تھوڑ

حیران ہوئی

وہ ہلکا سا ہنسی تو عینہ کے چہرے پر بلال سے کھل "ہوں

گئے۔۔۔وہ ہلکا سا مسکرا دی۔۔۔

۔۔افنین نے اسے دیکھا "تم تیار کیوں نہیں ہوئی

عینہ نے "م۔۔ میرے پاس یہ ہی کپڑے ہیں

بتایا۔۔

افسوس تو یہ ہے کہ وہ۔۔۔ضدی ہونے کے ساتھ

ساتھ

لاپروا بھی ہے ایک بات سوچے گا تو اسے ایک سال

بعد

"پورا کرے گا۔۔

افین نفی میں سر ہلانے لگی عینہ ہنس دی۔۔۔

درحقیقت

ایسا ہی تھا۔۔۔

"چلو ایسا کرو تم چلی جاؤ شاپنگ کر لو

ن۔۔نہیں شاپنگ تو

جاؤ بیٹا۔۔اسے بھی اچھا لگے گا شاید اسکا دماغ باقی

وہ بولیں تو عینہ چپ ہو گئ۔۔ "چیزوں سے ہٹ جائے

یہ

بھی حقیقت تھی۔۔۔

"آنٹی میں

افنین نے اسکی جانب دیکھا۔۔۔اور عینہ سمجھ گئ

۔۔

"وہ زار کو اچھا نہیں لگتا۔۔۔سنہ

افنین ہنسی۔۔۔عینہ بھی مسکرادی۔۔۔ "پاگل ہے وہ تو

میں۔۔۔بھائ کے گھر چلی جاؤں۔۔۔۔جلدی ا

"جاؤں گی

وہ ان سے پوچھ رہی تھی افنین کو اسکی عادت اچھی لگی۔۔

"جاؤ مگر زار کے آنے سے پہلے آنا "اوکے۔۔۔

وہ بولی تو عینہ کا دل گدگدا سا گیا یہ لمحے کتنے اچھے

اور قیمتی سے لگ رہے تھے۔۔

عینہ ڈرائیور کے ساتھ اپنے گھر آگئی تھی۔۔۔وہ گھر لوٹی تو۔۔۔وہاں نتاشہ تھی۔۔۔اسنے دیکھا بھائی نہیں تھے انھوں نے ہونا بھی نہیں تھا اسے یاد آیا اسکا سیل فون یہیں پر ہے حیا کے پاس جانے سے پہلے سیل فون

اٹھانا چاہتی تھی تبھی وہ اپنے روم میں چلی گئ۔۔ نتاشہ کی نگاہ اسپر پڑی تو۔۔وہ۔۔۔اسکے کمرے کے دروازے میں اکھڑی ہوئ۔۔۔

www.BestUrduBook.com

دیکھو بھی کون آیا ہے ہمارے گھر۔۔۔۔۔

عیاش اور بدکردار لڑکی جس کا منہ اتنا بھولا ہے کہ کوئ

سوچ بھی نہیں سکتا یہ لڑکی کسی مرد کے ساتھ۔۔۔۔ کتنے

مہینوں سے تھی۔

عالیہ اسے دیکھنے لگی

"ماں یہ میری بیوی ہے حیا صدام

"تم نے شادی کر لی

عالیہ اپنی جگہ سے اٹھ گئی عینہ کو کوئی شاکڈ نہیں لگا

تھا گویا وہ یہ سب جانتی تھی وہ اپنے بچوں کو حیرانگی

سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

آپکے پاس وقت نہیں تھا یہ جاننے کا کہ۔۔۔

کیا ہو رہا ہے

میری زندگی میں پھر میں نے بھی مزید کسی

فیصلے کو

کسی کے حوالے نہیں کیا

"بیٹا تم نے پہلا فیصلہ بھی خود ہی لیا تھا

وہ طنز کرنے لگیں۔۔۔

صدام کچھ نہیں بولا

"اور اس میسنی کو تو دیکھو ایک لفظ نہیں بولی

وہ عینہ پر بھڑکیں

عینہ کا قصور نہیں ہے آنٹی اسے بھی بعد میں پتہ چلا تھا

"چلو کوئی تو اچھا کام کیا تم نے

حیا کو دیکھتے ہوئے عالیہ نے کہا تو صدام سمیت حیا

بھی مسکرا دی عینہ بھی مسکرائے کہ کہیں تو مما بھی

راضی ہوئی۔۔۔

اس نے بھی زار سے نکاح کر رکھا تھا وہ چھپ چھپ

"کر اب اللہ ہی جانتا ہے نکاح تھا بھی یہ بس

"مما نکاح میں تھی میں

عینہ شرمندگی سے بولی کے بھائی کے سامنے یہ

کیسی

گفتگو تھی۔۔

صدام نے شاکڈ نظروں سے عینہ کو دیکھا پھر حیا

کو

دیکھا کہ وہ جانتی تھی اور اسے بتانا بھی ضروری

نہیں سمجھا۔۔

اور پھر عالیہ جو مسکرا رہی تھی

"تم لوگوں نے مجھے بتانا بھی ضروری نہیں سمجھا

وہ حیا اور عینہ کو گھور کر دیکھنے لگا

عینہ کچھ نہیں بول پائی۔۔۔

حیا آہستہ آہستہ اسے سب بتانے لگی

صدام سنجیدگی سے اسکی "تو مجھے بتایا جا سکتا تھا

جانب دیکھنے لگا

وہ دونوں ہی چپ ہو گئیں۔۔

صدام کچھ نہیں بولا

ایکسکیوز کر کے اٹھ گیا۔۔۔

دونوں ہی پریشان ہو گئی جبکہ عالیہ مطمئین تھی۔۔

نہ جانے وہ کیا چاہتی تھی۔۔

"یہ جو گاڑی زار نے تمھیں دی ہے تمھارے نام پر ہے

عینہ اٹھنے لگی تھی عالیہ نے اسکا بازو جکڑ کر پوچھا۔۔

وہ اتنا ہی کہہ پائی "جی

عالیہ نے موبائل چھین لیا۔۔۔۔ "اور یہ موبائل

عینہ کا دم خشک ہو گیا

عالیہ دیکھنے لگی۔۔ "کافی اچھا اور نیا ہے

عینہ کو رونا آنے لگا۔۔۔۔

پہلے نتاشہ نے چھین لیا تھا اور اب عالیہ۔۔۔

جب کچھ دیر عالیہ نے موبائل نہیں دیا تو عینہ نے مانگنا

چاہا۔۔۔۔۔

تو عالیہ نے جھڑک دیا

کیا کرنا ہے تم نے اتنے مہنگے سیل فون کا۔۔ جاؤ یہاں

وہ غصے سے بولی۔۔۔ "سے میرے پاس ہے یہ

عینہ کی آنکھیں بھیگ گئیں

وہ رو دی تھی "حیا میں۔۔۔ میں کیا کہو گی زار کو

اسکے

گلے لگ کر۔۔۔

مجھے تو سمجھ نہیں آتا یہ دونوں عورتیں ہماری زندگیوں

حیا بھی بھڑکی "میں ہیں ہی کیوں

صدام ناراض ہو گئے ہیں پہلے انھیں سنبھال لیں بعد

میں

حیا نے کہا تو عینہ نے پریشانی "دیکھ لیتے ہیں آنٹی کو

سے سر ہلا دیا

اور۔۔ دونوں صدام کے پاس آ گئیں

عینہ بھیگے بھیگے لہجے میں بولی "آپ ناراض ہیں بھائی

صدام نے غصے سے کہا "ہاں

عینہ رونے لگی "سوری بھائی

صدام آپ معاف کر دیں۔۔۔۔۔وہ پہلے ہی بہت مشکلات میں

حیا اسکے فیور میں بولی۔۔ "پھنسی ہوئی ہے اگر یہ مجھے اپنا کچھ سمجھتی تو اتنی مشکلات میں نہ

صدام نے خفگی سے کہا "گھیرتی گھیرتی تو تب بھی کیوں کہ اسکے ایک طرف زار جیسا

خراب دماغ آدمی ہے اور دوسری طرف آنٹی خود سوچ کر

حیا نے بھی زرا غصے سے کہا۔۔ "دیکھ لیں

صدام کچھ نہیں بولا

وہ عینہ کے رونے سے چیڑ گیا "رونا بند کرو اپنا

"پلیز سوری بھائی آپ ناراض مت ہوں زار اچھے ہیں

وہ ڈیفینڈ کرنے لگی

صدام کو اسکی آنکھوں میں زار کے لیے پیار دیکھائی دیا

اگر یہ ہی پیار مجھے زار کی آنکھوں میں بھی دیکھا تب

"شاید میں مان جاؤں

وہ کچھ توقف سے بولا تو۔۔عینہ نے مشکور نظروں سے

اسے دیکھا صدام نے اسکے سر پر ہاتھ رکھ دیا

مگر اپنے بڑوں کو فیصلوں میں شامل کرنا چاہیے

"

وہ اسے تنبیہہ کرنے لگا

عینہ نے سر ہلا دیا۔۔

چلو آج تم یہیں رک جاؤ حیا عینہ کے لئے کچھ

کھانے پینے

"کا انتظام کرو

حیا مسکرائی "جی

اور صدام عالیہ کے پاس چلا گیا جبکہ عینہ نے

حیا کو دیکھا

وہ پوچھنے لگی "نتاشہ بھابھی کہاں ہیں

وہ لڑ کر اپنی امی کے گھر جا چکی ہیں۔۔

اب انھیں یہ تکلیف ہے کہ صدام مجھے وقت

دیتے ہیں۔۔۔

"اور وہ۔۔۔ چاہتی ہے صدام مجھے چھوڑ دیں

حیا نے بتایا تو عینہ نے سر تھام لیا۔۔

خدا جانے کیا ہونے والا ہے۔۔

اسنے کہا

حیا میں کیا کروں اگر مما نے موبائل نہ دیا تو یہ سب میں

وہ بے چارگی سے بولی "زار نے صبح ہی دیا ہے یار یہ تو فکر مجھے بھی ہو رہی ہے پہلا نتاشہ نے لے لیا تھا

حیا بھی بولی

تانیہ طاہر ناولز

کیا صدام سے بات کروں میں

عینہ پریشان تھی "وہ کیا سوچیں گے

www.BestUrduBook.com

ارے یار موبائل تو ملے گا زار کے سامنے عزت تو نہیں برباد

ہو گی۔

حیا جھنجھلا کر بولی۔۔۔

رات ڈھل آئی تھی عالیہ نے عینہ کو سیل فون نہیں دیا تھا

زار کی کالز ارہیں تھیں جنھیں عالیہ اپنے سامنے دیکھ کر اگنور کرتی جارہی تھی۔۔۔

رات کے کھانے پر وہ سب تھے عینہ سے کچھ کھایا نہیں جا

تانیہ طاہر ناولز

رہا تھا تبھی دروازہ بجا۔۔

صدام نے اٹھ کر دیکھا زار تھا۔۔۔

گیرے پینٹ کوٹ میں رات میں بھی گاگلز لگائے وہ شان سے

کھڑا تھا۔۔۔

صدام نے اوپر سے نیچے تک دیکھا۔۔۔اسے

"میری بیوی ہے یہاں باہر بھیجو اسے

زار گھڑی دیکھتے آرڈرز دینے لگا۔۔

صدام نے کہا "اندر آجاؤ

وہ دوٹوک بولا۔۔ "نہیں

صدام نے کہا۔۔۔ "تو عینہ بھی نہیں آرہی

وہ اپنے آپ ضد لڑانے لگا "میں کھینچ کر لے جاؤں گا

صدام نے مزید کچھ نہیں کہا عینہ حیا "لے جاؤ

اور عالیہ

یہ سب سن رہی تھی۔۔۔

زار نے گھیرہ سانس بھرا اور گھر کے اندر آگیا

صدام مسکرا

دیا

"سالا بننے کی ضرورت نہیں

وہ اسکو "کیا تمھاری نظر میں سالے کی ولیو ہے

کھانے کی

دعوت دیتا بولا

وہ بولا عینہ کی جانب دیکھا بنا بیٹھے "ہاں ہو سکتی ہے

"اٹھو گھر چلو

وہ میرے ساتھ رہنے آئی ہے صبح کی انس کی بات

بھول

"گئے ہو تم

عالیہ نے غصے سے کہا۔۔

زار نے توجہ نہیں دی

عینہ گھبرا سی گئی۔

اسنے صدام کیطرف دیکھا۔۔۔۔

جو ابھی معملہ خود سمجھنا چاہ رہا تھا

بتاؤ زرا کیسے گھور رہا ہے مجھے میں کہتی ہوں تم عینہ کو

"نہیں لے جا سکتے

کیا تم چاہتے ہو میں تمھاری ماں کی عزت

تمھارے سامنے

وہ ضبط سے صدام کو دیکھنے لگا "ٹکے کی کر دوں

صدام نے عالیہ کو دیکھا

"مما وہ اسکی بیوی ھے۔

اور میری بیٹی یہ جو مرضی کرے میں عینہ کو

جانے نہیں

عالیہ چلائی۔۔کیونکہ رات میں اسفر "دوں گی

نے آنا تھا اور

عالیہ کا پلین ناکام نہیں ہونا چاہیے تھا

زار نے گھیرہ سانس بھرا اور عینہ کا ہاتھ جکڑ لیا

اسے پکڑ کر وہ لے جانے لگا کہ عالیہ انکے سامنے آگئ

میں نے کہا ہے کہ تم نہیں لے جا سکتے جب تمھیں صبح انس

وہ بھڑکی "نے کہہ دیا تو کیوں لے کر جا رہے ہو

زار نے عینہ کیطرف دیکھا گویا وہ ان سب کو پہلے ہی وارن کر رہا ہو کہ۔۔بعد میں وہ بولے تو کوئ اسے ٹوکے نہ

عینہ نے ماں کا ہاتھ "ممما میں کچھ دیر میں احاتی ہوں

تھاما

ارے دافع کرو اس آدمی کا اعتبار تمھیں ہو گا مجھے نہیں

عالیہ "۔۔۔۔تم یہیں رہو گی جاؤ کمرے میں

نے غصے سے کہا

زار پھر بھی بنا کچھ بولے عالیہ کو پیچھے دھکیل کر عینہ

کو لے کر باہر نکل گیا

عالیہ انکے پیچھے لپکی صدام نے پکڑ لیا

کیا ہو گیا ہے آپکو۔۔ مما وہ اسکا شوہر ہے جب وہ

کہہ

رہی ہے کچھ دیر تک احساتی ہے تو آپ کیوں ضد لگا

رہیں

ہیں"

یہ آنے ہی نہیں دے گا اور جب انس کہہ چکے ہیں

تو یہ

کس لیے لے کر جا رہا ہے۔۔ تم سب۔۔۔ لوگوں کا دماغ

خراب

وہ غصے سے بیٹے کو دیکھتی بولی۔۔۔ "ہو چکا ہے

صدام نے اسے پانی دیا "ریلکس ہو جائیں آپ۔۔

مگر عالیہ

نے گلاس پھینک دیا

باہر عینہ گھبرائے گھبرائے سی زار کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

جو اسے گاڑی میں بیٹھنے کا کہہ رہا تھا

"تمھارا موبائل کہاں ہے

اسنے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے پوچھا۔۔

عینہ سر جھکا کر بولی "وہ وہ شاید اندر

"اب کس نے لے لیا تم سے

وہ ضبط سے عینہ کو دیکھنے لگا کیا وہ واقعی بیوقوف

لڑکی تھی یہ اسکا ضبط آزما رہی تھی بس

"ممانے لے لیا۔۔۔ مگر میں لے لوں گی ان سے

وہ اسکی جانب دیکھتی بولی

زار نے دروازہ کھولا بنا کچھ کہے اترا اور۔۔۔

دوبارہ وہ گھر کے اندر داخل ہو گیا جہاں عالیہ

صدام سے

تانیہ طاہر ناولز

لڑ رہی تھی کہ اسنے جانے کیوں دیا دوبارہ زار کو دیکھ

کر وہ لوگ رک گئے۔۔

www.BestUrduBook.com

زار نے حیا کیطرف دیکھا

"عینہ کا سیل فون کہاں ہے

وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا

حیا نے ٹیبل پر سے اٹھا کر زار کیطرف بڑھا دیا لبوں

کی

تراش میں مسکراہٹ تھی کہ چلو وہ خود ہی لے گیا

اب

عینہ کو مشکل نہیں ہو گئ

زار نے سیل فون لیا اور باہر نکل گیا

پیچھے عالیہ پھر سے اپنی ہار پر پاگل ہونے لگی تھی صدام

تھک کر انھیں یوں ہی چھوڑ کر کمرے میں چلا

گیا۔۔

جبکہ حیا بھی کاموں میں لگ گئ

عالیہ صحن میں ہی کھڑی ہو گئ تھی بے چینی سے

اسفر کو

وہ کیا جواب دے گی دوسری طرف اسفر

اسکے پیچھے جو

پڑ گیا تھا۔۔۔

زار نے عینہ پر سیل فون پھینکا اور گاڑی میں بیٹھ گیا

مجھے تم سے پرو بلم ہی یہ ہے کہ تم۔۔۔اپنی حفاظت خود

وہ بھڑکا "نہیں کر سکتی اور لے کر چلو گی فیملی کو

"ایسا نہیں ہے۔۔۔مما نے چھین لیا تھا

بکواس وہ جلتی ہے تم سے۔۔وہ عورت اپنی بیٹی سے

جلتی

ہے عینہ کل کو وہ کہے گی میں تمھارے نام سب لکھ دوں

وہ دماغ خراب عورت ہے جسے صرف پیسے کی لالچ

اور

حوس ہے اور وہ کسی کو بھی خوش نہیں دیکھ سکتی تم

"بیوقوف لڑکی ہو جو اسکی پرواہ کرتی ہو

وہ کافی غصے میں تھا

عینہ چپ سی رہ گئ

یہ جائیداد والی بات تو سچ ہی تھی

مگر۔۔وہ غصہ ہیں اس لیے ایسا کر۔۔

"میں نے تو کبھی اسے تم سے پیار کرتے نہیں دیکھا

وہ غصے سے اسے گھورنے لگا۔۔

عینہ کے پاس کوئ جواب نہیں تھا

اسنے عالیہ کی جانب دیکھا۔۔ "عینہ کہاں ہے

جو

۔۔۔خاموش کھڑی تھی اس وقت۔۔۔۔یہاں

دور دور

تک کوئی نہیں تھا

"میں پوچھتا ہوں کہاں ہے عینہ

وہ چلایا اور عالیہ ایکدم خود بھی چیخی

اسفر ایکدم چپ ہو گیا "چلاؤ مت مجھ پر۔۔۔۔۔

۔۔۔۔

زار ہے اس سب کے پیچھے عینہ نے زار سے نکاح...زار

وہ دانت پیستی بولی اسفر حیران رہ "کیا ہوا ہے

گیا۔۔۔

وہ عالیہ کو دیکھنے لگا "کک۔۔کیا

ہاں۔۔۔لیکن اب اس کیا کب اور کہاں کیسے

سے کہانی

بہت آگے نکل چکی ہے۔۔۔

اب صرف ایک حل ہے زار کی موت اور عینہ کا تمھارے

عالیہ بولی۔۔۔۔ "پاس آنا۔۔۔

تو اسفر نے عالیہ کی جانب دیکھا

کیا تمھیں یہ لگتا ہے کہ میں کوئی عینہ کے پیچھے دیوانہ ہوں"

وہ جس طرح بولا تھا ایک پل کے لیے عالیہ حیران ہوئی۔۔۔۔

اگر ایسا ہی ہے اور تم کوئی گیم کھیل رہی ہو تو ٹھیک ہے مل کر کھیلتے ہیں مگر۔۔۔جو جتنا بھی ملے گا۔۔۔۔

اس میں سے عینہ والا سارا حصہ میرا ہو گا"

اسفر مسکرایا جبکہ عالیہ اسے اپنی عقابی نظروں

سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

اچانک اسنے اپنے رنگ بدل کر اپنی اصلیت جو واضح کر دی تھی

"تم چیپ انسان۔۔عینہ کے پیسے کے پیچھے

اوہیلو زیادہ مجھے درس دینے کی ضرورت نہیں۔۔۔۔

سمجھی تمھارے بارے میں سب جانتا ہوں مما مجھے

سب بتا چکی ہیں کہ تم نے اپنے پہلے شوہر کو خود

مارا تھا انس سے شادی کے لیے۔۔کیونکہ کہ وہ غریب

ٹکے کا آدمی تمھارا حسن سہرا نہیں پاتا تھا اور نہ تم

"پر لٹا پاتا تھا

اسفر نے جیسے لمحوں میں اسکے منہ پر اصلیت کھینچ

ماری اور عالیہ کی پیشانی پر پسینے پھوٹ گئے یہ

تیرا بندہ تھا جسے یہ سچ پتہ چلا تھا

اور تم کون سا حسنین کے ساتھ رہنا چاہتی تھی تم نے

جان بوجھ کر اسکو۔۔۔مار دیا۔۔۔

اپنے بچوں کے آگے مظلوم بنی اور انس سے شادی کر لی

مگر سچ تو یہ ہے کہ تمھاری آنکھیں بتاتی ہیں تمھیں

انس شاہ میں بھی دلچسپی نہیں صرف اسکی جیب

میں جب تک نوٹ ہیں تب تک تم

۔۔۔اسکی ہو۔۔کیا میں

وہ دانت نکال کر ہنسا۔۔۔ "غلط کہہ رہا ہوں

عالیہ نے ناہید کو گالی دی۔۔بنا کسی ہچکچاہٹ کے

جبکہ اسفر ہنس دیا۔۔۔۔

کھل کر تمھاری بیٹی سے شادی اس پاگل اور سائیکو

لڑکی سے شادی بس انس شاہ کی وجہ ہی سے تو کر رہا

تھا میں مگر چلو ٹھیک ہے۔۔۔اب جب تم

جان ہی گئ

ہو تو میرے ساتھ شامل ہو جاؤ۔۔۔۔زار کا پتا

صاف کر

کے میں عینہ کو لے اڑوں گا جتنا حصہ عینہ کے پاس آئے

"گا وہ میرا باقی انس شاہ کا تمھارا۔۔

یو باسٹرڈ تم جانتے ہو عینہ کے حصے میں زیادہ آئے

عالیہ اچانک اسکا گریبان جکڑتی چیخی کے "گا

۔۔

اسفر کا قہقہہ بلند ہوا۔۔

کیا کر سکتے ہیں یہ میری قسمت ہے۔۔اور تمھاری قسمت

تمھاری عمر کیطرح بوڑھی ہو چکی ہے۔۔خیر۔۔اگر تم اس ڈیل پر آتی ہو تو ٹھیک ورنہ میں یہ ساری داستان

وہ مسکرایا۔۔"جا کر انس شاہ کو بتا دوں گا

عالیہ۔۔۔نے ضبط سے اسکیطرف دیکھا۔۔۔

"لیکن دوبارہ پلٹ کر اپنی شکل مت دیکھانا

وہ کافی سے زیادہ ضبط کر چکی تھی۔۔۔

"ہاہاہا اوکے کیا اپنی بیٹی کو بھی نہیں دیکھو گی

وہ پوچھنے لگا

عالیہ نے سر جھٹکا "جھنم میں گئی بیٹی

اسفر نے شانے اچکائے "پیسہ چیز ہی ایسی ہے

اسنے عالیہ کیطرف دیکھا۔۔ "کرنا کیا ہے

اور۔۔۔عالیہ اسے سارا پلین سمجھانے لگی۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

زارا سے لے کر گھر آگیا تھا وہ سارے راستے ہی غصے

میں رہا تھا۔۔عینہ گھبرائی ہوئی تھی۔۔

پتہ نہیں وہ خود کے لیے کیوں نہیں لڑ پاتی تھی۔۔اسے

اب خود پر غصہ آرہا تھا ساتھ رونا بھی۔۔۔

وہ افنین کے پاس آگئی۔۔۔

اسنے افنین کو کچھ نہیں بتایا تھا بس اس سے کچھ

دیر باتیں کیں تو اچھا لگنے لگا اور وقت کا احساس نہ ہو سکا اور اسے افنین کے پاس زیادہ دیر لگ گئ۔۔

کچھ ہی دیر بعد انس شاہ بھی اگئے تھے۔۔۔

وہ تینوں ہی باتیں کرتے رہے۔۔

نہ جانے کیوں عینہ کو ماننا پڑا۔۔ کہ۔۔ وہ دونوں ایک ساتھ کافی اچھے لگ رہے تھے۔۔۔

انس شاہ نے "چلو بیٹا رات زیادہ ہو گئ ہے سو جاؤ" کہا

اور عینہ سر ہلا کر اٹھ گئ

درحقیقت اسے کمرے میں جاتے ہوئے خوف آ رہا تھا۔۔۔

وہ چپ چاپ سر جھکا کر کمرے میں۔۔۔۔ اگئ۔۔ باہر

لاونج کی لائٹس اون تھیں۔۔جب وہ کمرے میں
آئی تو

اتنی کولنگ تھی اے سی کی روم میں ایکدم اسکو
جھرجھری سی اگئ۔۔۔

خوف سے اسکے جسم کے رونگھٹے اٹھ گئے تھے

زار کوئ مووی دیکھ رہا تھا۔۔

وہ اندر آئی اور۔۔۔اسکے پاس بیڈ پر اکر بیٹھ گئ۔۔۔

زار نے توجہ نہیں دی

عینہ کچھ توقف سے بولی۔ "آپ ناراض ہیں
زار نے۔۔۔ولیم کم کیا اور اسکیطرف دیکھا

وہ بنا کسی لحاظ کے بولا "ہاں
ایم سوری میں آئندہ خیال رکھوں گی بٹ میں مما
کے

"سامنے نہیں بول پاتی

شیٹ آپ عینہ۔۔۔مجھے یہ تمھاری بزدلی کبھی نہیں

پسند آتی۔۔۔تمھارے ہاتھ سے کوئی کوئی بھی چیز لے

"جائے۔۔تم کوئی ریسپونس نہیں دیتی

تمھاری ماں ایک جیلس عورت ہے اور وہ تمھیں نقصان

وہ بھڑکا "پہنچائے گی سمجھی ہو تم

عینہ نے اسکا ہاتھ پکڑا "پلیز آپ غصہ نہ کریں

زار نے اپنے ہاتھ پر اسکا ہاتھ دیکھا۔۔۔

اور گھیرہ سانس کھینچا۔۔

میں نیکسٹ ٹائم تمھارے پاس سے اپنی۔۔دی ہوئی کوئی

"چیز کسی اور کے ہاتھ میں نہ دیکھوں

عینہ کو خود سے نزدیک کرتے ہوئے وہ بولا

اور اسنے سر ہلایا۔۔

"اوکے

وہ مان گئی خوشی تو یہ تھی کہ وہ مان گیا۔۔۔۔ورنہ

اسے اسکی نارضگی سے بہت ڈر لگتا تھا۔۔۔

زار نے دوبارہ ایل سی ڈی اون کر دی

عینہ بھی دیکھ رہی تھی۔۔۔



اور اچانک اسے کچھ یاد آیا

اسنے زار کی جانب دیکھا

تو ایک پل دیکھتی رہ گئ

وہ بہت خوبصورت تھا اور جتنا خوبصورت تھا اس

میں

اتنا ہی نخرہ تھا۔۔اسکی کھڑی ناک اس

بات کی گواہی

دیتی تھی کہ اسکی ناک پر کس طرح۔۔لاڈلے پن کا
نخرہ

بیٹھا ہے۔۔۔جب کے چہرہ۔۔۔عینہ اس وقت
اسکے بازوں

میں خود کو خوش قسمت تصور کرنے لگی

زار نے بھی اسکیطرف دیکھا۔۔اسے خود کو دیکھتا پا کر
توعینہ کی نگاہ جھک گئ۔۔۔

وہ میں یہ پوچھنا چاہ رہی تھی جو بھابھی نے سیل
فون

مجھ سے چھین لیا تھا اس میں کوئ اور چیز تو
نہیں ہے

"بٹ ہماری چیٹ تھی

وہ میں بند کرا چکا ہوں وہ صرف ایک کھیلونہ رہ

گیا ہے"

عینہ نے چونک کر اسکیطرف دیکھا اور پھر منہ پر ہاتھ

رکھے ہنسنے لگی

زار کو بھی ہنسی آ گئ

وہ آہستگی سے بولی "آپ کافی تیز ہیں

زار نے اسے دھکیل کر تکیے پر پٹخہ "بے شرم بھی

عینہ مسکرا کر اسکی جانب دیکھ رہی تھی

وہ اسے یاد دلانے لگی "آپکی مووی رہ جائے گی

"فور گیٹ اٹ

اسنے اہستگی سے اسکے کان کے نزدیک کہا اور عینہ کو

اپنے محبت بھرے حصار میں قید کر لیا۔۔۔

----------.....

صبح صبح عالیہ کے چلانے کی آواز پر زار کی آنکھ کھولی تو۔۔اسنے پریشانی سے کانپتی عینہ کو پہلے دیکھا اور اسکے بعد عالیہ کی آواز کو پہچان لیا۔ اسنے نفرت بھری ایک سانس کھینچی وہ۔۔۔ بھڑکا۔۔۔ "یہ پاگل عورت کیوں آئی ہے و۔۔وہ بابا سے لڑ رہیں ہیں کہ انھوں نے۔۔۔مجھے اپنے ساتھ عینہ نے پریشانی سے بتایا روتے کو "لے جانا تھا الگ ہو رہی تھی وہ۔۔۔

اچھا اب تم تو رونا تو بند کرو منہ اٹھاؤ تو رونے لگتی

وہ اسے گھورتا ہوا اپنی شرٹ پہنتا اٹھا اور اپنے "ہو

سلیپرز پہن کر وہ۔۔روم کا دروازہ کھول گیا۔۔

وہ جانتا تھا اسکے جائے بنا مسلہ کشمیر حل

نہیں ہونا

تھا

وہ وہ دیکھیں اگیا پوچھیں اس سے کس لیے لے کر آیا

عالیہ چیخی "ہے میری بیٹی کو اپنے ساتھ

زار نے باپ کو دیکھا کر ماتھے پر کئی بل تھے انکا چہرہ

بتا رہا تھا اس وقت عالیہ سے کتنے

عاجز ائے ہوئے تھے اور زار تو یہ ہی چاہتا تھا کہ

انس

شاہ عاجز آئیں اس عورت سے اور اسے نکال باہر

کریں۔۔۔

"زار تم عینہ کو لے آئے تھے رات

انس شاہ نے تحمل سے پوچھا

وہ انجان بنتا بولا "جی کوئی مسلہ ہے

زار میں نے کہا تھا نہ کہ عالیہ کے ساتھ

اسے رہنے دو۔۔

ڈیڈ عینہ میری بیوی ہے یہ گھر کی میڈ جس پر

سب

وہ زرا غصے سے بولا "فیصلہ کریں گے سوائے میرے

"لیکن عالیہ اسکی ماں۔۔۔ہے

ڈیڈ پلیز۔۔ میں آپکی زندگی سے اس عورت کو نکال

وہ پوچھنے لگا "پایا ہوں

نہیں نہ تو پھر اس کا یہ آپکا یہ کسی کا بھی کوئی حق

نہیں میری بیوی پر حق جمانے کا۔۔۔

ہاں یہ ماں ہے اسکی جس دن مجھے لگے گا اسکا رویہ

ماؤں والا تو۔۔۔ اتنا بھی ظالم نہیں ہوں لیکن جب

تک

نہیں لگتا مجھے ایک ٹکے کا بھی اس پر بھروسہ نہیں

"آیئنی ویز۔۔۔ میں اور مما اور عینہ جا رہے ہیں۔۔۔

اسنے بتایا اور پیچھے مڑ گیا عینہ سہمی نظروں سے ماں

کی جانب دیکھ رہی تھی جو اسے ایسے دیکھ رہی تھی

جیسے۔۔۔۔ چیل کی نظروں ہوں۔۔

زار نے اسکی آنکھوں پر ہاتھ رکھا اور اسے اندر کھینچ لیا

اور دروازہ بند کر دیا۔۔

"اب بھی تمھیں کچھ کہنا ہے

انس نے عالیہ کیطرف دیکھا

"آپکا بیٹا ہے آپ نے حمایت ہی لینی ہے

عالیہ بھڑک کر۔۔۔

کمرے میں جانے لگی انس شاہ نفی میں

سر ہلاتے افنین

کے روم کیطرف بڑھے

اب آپ کہاں جا رہے ہیں یہ کون سا اصول

ہے جو آپ اس

عالیہ چیخی۔۔ "کے کمرے میں جانے لگے ہیں

انس شاہ بھڑک کر مڑے

"مجھے تمھاری آواز نہ آئے اب

وہ چیخے اور پہلے بار اتنا واضح غصہ کیا تھا انھوں نے

"اسپر کمرے میں دفع ہو جاؤ۔۔۔

وہ انگلی سے اشارے سے اسے جانے کا کہنے لگے۔۔۔اور

خود

اس سے پہلے مڑ گئے جبکہ عالیہ آنکھیں

پھاڑے انس شاہ

کو دیکھ رہی تھی

وہ انکے جانے کے بعد کمرے میں آئی اسے لگا کہ

اسپر کسی

نے تیزاب ڈال دیا ہو یہ بڑھا سمجھتا کیا ہے خود

کو۔۔۔۔

وہ۔۔بیڈ پر بیٹھ گئیں۔

اسفر ٹھیک کہتا ہے اسکو بھی مار دوں تاکہ جائیداد

اور

عینہ کا مسلہ جلد حل ہو یہ زندہ رہا تو۔۔میرے ہر کام

کے بیچ رہے گا اور مجھے نہیں لگتا کہ سیدھی انگلی

سے نکلے گا"

انتقامی جزبوں کو سوچتے وہ بہت آگے بڑھ گئی تھی۔۔

کہ انس شاہ کی بھی دشمن ہو گئی۔۔۔اسنے سوچ لیا

تھا

کہ اب اسے اپنی مہم پر جانا چاہیے۔۔۔اور اچھا ہے زار

چلا جائے گا پیچھے وہ اور انس شاہ ہو گے۔۔اور اسکے

لیے آسانی ہو گی وہ مسکرا اٹھی

ان سب نے مل کر ناشتہ کیا تو ابھی ناشتہ ہی کر رہے

تھے کہ صدام اور حیا آ گئے۔۔۔

دونوں نے سب سے سلام کیا عینہ تو خوشی سے اٹھی

اور۔۔ بھائی سے اور حیا سے ملی۔۔

عالیہ بھی ناشتہ کر رہی تھی عالیہ بھی ملی۔۔۔۔

اور سب ناشتے پر بیٹھ گئے۔۔۔

"تمھارا خاندان۔۔ کافی بھوکا ہے

زار نے عینہ کے گلاس میں جوس ڈالتے ہوئے کہا اور

ایسے

کے۔۔ عینہ ایکدم چونک کر سب کو دیکھنے لگی۔۔۔

زار نے فوک سے انڈا کھایا۔۔۔ اور عینہ کی جانب

فوک

بھڑایا۔۔

وہ ہچکچا گئ "میں کھا لیتی ہوں

وہ کہاں لحاظ "میرے ہاتھ سے کوئی تکلیف ہے
رکھتا تھا

عینہ نے معذرت کرتے لے لیا جبکہ اسکا "سوری
چہرہ

سرخ الگ ہو گیا تھا۔۔۔

زار نے عینہ کو ناشتہ کرایا اور بنا صدام کو دیکھے وہ
اٹھ گیا

اسنے کہا۔۔۔اور ابھی "ڈیڈ میں آفس جا رہا ہوں۔۔
وہ۔۔۔

مڑ تا کہ عالیہ کا فون بجنے لگا اسے کوئی کنسرن نہیں
تھا

مگر بے ساختہ اسکی نظر اسفر نام پر گئی۔۔۔

اور وہ وہاں سے۔۔۔ہٹ گیا

عینہ بھی ایکسکیوز کرتی زار کے پیچھے اگئ

اور زار کا دماغ فلحال عینہ کیطرف نہیں تھا اسے۔۔سنہ

جانے کیوں۔۔عالیہ کے پاس اسفر کی کال آنا کچھ

اچھا

نہیں لگ رہا تھا حالانکہ اسکا اس بات سے کچھ

خاص

تعلق نہیں تھا۔۔

"شام کی ٹیکٹس ہیں مما کی پیکینگ کر دینا اور۔۔۔

وہ کچھ کہتا کے اسکا بھی سیل فون بجنے لگا اسنے

اٹینڈ کی

اوکے تھنکیو دوسرے فرد کو یہ کہا اور۔۔۔وہ

مسکرایا

عینہ کو دیکھ کر۔۔۔

عینہ سمجھ نہیں سکی۔۔ "کیا ہوا

زار نے اپنے گلے سے ٹائی کھینچی اور۔۔عینہ کو موڑ کر

اسکی آنکھوں پر باندھ دی۔

وہ ہنستی ہوئی حیران تھی "زار

"کم مائے لو۔۔۔۔

وہ اہستگی سے بولا اور اسنے۔۔۔عینہ کو پکڑ کر باہر کی

راہ لی انکے نکلتے ہی سب نے انکیطرف دیکھا تھا۔۔۔

زار عینہ کو لے کر لاونج سے نکلا اور۔۔پارکینگ سے گاڑی۔۔۔

ڈرائیور کے کر اسکے سامنے اگیا

عینہ نے زار کا ہاتھ پکڑ لیا گاڑی کی آواز سن کر دل زور

سے دھڑکا تھا اور خوشی سے اسکے قدم زمین سے

اٹھنے

لگے یعنی وہ کودنے لگی تھی زار نے اسکی ایکسائیٹمنٹ

پر اپنا قہقہہ روکا اور اسکی آنکھوں پر سے ٹائی ہٹائی تو

عینہ کی چیخ نکل گئی۔۔۔

یہاں اسکا فیورٹ کلر تھا بلیک کلر کی۔۔

سپورٹس کار تھی

ہاں یہ بہت مہنگی تھی ایسی گاڑی تو زار بھی استعمال

نہیں کرتا تھا

اسنے پوچھا "کیسی لگی

ب۔۔بہت بہت بہت بہت بہت بہت اچھی۔۔زار

مجھے تو یقین

ہی نہیں ارہا کیا یہ واقعی میرے لیے ہے یہ اپنے

میرے لیے

لی ہے وہ خوشی کے مارے بے یقین ہونے لگی

"ہاہاوہ ہنس دیا صرف تمھارے لیے

اسنے کہا تو عینہ بنا کسی کا لحاظ کیے اسکے گلے سے

لگ گئ۔۔اسکی گردن میں بازو سختی سے ڈالے وہ اسکے

سینے سے چپک گئ تھی زرا ایکدم سٹپٹایا کیونکہ سب

گھر والے پیچھے اکھٹے ہوئے تھے۔۔۔

زار نے گھور کر اسکیطرف دیکھا "عینہ

وہ بے حد خوش تھی "تھنکیو تھنکیو تھنکیو

"اچھا ٹھیک ہے مجھ سے الگ ہو سب دیکھ رہے ہیں

زار بولا تو عینہ کرنٹ کھا کر دور ہوئ اور پھر بے

ساختہ

کنفیوز ہو گئ۔۔۔

یہ افین تھی جو مسکرا کر اتری۔۔ "واؤ

"بہت پیاری گاڑی ہے

وہ بیٹے اور بہو کو دیکھنے لگی جو شرم کے مارے اب

۔۔ کہیں چھپ جانا چاہتی تھی زار کا اسکو دیکھ کر

قہقہہ نکلا تھا۔۔۔

انس شاہ نے بھی تعریف کی اور اسی طرح صدام

اور

حیا نے بھی۔۔۔عالیہ نے بھی مگر کسی کو بھی اسکی

تعریف کی ضرورت نہیں تھی اور وہ جلے پاؤں کی بلی

کیطرح بھڑک کر چلی گئ۔۔۔۔

سب زار اور عینہ کو مبارک بعد دے رہے تھے عینہ

بہت

خوش تھی زار نے سب کی توجہ ادھر ادھر دیکھ کر

اسے

ایک خوبصورت ونک دی تھی۔۔

عینہ ایکدم سٹپٹائی۔۔۔۔

اب تمھیں بھی کچھ خاص اور کچھ بہت بڑا دینا ہو گا

زار اسکے کان کے نزدیک جھکا۔۔۔ "مجھے

اور جلدی سے دور ہو گیا۔۔۔

عینہ نے اسکیطرف دیکھا شرم سے چہرہ لال ٹماٹر جو گیا

تھا۔۔زار مسکرا کر۔۔۔دوبارہ روم میں اگیا کیونکہ اسے

کچھ فائلز اٹھانی تھی اور پھر وہ باہر سے ہی آفس چلا

جاتا۔

ہاں میں۔۔۔ان سب کے جانے کے انتظار میں

ہوں پہلے

بڑی مچھلی راستے سے ہٹ جائے تاکہ۔۔۔ میرے لیے

معملات کو سنبھالنا آسان ہو جائے۔۔ یہ بڑھی مچھلی اب

میرے کسی کام کی نہیں اسے اپنی اولاد اور بد صورت

بیوی کی یاد دوبارہ آنے لگی ہے۔۔ اور جو عالیہ کو اگنور

"کر دے۔۔۔۔ اسکا انجام حنین جیسا ہی ہو گا

اسنے غصے سے کہہ کر فون بند کر دیا اور۔۔ بنا پلٹے وہ

کمرے میں جانے لگی زار اپنی جگہ تھم گیا تھا وہ اسکی

باتوں کو سن چکا تھا اور سمجھنے کی ضرورت تو نہیں

تھی کیونکہ بات چیت صاف تھی

مگر حنین کے ساتھ۔۔۔ حنین کا انجام ان باتوں کا کیا

مطلب تھا وہ ایکدم چکنا ہوا تھا اسے اب گڑبڑ کا احساس

ہوا تھا وہ بھی شدید۔۔۔۔ اور۔۔۔ وہ انھیں سوچوں میں کمرے سے فائلز اٹھا کر۔۔۔ باہر نکل گیا تب تک اسکے کتے

بھی آ گئے تھے اسنے کچھ خاص خوشی کا اظہار نہیں کیا کیونکہ وہ عالیہ کی باتوں میں بری طرح الجھا ہوا تھا۔۔۔

اور وہ۔۔ ڈیڈ کو بائے کہہ کر وہاں سے چلا گیا۔۔۔

دوسری طرف دماغ سن سا رہ گیا تھا۔۔

عالیہ اسکے باپ

کو راستے سے ہٹانا چاہتی ہے۔۔۔اور اسکا انجام

حنین

جیسا ہو گا یہ ساری باتیں اسکے دماغ کو بری طرح

الجھا

رہیں تھیں

میں پاگل نہیں ہوں تم دونوں مل کر مجھے پاگل کرنا

چاہتے ہو یہ بھی۔۔۔تمھیں بچہ نہیں دے سکتی

صدام یہ

بھی بچہ نہیں دے گی تمھیں جو سلوک تم میرے

ساتھ

"کر رہے ہو

حیا اور صدام واپس لوٹے تو نتاشہ چیخنے لگی تھی

اسکی ماں کینیڈا چلی گئی تھی تبھی وہ یہاں پڑی تھی

ورنہ نتاشہ یہاں ایک منٹ بھی نہ رہتی اور

صدام اور حیا

کو روز بروز ایک دوسرے کے نزدیک آتے دیکھ اسکا

دم

نکل رہا تھا اور وہ عجیب حرکات پر اتر چکی تھی وہ

چیخ رہی تھی چلا رہی تھی۔۔اور یہ تو روز کا ہی تھا۔۔

حیا نے صدام کیطرف دیکھا

وہ بولی "آپ اسکے پاس چلی جائیں

صدام نے کہا اور اسکے روم میں اگیا حیا اور "ہمم

صدام

عینہ کے روم میں ٹھہرے ہوئے تھے

صدام نے پوچھا۔۔۔ "کیا ہوا ہے تمھیں

تم تم صدام۔۔۔ تم مجھے اس گھر میں اکیلا چھوڑ کر

نتاشہ کو شدید بخار تھا صدام نے اسکا "کیوں گئے

بخار

چیک کیا۔

صدام میں تمھیں بہت پیار کرتی ہوں یہ حیا

اسنے یہ

"سب کیا ہے۔۔۔ میں

"کیسی فضول باتیں کر رہی ہو



صدام اسکی بکواس پر۔۔ اسے دور دھکیل گیا جو کچھ

بھی ہوا تھا سب صدام کی آنکھوں کے سامنے تھا

حیا

البتہ اسے خوفزدہ نظروں سے دیکھ رہی تھی اور پیچھلے

دو ہفتوں سے وہ نتاشہ کی حرکات نوٹ کر رہی تھی جو

دن بادن خطرناک ہو رہیں تھیں۔۔حیا تو صدام

کے نکلتے

ہی وہاں سے چلی گئی۔۔۔

مگر اسنے نوٹ کیا تھا دروازہ بجتا رہتا تھا۔۔۔۔

جبکہ دروازہ کھلا تھا

وہ ڈرتے ڈرتے بولی "کیا ان میں آسیب آ گئے ہیں

"دماغ خراب ہو چکا ہے تمھارا

صدام نے اسے ڈپٹ دیا

یہ سب ڈرامہ تھا صدام کی توجہ حاصل

کرنے کے لیے

وہ باخوبی جانتا تھا مگر جب اسنے یہاں یہ کرنا

تھا تو

دوسری شادی کا کیوں خیال آیا تھا۔۔

زار افنین اور عینہ اسلام آباد کے لیے نکل رہے تھے

انس نے ان سب کو مسکرا کر الوداع کہا عالیہ بھی

کھڑی تھی مگر اسنے زیادہ۔۔ بھاؤ نہیں دیا کسی کو۔۔۔

اور کسی اور کو بھی اسکی ضرورت نہیں تھی سوائے

عینہ کے وہ ماں کیطرف بڑھی۔۔ عالیہ نے

سرسری سے

انداز میں اس سے مل کر اپنے کمرے کی راہ لے لی

اور۔۔۔

زار کی گاڑی میں وہ سب۔۔۔ ائیر پورٹ کے لیے

نکل گئے۔۔

"میں پہلی بار ائیر پورٹ کا سفر کروں گی زار

وہ ایکسائٹیڈ سی تھی

زار بس مسکرایا تھا دماغ تو وہیں لگا ہوا تھا۔۔۔پیچھے

وہ لوگ ائیر پورٹ پر آئے۔۔ تو وہاں صرف افنین

کی

ٹکٹس تھیں۔۔ اسنے ماں کے ہاتھ میں دے دی۔۔

افنین حیرانگی سے پوچھنے لگی۔۔۔ "تم دونوں

مما آپ جائیں۔۔۔ میں نہیں جا رہا اگر عینہ کو لے

کر

جانا چاہتی ہیں تو لے جائیں مجھے ڈیڈ کے ساتھ رہنا

"چاہیے عالیہ بھروسے کے لائق نہیں ہے۔۔

وہ بولا افنین نے بیٹے کیطرف دیکھا ہاں وہ اپنے باپ

سے بہت محبت کرتا تھا اور وہ۔۔ انھیں کسی صورت

کھونا نہیں چاہتا تھا۔۔

"م۔۔ میں بھی اپکے ساتھ چلوں گی

عینہ کو اسکی یہ بات اچھی نہیں لگی تھی تبھی

وہ بولی۔۔

انداز میں ناگواری تھی دونوں ماں بیٹے نے محسوس

کی تھی....

افنین ہلکا سا "ٹھیک ہے تم دونوں مت جاؤ

مسکرائی۔۔۔

وہ ماں سے ملا۔۔ "آپ خیال سے رہنا

"ہاں میں رہوں گی تم اپنے ڈیڈ کا خیال رکھنا

افنین بولی تو عینہ ملی اور عینہ کے سر پر ہاتھ رکھ

افنین کی فلائیٹ کا ٹائم ہو گیا تو وہ۔۔ ان دونوں کو

الوداع کہہ کر چلی گئی زار پلٹ گیا۔۔ اور کسی کو کال

ملانے لگا عینہ اسکی جانب دیکھ رہی تھی اس سے

سوال کرنا چاہتی تھی کہ اسنے ایڈی بات کیوں کی اس

کی ماں کے متعلق۔۔۔۔

ہاں میں گھر نہیں آؤں گا جو کام میں نے تمھیں کہا

ہے

وہ کسی سے پوچھنے لگا۔۔ "تم نے کر دیا

"اوکے۔۔ لیکن بہت احتیاط سے۔۔

اسنے کہا اور فون بند کر دیا۔۔۔

عینہ نے جاننا چاہا۔۔ "ہم گھر نہیں جائیں گے

زار نے جواب دیا اور گاڑی میں بیٹھا "نہیں

وہ پوچھنے لگی۔۔۔ "مگر کیوں

پتہ نہیں۔۔۔زیادہ سوال مت کرو تمھیں حیا کے

پاس

"رکنا ہے کچھ دن تو اپنے بھائی کے گھر چلی جاؤ

وہ سنجیدگی سے بولا

زار آپ کیسی باتیں کر رہیں ہیں مجھے کہیں نہیں جانا

اور آپ کیا سوچ رہے ہیں کیا کرنے کے ارادے ہیں

آپکے"

وہ زرا غصے سے پوچھ رہی تھی۔۔۔

زار نے اسکی جانب دیکھا۔۔۔۔

کس بات پر غصہ آرہا ہے تمھیں اگر تمھیں مما کے

ساتھ جانا تھا تو چلی جاتی میں نے تو تمھیں نہیں

وہ بولا "روکا تھا

میں ان کے ساتھ جانے کی بات نہیں کر رہی

آپ مما

پر کتنا بڑا الزام لگا رہے۔۔۔

اسکی بات بھی پوری نہیں ہوئی تھی کہ زار نے ایکدم

گاڑی روکی اور۔۔عینہ کا بازو سختی سے جکڑ لیا۔۔۔

میں اپنے ماں باپ کے بارے میں کمپرومائز کا

سوچوں گا

بھی نہیں یہ تم بہتر جانتی ہو اور ناجائز میں کسی

بھی

معاملے میں ٹانگ نہیں اڑاتا تو اپنی چیپ ماں کی

حمایت

وہ بھڑکا "کرنا بند کرو میرے سامنے

آپ کے لیے آپکے ماں باپ کی عزت ہے بس

میری کوئی

عزت ہے میری ماں میرے بھائی کی کوئی

عزت نہیں ہے

آپ ان کیطرف دیکھنا بھی اپنی توہین سمجھتے ہیں۔۔

وہ غصے سے اسے دیکھنے لگا "ہاں سمجھتا ہوں

سمجھتا ہوں کیونکہ تمھاری ماں اس جگہ پر ناگ بن

کر بیٹھی ہے جہاں میری ماں کو ہونا چاہیے تھا اور

تمھارا بھائی ایک بے حس۔۔۔اور بے عزت

انسان ہے جسے

۔۔۔یہ فرق نہیں پڑتا کہ اسکی ماں نے اس

عمر میں اس

کو چھوڑ کر دوسری شادی رچالی۔۔۔

زار وہ شادی آپکے ڈیڈ اور میری مما کی پسند سے ہوئی تھی

"

مجھے جیتنے کی ضرورت نہیں جانتا ہوں یہ سب

میں۔۔۔"

اسنے سر جھٹکا اور گاڑی دوبارہ سٹارٹ کی

اگر اس بار جو بھی میں نہیں جانتی آپ کیا سوچ رہے ہیں

جو بھی آپ سوچ رہے ہیں لیکن مما غلط ثابت نہیں ہوئی

تو۔۔۔ ہمارے درمیان معاہدہ ہو گا اور مجھے اسی معاہدے وہ ہمت کرتی بول گئ۔۔۔ تھی۔۔ "کے ساتھ رہنا ہے

زار۔۔ کی گرفت سٹیرنگ پر سخت ہوئی۔۔۔۔

اور اگر پھر سے تمھاری ماں غلط ثابت ہوئی۔۔۔۔۔

وہ اسکیطرف دیکھنے لگا "تو۔۔۔

ڈیڈ کے معاملے میں وہ کبھی غلط ثابت نہیں ہوں گی

وہ ان سے محبت کرتی ہیں اور محبت میں انسان وہ

"سب نہیں کرتا جو آپ سوچ رہے ہیں

عینہ باہر دیکھنے لگی

زار نے گاڑی کو یوٹرن لیا اور صدام کے گھر کے سامنے

گاڑی روک دی

عینہ زار کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

وہ کچھ نہیں بولا تھا غصے سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا

عینہ کو رونا آگیا۔۔۔

وہ اسکی تمام باتیں مانے تو وہ اسکے ساتھ خوش رہے

گا اور جب وہ اپنی ماں کے حق میں کچھ بولتی تھی

تب وہ ایسا اجنبی ہو جاتا تھا جیسے اسکے بارے میں

کچھ نہیں جانتا ہو۔

معاہدہ یہ ہی ہے میں غلط ثابت ہوا۔۔ تو ہمیں

ایک ساتھ

رہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ساری زندگی تو یہ ہی ہو

گا پھر۔۔اور اگر تم ثابت ہوئی تو میرا غصہ مجھے پاگل کر

کے رکھے گا۔۔"

وہ بولا اسکیطرف دیکھ بھی نہیں رہا تھا

میری محبت کی اہمیت بس اتنی ہی تھی آپکی نظر

میں"

عینہ کی آواز بھیگ گئ۔۔

میری محبت پر بھی تو تمھاری ماں کی محبت بیٹھی ہے

۔۔۔جس دن اچھے برے میں تمیز آجائے اس

دن بتا دینا

وہ بولا۔۔"مجھے

عینہ نے آنسو صاف کیے اور باہر نکل گئ اور زار نے ایک

منٹ بھی انتظار کیے بنا گاڑی باہر گھما لی۔۔۔

وہ جا چکا تھا عینہ وہیں کھڑی آنسو روکتی رہ گئ۔۔۔۔

وہ پلٹی۔۔۔اور دعا گو تھی صدام اندر نہ ہو۔۔۔

وہ اندر آئ تو گھر میں کوئ نہیں تھا گرمی زرا زیادہ تھی

وہ۔۔۔۔

اپنے روم کیطرف چل دی

حیا نے شاید اسے دیکھ لیا تھا عینہ حیا "ارے عینہ

کے

گلے لگ گئ۔۔۔

اور اس سے تو وہ کچھ چھپاتی نہیں تھی وہ بولی تو۔۔۔۔

حیا چپ سی رہ گئ۔۔۔۔

اور پیچھے سے ہنسنے کی آواز پر دونوں ایکدم مڑی تھی۔۔۔

آیا تمھیں مزاہ آئ تمھیں تمھاری اوقات یاد کے کہاں

زار

اور کہاں تم۔۔۔۔

یہ اس تمھاری دوست کو بھی اجائے گا جو یہ سمجھ

"رہی ہے میرا شوہر اسکا شوہر ہو چکا ہے

نتاشہ چیخی تو۔۔۔دونوں اسکی جانب دیکھنے لگی۔۔۔

حیا کو اس سے بحث نہیں کرنی تھی وہ یہ ہی تو

نوٹ

کرتی رہتی تھی کہ۔۔۔وہ۔۔۔آخر بحث کیوں نہیں کرتی

حیا نے عینہ کا ہاتھ پکڑا اور اپنی امی کے گھر لے آئی۔۔۔

عینہ تم عالیہ آنٹی کو جانتی ہو

مگر یہ سچ نہیں کہ وہ ہر بار غلط ہوں اور وہ ڈیڈ کے

معاملے میں انسکیور ہو رہے ہے وہ ان سے جتنی محبت

کرتی ہیں۔اور وہ کیا سوچے بیٹھے ہیں اور۔۔۔

وہ مجھے چھوڑ دینے کی بات کر رہے تھے آج۔۔۔

تم جانتی ہو وہ عینہ زار اپنے والدین کے لیے بہت

پوزیسیو ہے۔

وہ بولی۔۔

تو کیا میں اپنی ماں کے لیے نہیں ہو سکتی۔۔

ہو سکتی وہ مگر اس صورت میں جب تمھیں

پتہ وہ

تمھاری ماں کیا ہے تم جانتے بوجھتے۔۔انکھیں بند

کرتی

www.BestUrduBook.com

ہو خیر اب رونے کی ضرورت نہیں یہ تو سچ ہے وہ

آدمی

تمھارے بنا ایک پل نہیں رہ سکتا تو تم آرام سے رہو خود

حیا مسکرائے۔۔ "ہی چل کر آجائے گا

”ضد پر سجائے تو ساری زندگی بھی اکیلا رہ سکتا ہے

عینہ زار کو مناتی تھی تبھی بولی

”اچھا سوچو۔۔۔اوکے

اسکے پیار سے گال تھپتھپایا اسکا اور اسکے لیے کچھ

کھانے کو لینے چلی گئ۔۔۔

عینہ نے اپنی بھیگی آنکھیں صاف کیں۔۔۔

زار نے گھر میں جگہ جگہ ہیڈن کیمرے لگوا

دیے تھے

وہ نہیں چاہتا تھا کہ۔۔۔عالیہ کو پتہ چلے اور

اسی لیے

وہ اس بار عالیہ کو رنگے ہاتھوں پکڑا چاہتا تھا تاکہ اس

کی بیٹی اور اسکے باپ کے سامنے اس عورت کی اصلیت

کھلے مگر سوال یہ تھا حنین کے ساتھ ایسا کیا ہوا تھا

جو وہ ذکر کر رہی تھی۔۔

اس بارے میں اس کے بچے نہیں جانتے ورنہ عینہ کبھی

بھی اس ذکر کو زار سے کیے بنا نہیں چھوڑتی

وہ جاننا چاہتا تھا یہ حنین کا کیا کیا تھا۔۔

اور کس قسم کی عورت تھی وہ سوچنے لگا تھا۔

وہ اپنے آفس کے روم میں تھا اس وقت۔۔۔

اور بیڈ پر لیٹا یہ ہی سوچ رہا تھا اسکے لیپ ٹاپ پر گھر

کی صورتحال چل رہی تھی عالیہ اس وقت سو رہی تھی

زار کو تو ایک منٹ کے لیے اسکا وجود برداشت نہیں تھا

پھر بھلا وہ اتنی دیر اسے بیٹھ کر کیوں دیکھتا نگاہ ہٹا

کر اسنے سوچ و بچار پر توجہ دی۔

اور اچانک ایک عورت کا جھپاکا سا ہوا اور اسکا انداز

تھا کہ وہاں سے کچھ نہ کچھ جاننے کو مل جائے گا۔۔

وہ ایکدم اٹھ کر بیٹھا۔۔ تو سکرین پر۔۔ عالیہ دوبارہ فون پر کسی سے بات کرتی دیکھائی دی وہ اسفر سے ہی کر

رہی ہو گی۔۔۔

اسنے سوچا اور۔۔ اور اسکے بعد اسنے سیل فون

پھینک

دیا اور وہ پھر سے۔۔۔۔ سو گئ

اور زار اٹھا۔۔۔ اور۔۔ اب اس کھوج میں نکل گیا

تھا کہ

حنین کا قصہ کیا ہے۔۔۔

وہ دوبارہ ایک بار پھر سے پندرہ منٹ میں عینہ کے

دروازے

کے سامنے تھا۔۔۔

اگر اندر عینہ ہوئ تو وہ کیا جواب دے گا وہ نہیں جانتا

تھا اسنے دروازہ بجایا۔۔۔ اور دروازہ کھلا۔۔ تو سامنے

نتاشہ

تھی تو یہ ہی شکار تھا اسکا۔۔۔

اسنے نتاشہ کو دیکھا پیچھے کوئ نہیں تھا نتاشہ اسے

دیکھ کر مسکرائ

زار۔۔نے گھیرہ سانس بھرا۔۔۔

"تمھارے پاس وقت ہے تو میرے ساتھ چلو

وہ اپنے مخصوص لہجے میں بولا۔۔

نتاشہ کو تو غش پڑنے لگے وہ اس سے بات کر رہا تھا

واقعی اس سے۔۔۔۔

تو تمھیں کیا میری شکل میں اپنی بیوی دیکھائی دے

رہی

"ہے جو مجھ سے ایسے بات کر رہے ہو

اسکا پاگل پن ختم ہو گیا تھا۔۔۔اور وہ خوش تھی۔۔۔

اسنے اپنے بال سنوارے۔۔۔۔

"میں کسی کی شکل میں کسی کو نہیں دیکھتا

وہ کہہ کر پلٹ گیا اور نتاشہ جلدی سے۔۔وہاں سے

باہر

نکلی تبھی حیا اور عینہ بھی دوبارہ گھر آنے لیے نکلی

تھیں اور عینہ ساکت رہ گی یہ منظر دیکھ کر دھچکا تو

حیا کو بھی لگا تھا۔۔۔۔دوسری طرف نتاشہ کی

اتراہٹ

دیکھنے لائق تھی وہ اتراتی ہوئی۔۔۔۔۔۔اسکی گاڑی میں

سوار ہوئی اور زارنے عینہ کی بے یقین نظروں سے نگاہ

چرا کر گاڑی

پیچھے موڑلی

وہ وہاں سے جا چکا تھا اور عینہ پر صرف دھول رہ

گئ تھی۔۔

نتاشہ مسکرائی "خیریت ہے یہ بدلنے کا پلین ہے

ہاں بور ہو گیا ہوں اس سے۔۔ ہر وقت کا رونا دھونا ہر

وقت میسنی بنی رہتی ہے۔۔ مجھے لگا میں نے فیصلے

وہ مصنوعی مسکرایا "میں جلدی کر دی

تو نتاشہ ہنس دی

ہاں جلدی تو تم نے کر دی مگر کوئ نہیں وقت ہاتھ سے

تو نہیں گیا۔۔ تم چاہو تو اب بھی بہت کچھ ہو سکتا

ہے"

نتاشہ نے زار کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا زار نے اپنے ہاتھ کی

طرف دیکھا پھر اسکیطرف دیکھا اور۔۔پھر

۔۔۔وہ سامنے

دیکھنے لگا۔۔۔

نتاشہ تو پھولے نہیں سما رہی تھی۔۔۔

اسے لگ رہا تھا وہ ہواؤں میں ہے جو اسنے چاہی تھی

چیز

وہ خود چل کر اسکے سامنے اگئ۔۔۔

نتاشہ نے پوچھا "تو ہم کہاں جا رہے ہیں

زار بے زار تھا مگر واضح نہیں کرنا "جہاں تم کہو

چاہتا

تھا۔۔۔۔۔۔

نتاشہ کھل کر ہنسی۔۔۔۔

ام ام اب میں تمھیں کسی ہوٹل کے جانے کا تو نہیں

کہہ

وہ بولی تو۔۔زار نے اسکیطرف دیکھا اور نتاشہ "سکتی

بے ہنگم ہنس رہی تھی یہ بہت مشکل تھا زار کے لیے

نتاشہ کو برداشت کرنا۔۔۔

"ایک بات بتاؤ صدام اگر ہمارے بیچ آگیا تو

زار نے سوالات شروع کیے

اسکی اتنی اوقات نہیں وہ حیا کے پیچھے پاگل ہو رہا ہے

۔۔اور ٹھیک ہے رہے اسکے پیچھے پاگل نتاشہ نہیں

جانتی

تھی ڈیش بورڈ کر رکھا فون سب ریکارڈ کر رہا ہے۔۔

گڈ ایسی ہی بریو اور بولڈ لڑکیاں مجھے پسند ہیں عینہ

اسنے سر جھٹکا "نہیں

تو نتاشہ پھر سے ہنس دی۔۔۔

تو تمھاری دشمنی عالیہ سے ختم ہو گئی۔

نتاشہ کو بھی خیال آیا زار مسکرایا وہ اسکا کام آسان

کر رہی تھی

وہ بولا۔۔۔۔نتاشہ نے سر ہلایا "نہیں

اور میں چاہتا ہوں جسے میں دشمن سمجھو تم بھی

اسے

دشمن سمجھو عینہ کیطرح اسکی حمایت مت کرو

۔۔۔

میں کیوں کروں گی اسکی حمایت سخت زہر لگتی ہے

نتاشہ بھڑکی "مجھے۔۔وہ عورت۔۔

زار نے بے ساختہ پوچھا نتاشہ اسے دیکھنے لگی "کیوں

۔۔۔۔

میرا مطلب۔۔

میرے پاس وجہ ہے وہ میری ماں کی جگہ پر

کیوں آئی

زار پوچھنے لگا "تمھارے پاس کیا وجہ ہے

"بنا وجہ کے بھی کچھ لوگ برے لگتے۔۔۔ ہیں۔۔۔

وہ سر جھٹک کر بولی

زرا چپ ہو گیا۔۔

نتاشہ نے اسکے بازو میں بازو ڈالا۔۔

زار نے مٹھیاں بھینچ لیں

وہ بولی "مجھے تو یہ وہی خواب لگ رہا ہے

اسنے "بعض خواب حقیقت ہونے کے لیے ہوتے ہیں

کہا تو

۔۔۔نتاشہ مسکرائے

اسنے گھیرہ سانس لیا "واقعی

نتاشہ پوچھنے لگی زارنے "تم عینہ کو کب طلاق دوگے

چونک کر اسکو دیکھا

نتاشہ بھی اسی کیطرف دیکھ رہی تھی

وہ بولا "اسے چھوڑنا ضروری تو نہیں

ہے ضروری میں کسی دوسری عورت کو تمھاری زندگی

میں

"برداشت نہیں کروں گی کہ تم کسی کے ناز نخرے اٹھاؤ

وہ سر جھٹک کر بولی تو۔۔۔۔

زارنے گھیرہ سانس بھرا

وہ بس اتنا ہی بولا۔۔۔ "چھوڑ دوں گا

اور گاڑی ایک ریسٹورنٹ کے سامنے روکی

دونوں بیٹھ گئے اور زار نے اسے کھانا آرڈر کرنے کو کہا

نتاشہ خوشی سے پھولے نہ سمائی جبکہ زار موبائل پر سی

سی ٹی وی دیکھنے لگا عالیہ اب بھی سو رہی تھی

زار نے نتاشہ کیطرف دیکھا

وہ پوچھنے لگا "تم ڈرنک کرتی ہو

نتاشہ نے حیرانگی سے دیکھا

وہ بولی "نہیں

"مگر مجھے مسزہ کرنے والی لڑکیاں پسند ہیں

وہ آنکھ دبا کر بولا۔۔یہ سب ریکارڈ ہو رہا تھا

وہ مسکرائی "تو میں تمھارے لئے نشہ بھی کروں گی

دی گریٹ۔۔

زار اٹھا اور دونوں کے لیے بئیر کے کین اسنے بائے کیے

نتاشہ کے لیے یہ فرسٹ ٹائم تھا اور وہ بیت

ایکسائیٹڈ

بھی تھی۔

زار نے اسے پینے کے لیے کہا اور خود بھی پینے لگا

یہ بئیر نہیں تھی بوتل میں اسنے نشہ آور چیز

ملائی جس

کا ذائقہ زرا مختلف تھا اور نتاشہ کو بئیر ہی لگی

زار اسے پلاتا گیا وہ پیتی گئی اس خوشی میں وہ اسے

اپنے ہاتھ سے پلا رہا تھا جب وہ مکمل نشہ میں

دھت ہو

گئی زار اسے ایک روم میں لے گیا نتاشہ بے صبری

سی اس

کے سینے سے لگ گئی

زار نے اسے بیڈ پر پھینکا

نتاشہ کا خواب پورا ہو رہا تھا۔۔۔

"مجھے عالیہ کی حقیقت بتاؤ

اسنے نشے میں دھت نتاشہ کا گال جکڑ کر سوال

کیا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

نتاشہ نے زار کی گردن میں بازو ڈالے اور اسے اپنی

جانب کھینچا مگر زار نے۔۔۔اسکے دونوں ہاتھوں کو

www.BestUrduBook.com

سختی سے گرفت میں جکڑ لیا۔۔۔

"نتاشہ

وہ بڑی چاہت سے اسے ٹریپ کرتے بولا تھا۔۔

زار۔۔۔ت۔۔تم مجھے آج جو کرنے کو کہو گے می۔۔میں

وہ لڑکھڑاتے لہجے میں بولی تھی "کر جاؤ گی

تو شاباش بتاؤ مجھے عالیہ اور حنین۔۔۔۔۔ کی

کیا

کہانی ہے"

وہ اسکا گال تھپتھپا کر بولا جس کی آنکھیں بند

ہو رہیں تھیں۔۔۔۔۔

نتاشہ مدھم سا مسکرائی اور تھوڑی دیر کچھ

نہیں بولی۔۔۔

زار نے پھر سے اسکا گال تھپتھپایا۔۔۔

"چلو یار بتاؤ زرا۔۔۔۔ حنین کیسے مرا ہے

وہ اب محبت سے سوال کرنے لگا۔۔۔۔

نتاشہ نے اسکیطرف دیکھا مندی مندی آنکھوں سے

وہ ہنسنے لگی۔۔ "حنین۔۔۔یعنی میرا سسر

زار نے سر ہلایا۔۔۔۔۔

"اسے۔۔۔اسے عالیہ نے مارا ہے۔۔۔۔وہ بھی

وہ پھر سے ہنسنے لگی۔۔۔

زار کی گرفت اسکے منہ پر ایکدم سخت ہوئی۔۔ "وہ بھی

کیونکہ وہ۔۔اسکے مطلب پر نہیں ارہی تھی۔۔

وہ بھی زہر زہر دے کر تڑپا تڑپا کر۔۔

بھلا حنین جیسا کم شکل وصورت اور کم مال و دولت

"والا انسان اسکے کس کام کا تھا۔۔۔۔

اسنے ہنس کر زار کیطرف دیکھا۔۔۔

زار بے چینی سے جیسے اسکے حلق میں انگلی ڈال "آگے

کر سب نکلوا دینا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔

آگے آگے۔۔۔عالیہ۔۔۔۔نے انس کو دیکھ لیا تھا

جان

بوجھ کر انس کو دیکھنے کے بعد سوئی ہوئی محبت

جاگ گئی۔۔۔

پتہ نہیں محبت تھی بھی یہ نہیں۔۔۔۔۔اسنے

حنین سے

جان چھڑانا اور انس کے پیسے کی لالچ میں۔۔۔۔آگے

بڑھنے کو ایک جان کو مار دیا۔۔۔

خیر وہ عورت۔۔۔۔ہے ہی اتنی گئی گزری لوگوں کی جان

لے سکتی ہے وہ اپنے راستے سے ہٹانے کے لیے۔۔

کئی بار تو میرے شہزادے تمھاری جان لینے کی

کوشش

بھی کی ہے۔۔۔

تمھیں الرجی تھی سنہ۔۔۔اور سیریس نوعیت کی اسنے

ہر ممکن طریقے سے تمھارے کھانے میں جان

بوجھ کر

اضافہ کیا تاکہ تم۔۔۔مر جاؤ۔۔۔

وہ چاہت بھری نگاہ اسکی نگاہوں "مگر تم جوان ہو۔

میں ڈال گئ۔۔۔۔

زار کچھ نہیں بولا گویا ضبط سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

تمھاری ماں کو مارنے کی کوشش کی اسکے کھانے میں

۔۔۔۔۔

بھی بیماری کی حالت میں چیزوں کا اضافہ کر

کے۔۔مگر

۔۔۔وہ بھی بچ گئ۔۔۔۔۔

وہ وہ تو اپنے بچوں کو بھی پسند نہیں کرتی ایسی خود

وہ مسکرائی "غرض عورت ہے اور یقین مانو۔۔۔

تمھیں ہمارے راستے سے عینہ کو ہٹانے کی ضرورت

نہیں

"وہ تو عینہ کو خود ہی ختم کرا دے گی

وہ کھکھلائی

زار کی برداشت جواب دے گی

اسکا منہ جکڑ کر۔۔ گویا اسکی گردن بھی دبا دینا

چاہتا تھا۔۔۔

"کیا مطلب ہے تمھارا عینہ اسکی بیٹی ہے

ہاہاہاہا "بیٹی

سخت زہر لگتی ہے عینہ اسے۔۔ کیونکہ تمھارے پاس

زیادہ مال و دولت ہے تمھارے باپ کی نسبت۔۔۔ وہ تو

۔۔۔ تمھیں عینہ کو صدام کو مجھے ہم سب کو مار دینا

چاہتا ہے کیونکہ وہ ڈائین ہے ایسی ڈائین کو لوگوں کو

کھا جاتی ہے"

وہ ہنستی رہی۔۔زار کی پیشانی پر پسینے امڈ آئے یعنی

اسکا شک غلط نہیں تھا۔۔۔۔

وہ۔۔۔باہر کیطرف نکلنے لگا۔۔

دل نے۔۔۔بے تابی سے دھڑکتے ہوئے اسے پکارہ "عینہ

تھا

اور وہ وہاں سے بھاگتا ہوا نکلا۔۔۔۔۔

جبکہ نتاشہ پیچھے سے چلائی تھی

لیکن وہ تو نکل گیا تھا۔۔۔ "زار

اسنے سب سے پہلے آفس منیجر کو کال کی تھی۔۔

گاڑی میں چابی لگا تا وہ۔۔۔۔عجلت "وئیر از ڈیڈ

میں

پوچھنے لگا

اسنے بتایا "سر ابھی آفس سے گھر کے لیے نکلے ہیں

وہ شدید غصے میں لگا تھا۔۔ "واٹ دا ہیل

اسنے گاڑی گھمائی سمجھ نہیں آیا پہلے عینہ کے پاس

جائے یہ باپ کے پاس۔۔اسکی پیشانی پہلی بار

پسینے

سے بھر چکی تھی۔۔۔وہ گاڑی جو دوڑانا چاہتا تھا

۔۔۔۔

ایسے کے۔۔۔وہ اڑ کر دونوں کے پاس پہنچ جائے اور وہ

سیو کرلے دونوں کو۔۔

اسنے پہلے گھر کی راہ لی تھی۔

عالیہ نے انس کو جلدی بلایا تھا انس نے اسکی آواز سنی

تانیہ طاہر ناولز

اسکی آواز میں وہ ہی محبت وہی نرمی وہ ہی چاہت تھی جیسے پہلے روز تھی وہ اسے گھر بلا رہی تھی انس شاہ مسکراتے اٹھ گئے اور گھر کی راہ لے لی دوسری طرف عالیہ نے انکے لیے کھانا بنایا اور انکے کھانے میں۔۔۔۔

وہ۔۔۔ مسکراتے ہوئے۔۔۔۔ زہر کی کافی مقدار۔۔۔۔ ڈال رہی تھی۔۔۔۔

اسکی آنکھوں میں ایک جنون سا تھا

یہ گھر میرا ہو جائے گا۔۔۔ یہ جائیداد یہ

۔۔۔۔سب یہاں

وہ خود بخود ہنسنے لگی۔۔۔ "کی ملکہ میں بنو گی

باہر گاڑی کے روکنے کی آواز محسوس ہوئی وہ مسکرا کر

باہر آگئی۔۔۔۔

اور انس شاہ کو دیکھا۔۔جو اندر آرہے تھے۔۔۔

بار بار زار کی کال آرہی تھی انھوں نے فون اٹھایا مگر

عالیہ نے فون چھین لیا

"آج کوئی نہیں بس آپ اور میں

اسنے فون سوئچ آف کر کے ایکطرف پھینک دیا

انس شاہ ہنس دیے۔۔۔ "ہاہاہا

"اچھا مگر شاید اسے ضروری کام ہو

وہ بولے وہ انکا ہاتھ تھام کر ٹیبل کی جانب لے

جانے لگی۔۔۔۔

"مجھے زیادہ کوئی کام ضروری نہیں ہے

عالیہ نے کہا تو انس شاہ پھر سے مسکرائے

وہ بولے "ویسے بھوک بھی کافی لگی تھی

آج اچھے سے کھائیں یہ سب تو آپ کے لیے ہی

بنایا ہے"

وہ۔۔۔اسکا چہرہ دیکھنے لگی۔۔۔۔

انس مسکرا دیے

یہ۔۔۔اتنا کیوں مسکرایا

انس شاہ نے اسے دیکھا۔۔۔ "جا رہا ہے

اسنے کھانا انس شاہ "آج میں خوش ہوں انس کی

پلیٹ میں ڈالا۔۔۔

میں بہت خوش ہوں آج مجھے وہ مل جائے گا جو

وہ معنی خیز لہجے میں بولی "مجھے چاہیے

تمھیں کیا چاہیے انس شاہ نے لقمہ چھوڑ کر اسکی

طرف دیکھا

وہ۔۔۔۔بولی۔۔۔۔ "آپ

انس شاہ مسکرائے۔۔۔۔۔

اور۔۔۔۔اس سے پہلے وہ۔۔ایک لقمہ۔۔منہ

میں لے

کر جاتے کہ۔۔۔اندر زارا داخل ہوا۔۔۔

بلند آواز میں چیختے ہوئے بولا۔۔سانسیں پھولیں "ڈیڈ

ہوئیں تھیں۔۔۔۔

اور اسکی شرٹ بھی پسینے سے بھیگی ہوئی تھی۔۔۔

انس شاہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔

اور ایکدم کھڑے ہو گئے۔۔۔۔

"زار

عالیہ نے حونک چہرے سے زار کو دیکھا۔۔ تھا

۔۔ یہ کہاں

سے ٹپک پڑا تھا۔۔ اور کیوں آیا تھا۔۔۔

وہ سمجھ نہیں سکی۔۔۔

وہ حیرانگی سے پوچھنے لگے۔۔ "تم گئے نہیں

زار مسکرادیا اسنے اب تک عالیہ کو "نہیں

نہیں

دیکھا تھا اور بے ساختہ باپ کے گلے لگ گیا

۔۔وہ نہیں

جانتا تھا اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کا کتنا شکر

گزار تھا

اسنے پوچھا "آپ ٹھیک ہیں

ہاں بھئ میں ٹھیک ہوں مجھے کیا ہونا ہے تمھاری ماں

"ٹھیک ہے

انس شاہ فکر مندی سے بولے عالیہ نے ترچھی

نظروں

سے دیکھا۔۔۔

وہ یہ ملن کافی تعجب سے دیکھ رہی تھی

زار نے اب بھی عالیہ کو نہیں دیکھا

وہ اب اپنی سانسوں کو ہموار کرتا "کھانا کھا رہے تھے

پوچھنے لگا۔۔

انس شاہ نے سر ہلا کر کھانے کیطرف دیکھا

اب زار نے عالیہ کو "چلیں اکٹھے کھاتے ہیں

دیکھا۔۔۔

وہ بولے "پہلے تم بتاؤ تم نہیں گئے

وہ مسکرایا۔۔ "نہیں۔۔یار۔۔۔

"باقی باتیں بھی ہوتی رہیں گی ابھی کھانا کھاتے ہیں

وہ ہنسا

عالیہ۔۔۔ مسکرائی اچھا تھا دونوں ساتھ ہی مسر

جاتے

اسنے زار کے آگے پلیٹ رکھی "میں دیتی ہوں تمھیں زار

۔۔

زار نے خون آشام نظروں سے عالیہ کو دیکھا

وہ بولا۔۔۔ "آپ بھی بیٹھیں ہمارے ساتھ کھائیں

بگڑی بڑی آنکھوں میں انتقام لیے وہ اسے دیکھ رہا تھا

عالیہ۔۔۔کے رنگ فق سے ہوئے

م۔۔۔ میں میں تو ابھی ناشتہ کیا ہے بس انس

کے لیے

۔۔ "آج کھانا بنانے کا دل ہوا تو بنا لیا

اسنے آنکھیں گھمائی۔۔۔۔

گریٹ بٹ ایسے اچھا نہیں لگتا کہ ہم دونوں کھائیں

اور آپ نہ کھائیں۔۔پلیز تھوڑا بہت تو اپکو لینا

ہو گا

زار نے خود ہی۔۔اٹھ کر اسکے لیے پلیٹ "ہمارے ساتھ

ارینج کی اور اسکے سامنے رکھ دی۔۔۔

"زار مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔ تم اور انس کھاؤ۔

عالیہ نے۔۔۔پلیٹ ایسے دور کھسکائی گویا چھو بھی لایا

تو مر جائے گی۔۔۔

ارے آپ۔۔۔میرے ڈیڈ کی وائف ہیں مجھے آپ

سے

سارے اختلافات ختم کرنے ہیں سمجھے آج اسی

لیے

آیا ہوں۔۔ڈیڈ آپ دیکھیں نہ انکے دل میں شاید

میری

"لیے کوئی گنجائش نہیں وہ یہ کچھ نہیں لے رہیں

وہ باپ کیطرف دیکھنے لگا

انس مسکرائے۔۔

لے لو عالیہ ایک اچھا قدم میرا بیٹا اٹھا رہا

ہے۔۔۔۔تو

انس شاہ نے "تم بھی سب بھلا کر اسکا ساتھ دو کہا

عالیہ کے حلق میں جیسے سانس اٹک گئ

زار نے معصومیت سے باپ کی جانب دیکھتے عالیہ کو

دیکھا۔۔انس نے پھر سے لقمہ بنایا

ڈیڈ آپ کو اتنے مینرز بھی نہیں پتہ لیڈیز فرسٹ ہوتی

ہیں" وہ ہنسا۔۔۔

انس شاہ۔۔۔ بھی ہنس دیے

چلو جی آج ہمارا بیٹا ہمیں ٹیبل مینرز سیکھا رہا ہے

چلیں مس آپ پہلے لیں پھر ہم شروع کرتے

ہیں" ۔۔۔

انس شاہ بھی عالیہ کو دیکھنے لگے

عالیہ پھیکا پھیکا سا ہنسنے لگی اسکی پیشانی پر

پریشانی سے پسینے کی بوندیں ابھرنے لگیں۔۔۔۔

وہ کھانے کی پلیٹ کو دیکھ رہی تھی

اس میں التنی مقدار میں زہر تھا۔۔ کہ۔۔۔۔ اگر وہ

ایک

لقمہ منہ میں رکھ لیتی تو اگلے ایک گھنٹے میں

تڑپ

تڑپ کر جان دے دیتی۔۔۔۔

انس نے اسکا ہاتھ تھاما۔۔ "کیا ہوا عالیہ

زار نے بھی سوال کیا۔۔۔۔ "کیا کوئی ایشو ہے

عالیہ نے زار کیطرف دیکھا

اسکی آنکھوں میں اور لبوں پر ایسی مسکان تھی کہ۔۔۔۔

عالیہ کا بس نہیں چلا یہ پلیٹ اسکے سر پر
مار دے

اسنے۔۔پلیٹ "میں یہ کھانا نہیں کھا سکتی
دور کر دی

زار معصومیت کی انتہا پر تھا۔۔۔۔ "کیوں
جبکہ اندر ہی اندر شعلے بھڑک اٹھے تھے کے اسکا
شک
درست تھا وہ اسکے باپ کو بھی مارنے کے لیے اس
کھانے میں زہر ملا چکی تھی۔۔۔۔
"کیونکہ کچھ نہیں کوئی وجہ نہیں
وہ بھڑک کر کہتی وہاں سے اٹھ کر کمرے میں بند
ہو
گئی اسکا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا

انس شاہ حیران تھے کہ یہ کیوں ہوا

وہ۔۔کیوں اٹھ کر گئ آخر مسلہ کیا ہے۔۔۔۔

زار نے البتہ گھیرہ سانس لیا۔۔۔

باپ کے ہاتھ سے لقمہ لے کر ایکطرف رکھ کر۔۔۔

سکینہ کو پکارہ

وہ بولے "سکینہ کو تو تمھاری ماں چھٹیاں دے گئ ہے

زار چلایا۔۔ "راؤف

راؤف بھاگتا ہوا اندر آیا۔۔۔

وہ بولا۔۔۔ "میرے کتوں کو لاؤ

تو راؤف نے سر ہلایا۔۔۔۔۔

"ہو کیا رہا ہے یہ سب مجھے کچھ سمجھ نہیں ارہی

انس شاہ کو کسی گڑبڑ کا احساس تھا۔۔۔

زار نے انکے ہاتھ خود پکڑ کر صاف کرائے۔۔

فکر کی بات ہے یار۔۔۔زار انس شاہ اندھا نہیں ہے۔"

وہ باپ کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

انس شاہ اسکی کسی بات کا مطلب نہیں سمجھے تھے

۔۔

عالیہ اندر کانپنے لگی تھی

اس زار نے جان بوجھ کر یہ سب کرایا تھا۔۔

جان بوجھ کر وہ یہاں آیا۔۔

مگر اسے پتہ کیسے چلا۔۔۔

وہ یہ ہی سوچ رہی تھی تھوڑا سا دروازہ کھول کر اسنے۔۔۔۔

باہر جھانکا

زار اپنے ایک کتے کی جانب دیکھنے لگا

ایم سوری۔۔مجھے معاف کر دینا۔۔مگر یہاں

ثبوت کے

"بنا کوئی بھی بات فائدہ مند نہیں

وہ بہت اداسی سے اپنے کتے کے کان میں بولا تھا جو

اسکے پاؤں میں لیپٹ رہا تھا اسکا دل کانپنے لگا۔۔

اور اسنے وہ پلیٹ کتے کے سامنے کر دی

دونوں کتے کھانے کے سالن کو چاٹنے لگا اور گوشت

بھی

کھانے لگی

انس شاہ خاموش کھڑے یہ تماشہ دیکھ رہے

تھے

صرف تین منٹ گزرے تھے ایکدم دونوں گیر پڑے۔۔۔

زارا انھیں سرخ نظروں سے دیکھ رہا تھا

تڑپ تڑپ کر۔۔دونوں کی جان نکالنے لگی۔۔

زار کی آنکھیں مزید سرخ ہو گئیں

انس شاہ کی آنکھیں البتہ پھٹ گئیں تھیں

جیسے بے یقینی کا ایک پہاڑ انکے سر پر اگیرہ ہو۔۔

کتوں کی جان نکل گئ تھی

زار کا ایک آنسو انپر گیرہ تھا اسنے ان کتوں کو پیار

کیا۔۔۔اور۔۔۔راوف جو خود خوفزدہ نظروں سے

زار

کو دیکھ رہا تھا۔۔اسے ان کتوں کی لاشوں کو وہاں سے

لے جانے کا کہا۔۔

وہ تو اپنے کتوں کا دیوانہ تھا راوف نہ سمجھی سے

دیکھنے لگا

زار کچھ نہیں بولا تھا۔۔۔

اور انس شاہ۔۔۔۔ کی جانب دیکھا۔۔

وہ بات مکمل نہیں کر سکے "اس۔۔ کھانے میں

زار نے بات مکمل کی۔۔۔ "زہر تھا

عالیہ۔۔۔۔ نے دروازہ بند کر لیا۔۔

اسکا سارا کھیل ختم ہو گیا تھا وہ بھی زار انس

شاہ

کی وجہ سے۔۔۔۔

وہ چیخی۔۔۔۔ "زار زار زار

جبکہ۔۔۔۔ زار باپ کے سینے سے لگ گیا۔۔

آپ زندہ ہیں ڈیڈ میرے لیے اس سے زیادہ اور کچھ بھی

وہ اپنے کتوں سے غم میں بھی تھا "قیمتی نہیں

انس شاہ چیئر پر ڈھے گئے

آج مجھے سب مل جائے گا آج میں بہت خوش

ہوں۔۔

انکے کانوں میں عالیہ کی آواز گونجنے لگی۔۔۔

اور

۔۔انس شاہ کو لگا انکا دم۔۔ گھٹ رہا ہو۔۔۔

زار نے انکا سرد پڑتا چہرہ تھاما "ڈیڈ

خود انکے لئے پانی لایا اور زبردستی پلایا۔۔

وہ حیرانگی کی "ی۔۔ یہ عورت مجھے مارنا چاہتی تھی

انتہا پر تھے۔۔

زار نے سر ہلایا "ہاں

اسنے حنین کو آپکے لیے جان سے مارا تھا بلکل اسی

طرح۔۔۔۔

زار بولا تو انس شاہ کو دوسرا بڑا دھچکا لگا۔۔۔

"تم تمھیں یہ سب کیسے۔۔۔

وہ شاید معاملے کی تہہ تک پہنچنا چاہتے تھے زار نے

بنا کسی خوف خطر کے وہ آڈیو۔۔جہاں سے ڈیڈ کو سنانے کی تھی وہاں سے کھول کر

۔۔انکے سامنے رکھ دی

عالیہ بھی سب سن رہی تھی۔۔۔

اسنے دروازے کا ہینڈل پکڑ لیا۔۔

اسے لگا وہ چکرا کر گر جائے گی اور اسطرح اسکا بھانڈا

کھلنا تھا اسے یقین نہیں آیا۔۔۔

وہ۔۔مٹھیاں بھینچ گئ

نتاشہ اس نتاشہ دو ٹکے کی لڑکی کو تو وہ جان سے

مار دے گی۔۔

اسنے ہذیانی سی کیفیت میں دیوار پر مکے برسانے

شروع کر دیے۔۔۔

انس شاہ۔۔اپنا سر تھام گئے۔۔۔۔۔

زار خاموش تھا۔۔وہ چاہتا تھا اب جو بھی کریں

انس

شاہ خود کریں۔۔۔۔

وہ اٹھے۔۔۔۔

اور اپنے کمرے کیطرف چلنے لگے زار انھیں وہیں سے

دیکھ رہا تھا

انھوں نے ایک جھٹکے سے دروازہ کھولا اور۔۔عالیہ جو فق چہرے سے کھڑی تھی یہ سوچ رہی تھی کہ

کرنا کیا ہے۔۔

کہنا کیا ہے۔۔۔۔

وہ ایکدم انس شاہ کو دیکھ کر۔۔۔۔کانپنے سی گئ۔۔۔

"تم مجھے مارنا چاہتی تھی

وہ اسکی جانب دیکھنے لگے

انس یہ یہ سب جھوٹ ہے میں میں نے

ایسا کچھ نہیں

کیا۔۔۔

میں نے کسی کو نہیں مارا میرا یقین کریں یہ زاریہ

"زاریہ کمینا جھوٹ بول

ایک کھینچ کر تھپڑ پڑا تھا اسکے منہ پر اور وہ دور

جا گیری۔۔۔

"میرے بیٹے کا نام اپنی نیچ زبان سے لینا بھی مت

یہ انس شاہ کی دھاڑ تھی۔۔۔

اور یہ وہ منظر تھا جو وہ بچپن سے دیکھتا آیا تھا اپنی

ماں کے ساتھ انس شاہ۔۔۔اسکو۔۔کس طرح

زلیل کرتے

تھے۔۔۔۔

زارو ہی سے کھڑا یہ منظر دیکھ رہا تھا

سمجھی تم میرے بیٹے کا نام بھی زبان سے لیا تو گدی

سے زبان کھینچ لوں گا ڑھا"

اسکی گردن انس شاہ نے دبوچ لی۔۔۔۔۔

میں تمھیں طلاق دیتا ہوں۔۔۔

اس گھٹیا اور نیچ رشتے۔۔۔۔ کو نہ رکھنے کی وجہ سے

